★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 15 ہفتہ 18 جمادی الثانی 1446ھ 21 دسمبر 2024ء 4 پوہ 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) شمارہ نمبر 66

فرمانِ الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا تجاوزات کو مستقل بنیادوں پر ختم کرنے کا حکم

تمام شہروں میں اوور ہیڈ برج اور انڈر پاس کی بیوٹیفکیشن کی ہدایت، تعلیمی اداروں کے سامنے سڑک پر زیبرا کراسنگ کیساتھ کیٹ آئیز بھی لگانے کا حکم

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا مین ہول پر پلاسٹک سے بنے ڈھکن لگانے کا حکم، صفائی اور اشیائے ضروریہ کے نرخ کی مسلسل مانیٹرنگ کی ہدایت

راولپنڈی شہر میں بیوٹیفکیشن کیلئے نمایاں اقدامات کیے جائیں، راولپنڈی، جہلم، مری اور چکوال کے ڈپٹی کمشنرز نے کے پی آئیز کے مطابق رپورٹس پیش کیں

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا، جس میں کی پرفارمنس انڈیکٹر کے مطابق راولپنڈی ڈویژن کی کارکردگی کی جائزہ رپورٹ پیش کی گئی

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں کی پرفارمنس انڈیکٹر کے مطابق راولپنڈی ڈویژن کی کارکردگی کی جائزہ رپورٹ پیش کی گئی اور اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سرگودھا اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر1

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو راولپنڈی ڈویژن کے ڈپٹی کمشنرز کی پی آئی پرفارمنس رپورٹ پیش کی جارہی ہے

لانگ رینج بیلسٹک میزائل پروگرام کی حمایت سے انکار دیرینہ پالیسی ہے، امریکا

امریکا عالمی عدم پھیلاؤ کے نظام کو برقرار رکھنے کیلئے پُرعزم ہے، نائب ترجمان محکمہ خارجہ ویدانت پٹیل

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ کے نائب ترجمان ویدانت پٹیل کا کہنا ہے کہ لانگ رینج بیلسٹک میزائل پروگرام کی حمایت سے انکار دیرینہ پالیسی ہے۔ نائب ترجمان امریکی محکمہ خارجہ ویدانت پٹیل نے پریس کانفرنس میں کہا کہ امریکا عالمی عدم پھیلاؤ کے نظام کو برقرار رکھنے کیلئے پُرعزم ہے۔ ویدانت پٹیل نے کہا کہ پاکستان امریکا کا اہم شراکت دار ہے، پاکستان کے بیلسٹک میزائل پروگرام سے متعلق تحفظات واضح ہیں۔ یاد رہے کہ نئے منتخب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اقتدار سنبھالنے سے ایک ماہ قبل امریکا نے میزائل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر3

یکجہتی، ہمدردی اور مساوات کا قیام ہی بہتر اور پرامن معاشرے کی بنیاد ہے، مریم نواز

انسانی یکجہتی سے ہی غربت، ناانصافی اور معاشرتی ناہمواری کا خاتمہ ممکن ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ یکجہتی، ہمدردی اور مساوات کا قیام ہی ایک بہتر اور پرامن معاشرے کی بنیاد ہے۔ انہوں نے انسانی یکجہتی کے بین الاقوامی دن پر پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ انسانی یکجہتی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر2

حکومت اور جے یو آئی میں مذاکرات کامیاب

مدارس بل پر نوٹیفکیشن جلد جاری ہونے پر اتفاق

مدارس بل کے معاملے پر وزیراعظم ہاؤس میں بڑی بیٹھک ہوئی، سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان وزیراعظم سے ملنے وزیراعظم ہاؤس پہنچے، مولانا عبدالغفور حیدری، سینیٹر کامران مرتضیٰ، مولانا اسعد محمود بھی ان کے ساتھ تھے

ملاقات میں وزیراعظم شہباز شریف کے ساتھ اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق، اسحاق ڈار، اعظم نذیر تارڑ اور عطا تارڑ، رانا ثناء اللہ، پیپلز پارٹی کے راجہ پرویز اشرف، قمر زمان کائرہ بھی شریک ہوئے

ملاقات میں مولانا فضل الرحمان اور وزیراعظم کے درمیان مدارس رجسٹریشن کی تجاویز پر مثبت پیش رفت ہوئی، وزیراعظم نے معاملات کو جلد حل کرنے کی ہدایت کر دی

وزیراعظم سے مدارس بل پر تفصیلی گفتگو ہوئی، ہم نے کہا بل پر جو صورتحال پیدا ہوئی اس پر حکومت فیصلہ کرے، امید ہے ہمارا مطالبہ مانا جائے گا، ایک دو روز میں خوش خبری ملے گی، مولانا فضل الرحمن

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت اور جے یو آئی کے درمیان مدارس بل پر مذاکرات کامیاب ہوگئے اور نوٹیفکیشن جلد جاری ہونے پر اتفاق کیا گیا، وزیراعظم نے وزارت قانون کو آئین اور قانون کے مطابق نوٹیفکیشن جاری کرنے کی یقین دہانی کرادی۔ نجی ٹی وی کے مطابق مدارس بل کے معاملے پر وزیراعظم ہاؤس میں بڑی بیٹھک ہوئی، سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان وزیراعظم سے ملنے وزیراعظم ہاؤس پہنچے، مولانا عبدالغفور حیدری، سینیٹر کامران مرتضیٰ، مولانا اسعد محمود بھی ان کے ساتھ تھے۔ ملاقات

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر5

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ادویات کی پہلی کھیپ پاراچنار بھجوادی گئی

انتظام صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر کی نگرانی میں کیا گیا، محکمہ ایمرجنسی سروسز پنجاب نے خصوصی طور پر ایئر ایمبولینس بھجوائی

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت وایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ادویات کی پہلی کھیپ پارا چنار بھجوا دی گئی ہے، ادویات کا انتظام صوبائی وزیر محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر کی نگرانی میں کیا گیا جبکہ محکمہ ایمرجنسی سروسز پنجاب نے خصوصی طور پر ایئر ایمبولینس بھجوائی۔ صوبائی وزیر صحت وایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر4

صدر مملکت سے پاکستان میں فلسطینی سفیر ڈاکٹر زہیر محمد حمداللہ زید کی ملاقات

فلسطین کیلئے پاکستان کی غیر متزلزل اخلاقی اور سفارتی حمایت کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری سے پاکستان میں فلسطین کے سفیر ڈاکٹر زہیر محمد حمد اللہ زید نے ملاقات کی جس میں صدر مملکت کا فلسطین کیلئے پاکستان کی غیر متزلزل اخلاقی اور سفارتی حمایت کا اعادہ کیا۔ ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق ملاقات کے دوران صدر مملکت نے فلسطینی عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستانی عوام فلسطینیوں کی جدوجہد اور تکلیف میں برابر کے شریک ہیں۔

پابندیوں کا پاکستان پر اثر زیرو ہو گا، ملیحہ لودھی

افغانستان سے نکلنے کے بعد سے امریکا کے پاکستان سے تعلقات دوراہے پر کھڑے ہیں، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) سابق پاکستانی سفیر ملیحہ لودھی نے کہا ہے کہ امریکی پابندیاں کوئی نئی چیز نہیں، نہ ایسی چیزوں سے پاکستان پر کوئی اثر پڑتا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر6

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے جمعیت علمائے اسلام مولانا فضل الرحمٰن ملاقات کر رہے ہیں

ترقی پذیر ممالک کیلئے آبادی میں اضافہ ایک بڑا چیلنج ہے، عظمیٰ بخاری

میڈیا کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا، میڈیا آج کے دور میں بحث میکر ہے، میڈیا جس کو اچھا بنادے وہ اچھا جسے برا بنادے وہ برا، میڈیا کو لوگوں کو آگاہی دینے کی ذمہ داری نبھانی چاہئے

ملک میں سوشل ایشوز کو اجاگر کیا جانا چاہئے، بہت سے اسلامی ممالک اپنے ملک میں فیملی پلاننگ کر رہے ہیں، کم سن بچیوں کی شادی پر پابندی سب سے پہلے پنجاب حکومت نے لگائی

لاہور (سمعیہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ترقی پذیر ممالک کیلئے آبادی میں اضافہ ایک بڑا چیلنج ہے، آبادی میں اضافے سے متعلق میڈیا لوگوں میں آگاہی پیدا کرسکتا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ میڈیا کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا، میڈیا آج کے دور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر7

اسلام آباد، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سپیکرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ریسکیو 1122 نے ریسکیو شہداء ڈے منایا

ریسکیو شہیدا کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، ڈاکٹر رضوان نصیر

لاہور (این این آئی) سیکرٹری ایمرجنسی سروسز پاکستان، ڈاکٹر رضوان نصیر نے ریسکیو شہداء ڈے کے موقع پر شہید ریسکیورز کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران شہریوں کی قیمتی جان ومال کی حفاظت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر11

رہنما جے یو آئی خالد سومرو قتل کیس میں تمام ملزمان کو عمر قید، بھاری جرمانے کی سزا

راشد محمود سومرو نے عدالت کے فیصلے کو ادھورا انصاف قرار دیدیا، سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کرنے کا اعلان

سکھر (این این آئی) سکھر کی انسداد دہشت گردی عدالت نے جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کے رہنما ڈاکٹر خالد محمود سومرو قتل کیس میں تمام ملزمان کو جرم ثابت ہونے پر عمر قید اور بھاری جرمانے کی سزا سنادی۔ سکھر کی انسداد دہشت گردی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر10

اسلحے کے خاتمے کے بغیر پائیدار امن ممکن نہیں ہے، بیرسٹر ڈاکٹر سیف

اجلاس میں کرم میں پائیدار امن کے لئے حکمت عملی وضع کی جائے گی اور اہم فیصلوں کا امکان ہے، ذرائع

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر سیف کا کہنا ہے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا ضلع کرم میں مستقل امن وامان کے قیام کے لئے کوشاں ہیں۔ بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا کہ وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کرم میں مستقل امن کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر9

ہائیکورٹ، سویلین ملازم کا ملٹری ٹرائل، بیس کمانڈر مرید چکوال کو نوٹس

نئی آئینی ترمیم کے تحت کسی بھی سویلین کا فوجی عدالت میں ٹرائل نہیں ہوسکتا، ایک ہفتے میں جواب طلب

راولپنڈی (این این آئی) ہائیکورٹ راولپنڈی بینچ کے جج جسٹس سرفراز ڈوگر نے نئی آئینی ترمیم کے تحت سویلین کے ملٹری ٹرائل کے متعلق پٹیشن پر بیس کمانڈر مرید چکوال کو نوٹس جاری کر کے ایک ہفتہ میں جواب طلب کرلیا۔ کرنل (ر) انعام الرحیم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر8

پختونخوا ایپکس کمیٹی کا ضلع کرم میں نجی بنکرز ختم کرنے کا فیصلہ

وزیراعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور کی زیر صدارت ضلع کرم کی صورتحال پر خیبر پختونخوا ایپکس کمیٹی کا اہم اجلاس

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سمیت کور کمانڈر پشاور، چیف سیکرٹری کے پی، آئی جی اور متعلقہ کابینہ اراکین نے شرکت کی

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کی ایپکس کمیٹی نے کرم میں قیام امن کے لیے تمام بنکرز اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر12

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سرمایہ کاری کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بیجنگ، وفاقی وزیر احسن اقبال چین کے وزیر ٹرانسپورٹ مسٹر لی یانگ سے ملاقات کر رہے ہیں

18ویں سپیکرز کانفرنس کا پارلیمانی اداروں کو مضبوط بنانے کا اعادہ

دہشت گردی، جعلی خبروں، اور سوشل میڈیا پر منفی رجحانات کے خلاف مؤثر اقدامات، آئندہ اجلاس 2025 میں مظفر آباد میں منعقد کرنے کا فیصلہ

کشمیر کے مسئلے کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنے اور خواتین وبچوں کے مسائل کے لیے مربوط پارلیمانی فورمز کے قیام پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی زیر صدارت 18 ویں سپیکرز کانفرنس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر32

اسلام آباد، وفاقی وزیر مذہبی امور سے آسٹریلین ہائی کمشنر ملاقات کر رہے ہیں

چوہدری سالک حسین سے آسٹریلین ہائی کمشنر کی ملاقات

دہشت گردی اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے حوالے سے تجاویز پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور، بین المذاہب ہم آہنگی وسمندر پار پاکستانیز چوہدری سالک حسین سے آسٹریلین ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے ملاقات کی اور دنیا میں مذہبی عدم برداشت، دہشت گردی اور بین المذاہب ہم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر13

گورنر کے پی نے ضلع کرم کی صورتحال پر صوبائی حکومت سے استعفے کا مطالبہ کردیا

صوبائی حکومت اور وفاق کیا کر رہے ہیں؟ صوبائی حکومت ایک پاراچنار روڈ نہیں کھول سکتی باقی کیا کرے گی؟ فیصل کریم

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ضلع کرم کی صورتحال پر صوبائی حکومت سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کردیا۔ ایک بیان میں گورنر کے پی فیصل کریم نے کہا کہ کرم جل رہا ہے، صوبائی حکومت اور وفاق کیا کر رہے ہیں؟

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر31

وزارت صحت ایچ آئی وی سے نمٹنے کے لئے مربوط اقدامات کو یقینی بنارہی ہے، ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ

ہمیں کمیونٹی پر مبنی روک تھام، ٹیسٹنگ اور علاج کے طریقوں کو مضبوط بنانا ہوگا، کوآرڈینیٹر وزیراعظم کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے صحت ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ نے کہا ہے کہ وزارت صحت ایچ آئی وی سے نمٹنے کے لئے مربوط اقدامات کو یقینی بنارہی ہے، موبائل وینز اور ریفریجریٹڈ ٹرک پاکستان میں ایچ آئی وی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر15

مستقبل قریب میں ایران اور پاکستان کے تعلقات مزید مستحکم ہونگے، قائم مقام ایرانی قونصل جنرل

لاہور (این این آئی) ایران کے قائم مقام قونصل جنرل علی اصغر یکدل نے صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد سے ملاقات کے دوران خطاب کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ پاکستان اور ایران کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر16

مبینہ کرپشن کیس، پرویز الٰہی پر فرد جرم کیلئے 7 جنوری کی تاریخ مقرر

احتساب عدالت نے شریک ملزم محمد خان بھٹی سمیت دیگر پر فرد جرم عائد کردی

لاہور (این این آئی) احتساب عدالت نے ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن کے کیس میں سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی پر فرد جرم کے لئے 7 جنوری کی تاریخ مقرر کردی۔ لاہور کی احتساب عدالت میں پی ٹی آئی رہنما چوہدری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر14

ججز تقرریوں میں سیاسی مداخلت کیخلاف درخواست، عدالت نے سوالات اٹھا دیے

یہ درخواست ہمارے پاس کیوں آئی ہے؟ آئینی بینچ میں جانی چاہیے، جسٹس جنید غفار دلائل طلب

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ کے ججز کی تقرریوں میں سیاسی مداخلت روکنے سے متعلق درخواست کی سماعت کے دوران عدالت نے بینچ کے دائرہ اختیار سے متعلق دلائل طلب کرلیے۔ جسٹس جنید غفار نے کہا کہ یہ درخواست

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر29

بینظیر بھٹو کی برسی، پاکستان ریلوے کا خصوصی ٹرین چلانے کا اعلان

لاہور (این این آئی) بینظیر بھٹو شہید کی برسی پر پاکستان ریلوے خصوصی ٹرین چلائے گا، ریلوے کی جانب سے خصوصی ٹرین کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ پاکستان ریلوے نے بینظیر بھٹو کی برسی پر لاہور سے گڑھی خدا بخش کے لئے خصوصی ٹرین چلانے کا فیصلہ کیا ہے، خصوصی ٹرین لاہور سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر30

شیخ رشید کی بریت کی درخواست مسترد کرنے کا تحریری فیصلہ

عدالت نے 9 مئی کو جی ایچ کیو حملہ کیس میں سابق وزیر داخلہ کی بریت کی درخواست خارج کی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید کی بریت کی درخواست مسترد کرنے کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس مرزا وقاص رؤف کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے شیخ رشید کی بریت کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر28

اسلام آباد ہائیکورٹ کا الیکشن ٹربیونل کو این اے 48 سے متعلق کارروائی روکنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے تحریک انصاف کے امیدوار علی بخاری کی درخواست پر حکم امتناع جاری کرتے ہوئے اسلام آباد سے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 48 کے الیکشن ٹربیونل کو کارروائی سے روک دیا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق نے علی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر26

پنجاب حکومت کو مستحق لوگوں کو سرکاری خرچ پر وکلا فراہم کرنے کا آخری موقع

عدالتی حکم پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں چیف سیکرٹری پنجاب کو ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب حکومت کو مستحق لوگوں کو سرکاری خرچ پر وکلا فراہم کرنے کا آخری موقع دے دیا۔ عدالتی حکم پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں عدالت نے چیف سیکرٹری پنجاب کو ذاتی حیثیت میں پیش

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر27

خیبر پختونخوا کی ایپکس کمیٹی کا کرم میں تمام بنکرز اور بھاری اسلحہ ختم کرنے کا فیصلہ

صوبے میں امن وامان کے لیے وفاقی حکومت اقدامات اٹھائے، وزیراعلیٰ کے پی کے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کی ایپکس کمیٹی نے کرم میں قیام امن کے لیے تمام بنکرز ختم کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے پشاور میں مشترکہ طور پر خیبر پختونخوا کی ایپکس کمیٹی کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر17

نادرا کا موبائل ایپ اور چہرے کی شناخت کے ذریعے تصدیق کی نئی سہولت متعارف کروانے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) نادرا نے نئے سال کے آغاز پر پاک آئی ڈی موبائل ایپ اور چہرے کی شناخت کے ذریعے تصدیق کی نئی سہولت متعارف کروانے کا اعلان کیا ہے۔ نادرا نے ملک کے سینٹرز پر 15 جنوری سے پاک آئی ڈی موبائل ایپ اور چہرے کی شناخت کے ذریعے تصدیق کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر18

عافیہ صدیقی کیس، وزیراعظم اور وزیر خارجہ کے دنیا بھر کے دوروں کی تفصیلات طلب

امریکہ میں سزا معافی کی درخواست سے لے کر اب تک وزیراعظم اور وزیر خارجہ کے دنیا بھر کے دوروں کی تفصیلات پیش کرنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی اور وطن واپسی سے متعلق ان کی بہن ڈاکٹر فوزیہ صدیقی کی درخواست پر سماعت کے دوران امریکا میں سزا معافی کی درخواست سے لے کر اب تک وزیر اعظم اور وزیر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر19

بیجنگ، وفاقی وزیر احسن اقبال سے چین کے ایگزم بینک صدر وانگ چون ینگ ملاقات کررہی ہے

انسداد پولیو مہم کے دوران غفلت برتنے پر 10 افسران معطل

معطل ہونے والوں میں 18 گریڈ کے 7 ٹاؤن میونسپل کمشنرز بھی شامل

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے انسداد پولیو مہم کے دوران غفلت برتنے پر 10 افسران کو معطل کردیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے انسداد انسداد پولیو مہم میں غفلت برتنے پر 10 افسران

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر20

سیکیورٹی فورسز کی کارروائی، انتہائی مطلوب دہشتگرد سمیت 7 خوارج ہلاک

ہلاک خارجی علی رحمان عرف مولانا طہٰ سواتی خوارج کی شوریٰ کا اہم سرغنہ تھا، علی رحمان عرف مولانا طہٰ سواتی فتنہ الخوارج کے اہم سرغنہ قاری امجد عرف مفتی مزاحم کا قریبی ساتھی تھا

اہل علاقہ نے بچوں کی بحفاظت بازیابی پر پاک فوج کا شکریہ ادا کیا اور شاندار خراج تحسین پیش کیا

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹی فورسز نے کامیاب آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کے انتہائی مطلوب دہشت گرد سمیت 7 خوارج کو جہنم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر21

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے آغاز پر زبردست تیزی

اسٹاک مارکیٹ کا 100 انڈیکس ہزار پوائنٹس سے زائد اضافے سے 107359 پوائنٹس کی سطح پر ٹریڈ کر رہا

کراچی (این این آئی) گزشتہ روز کی شدید مندی کے بعد پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی کے ساتھ کاروبار کا آغاز ہوا ہے۔ جمعے کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر22

پنجاب میں سرمایہ کاری کا فروغ میرا مشن ہے، چوہدری شافع حسین

وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین سے صنعتکاروں کے وفد کی ان کے انڈسٹری کے آفس میں ملاقات

وفد کا پنجاب میں اپنے گروپ کی سرمایہ کاری بڑھانے اور قائد اعظم بزنس پارک شیخوپورہ میں نیا کارخانہ لگانے کا اعلان

لاہور (کامرس رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے صنعتکاروں کے وفد نے ان کے انڈسٹری کے آفس میں ملاقات

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر25


اسلام آباد، مولانا فضل الرحمن میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پنجاب میں شدید دھند، مختلف مقامات پر موٹر ویز بند

شہریوں اور ڈرائیوز کو غیر ضروری سفر سے گریز اور دوران ڈرائیونگ احتیاط کا مشورہ

لاہور (این این آئی) پنجاب ایک بار پھر شدید دھند کی لپیٹ میں آگیا، دھند کی شدت کے باعث مختلف مقامات پر موٹر ویز کو ٹریفک کیلئے بند کردیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر24

سوات وگردونواح میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 4.1 ریکارڈ

زلزلے کے خوف سے لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے

سوات (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع سوات وگردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ریکٹر سکیل پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر23

پشاور، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے وزیر اعلیٰ کے پی کے علی امین گنڈاپور ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:03
فجر	5:45
ظہر	1:30
عصر	3:45
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	6:45

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 بجے، مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

LabGenetix
Ride

وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ یاسین اور رہنما مسلم لیگ ن حافظ میاں نعمان، ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کے ہمراہ گلبرگ میں ترقیاتی منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں

وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی ہدایات پر صوبائی دارالحکومت کو لیوایبل سٹی بنانے کیلئے ایل ڈی اے کے اقدامات جاری

وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین، رہنما مسلم لیگ ن حافظ میاں نعمان احمد نے ڈی جی ایل ڈی اے کے ہمراہ گلبرگ میں ترقیاتی منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھ دیا

سسٹین ایبل ماڈل کے تحت گلبرگ سکیم بی تھری بلاک کو ماڈل بلاک بنایا جائے گا، پیدل چلنے والوں کیلئے بھی خصوصی اقدامات کیے جائیں گے، انڈر گراؤنڈ وائرنگ، گرین ایریا اور سولر سٹریٹ لائٹس کا کام 3 ماہ سے قبل مکمل کیا جائے گا، وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین

وزیر اعلی پنجاب نے عوامی سہولت کے منصوبوں پر حکومتی وسائل کا منہ موڑا ہے، 10 ماہ میں پنجاب حکومت کے اقدامات مثالی، عوام کو بہتر سے بہترین سہولیات فراہم کی جارہی ہیں، وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی ہدایات پر صوبائی دارالحکومت کو لیوایبل سٹی بنانے کے لیے ایل ڈی اے نے سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ ماڈل کے تحت گلبرگ سکیم میں اقدامات کا آغاز کر دیا ہے۔ وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین، رہنما مسلم لیگ ن حافظ میاں نعمان احمد نے ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کے ہمراہ گزشتہ روز گلبرگ میں ترقیاتی منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھا۔ وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سسٹین ایبل ماڈل کے تحت گلبرگ اسکیم بی تھری بلاک کو ماڈل بلاک بنایا جائے گا۔ گلبرگ سکیم میں پیدل چلنے والوں کے لیے بھی خصوصی اقدامات کیے جائیں گے۔ گلبرگ سکیم میں روڈ سائیج کو بھی بہتر کیا جائے گا۔ بارشی پانی کے زیر زمین نکاس کو بہتر بنانے کیلئے رین واٹر ویل بنائے جائیں گے۔ سٹریٹس کی تعمیر ومرمت کے ساتھ ساتھ، اطراف پر ٹف ٹائلز بھی لگائی جائیں گی۔ انڈر گراؤنڈ وائرنگ، گرین ایریا اور سولر سٹریٹ لائٹس کا کام 3 ماہ سے قبل مکمل کیا جائے گا۔ 10 ماہ میں پنجاب حکومت کے اقدامات مثالی، عوام کو بہتر سے بہترین سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز نے عوامی سہولت کے منصوبوں پر حکومتی وسائل کا منہ موڑا ہے۔ روزمرہ عوامی اور معیشت کے پہاڑ جیسے مسائل کے حل کیلئے پاکستان مسلم لیگ ن کی قیادت برسرپیکار ہے۔ اس موقع پر چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید، پراجیکٹ ڈائریکٹر اور متعلقہ افسران موجود تھے۔

کمرشل فیس نادہندگان، غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف ایل ڈی اے کی خصوصی مہم جاری، مختلف سکیموں میں 46 املاک سربمہر کر دیں

سیل کی گئی املاک میں شادی ہال، مارکی، نجی سکول، اکیڈمی، دکانیں، دفاتر، ریستوران، سٹور، ڈینٹل کلینک، سیلون، ودیگر شامل ہیں

غیر قانونی کمرشل عمارتوں / کمرشل فیس نادہندگان کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں، ڈی جی ایل ڈی اے

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایات پر ایل ڈی اے ٹیموں کا غیر قانونی کمرشل عمارتوں اور کمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر بھرپور آپریشن جاری ہے۔ غیر قانونی کمرشل عمارتوں وکمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف جاری آپریشن میں ایل ڈی اے ٹیموں نے گزشتہ روز مختلف علاقوں میں کارروائیاں کر کے 46 املاک بشمول 13 شادی ہال ومارکی سربمہر کر دیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے کینال روڈ، گجر پورہ، علامہ اقبال ٹاؤن میں کارروائیاں کیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے گجر پورہ میں غیر قانونی کمرشل استعمال پر 13 شادی ہال / مارکی سیل کر دیں۔ کینال روڈ پر غیر قانونی تعمیر وتبدیلی پر تعمیر شدہ مارکی کو جزوی طور پر مسمار کر دیا۔ کمرشل فیس وپنلٹی کی عدم ادائیگی پر علامہ اقبال ٹاؤن میں 32 املاک سربمہر کر دیں۔ سیل کی گئی املاک میں شادی ہال، مارکی، نجی سکول، اکیڈمی، دکانیں، دفاتر، ریستوران، سٹور، ڈینٹل کلینک، سیلون، ودیگر شامل ہیں۔ آپریشن سے پہلے ان املاک کو متعدد نوٹسز دیے گئے تھے۔ آپریشن چیف ٹاؤن پلانر ون اسد الزمان کی زیر نگرانی کیا گیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر شہر میں غیر قانونی کمرشل عمارتوں / کمرشل فیس نادہندگان کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

پاکستان مسلم لیگ پنجاب کے جنرل سیکرٹری محمد اشرف چوہدری شافع حسین وزیر انڈسٹریز و سرمایہ کاری کو دورہ چین میں سرمایہ کاری لانے پر مبارکباد اور گلدستہ پیش کر رہے ہیں

چوہدری شافع حسین کے دورہ چین کے دوران سرمایہ کاری کے معاہدے خوش آئند ہیں، اشرف چوہدری

VIVO موبائل جیسی بہت ساری کمپنیاں بہت جلد اپنی فیکٹریاں پنجاب میں لگائیں گی، جنرل سیکرٹری مسلم لیگ لیبر ونگ پنجاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) محمد اشرف چوہدری جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ ق لیبر ونگ پنجاب اور لیبر ونگ کے تمام عہدیداروں نے کہا ہے کہ ہم اپنے قائد اپنے لیڈر چوہدری شافع حسین صوبائی وزیر صنعت وتجارت کو چین کے کامیاب ترین دورے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتے ہیں کیونکہ چوہدری شافع حسین نے ہمیشہ پنجاب کے نوجوانوں کے روزگار کو مہیا کرنے کے لیے ہمیشہ آواز کو بلند کیا اور چینی کمپنیوں کو پاکستان ۔پنجاب میں صنعتوں کو لانچ کرنے لیے مدعو کیا جو کہ چین نے ان کی پیش کش قبول کیا VIVO موبائل جیسی بہت ساری کمپنیاں بہت جلد اپنی فیکٹریاں لگائیں گی جو کہ پاکستان میں پہلی دفعہ ایسا ہونے جا رہا ہے۔ اور نوجوان نسل کو روزگار ملے ۔ایسی محنت اور کوشش کو ہم اپنے قائد لیڈر چوہدری شافع حسین کو سلام پیش کرتے ہیں۔ چوہدری شافع حسین ایک منجھے ہوئے سیاستدان کے فرزند ہیں اور پاکستان اور پاکستان کی نوجوان نسل کے لیے ہمیشہ اچھا ہی سوچتے ہیں۔

پارلیمانی سیکرٹری زراعت اسامہ لغاری کو ایم ڈی پنجاب سیڈ کارپوریشن علی ارشد رانا اپنے دفتر میں پنجاب سیڈ کونسل بارے بریفنگ دے رہے ہیں

پام آئل کی درآمدی لاگت میں کمی کے رجحان کے باوجود برانڈڈ گھی اور آئل مینوفیکچررز نے قیمتوں میں اضافہ کر دیا

برانڈڈ گھی اور کوکنگ آئل کی قیمت 80 روپے اضافے سے 570 روپے تک پہنچ گئی، کچھ کی قیمت میں 100 روپے اضافہ

لاہور (کرائم رپورٹر) پام آئل کی درآمدی لاگت میں کمی کے رجحان کے باوجود برانڈڈ گھی اور آئل مینوفیکچررز نے قیمتوں میں اضافہ کر دیا۔ میڈیا رپورٹ میں ریٹیلرز کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ برانڈڈ گھی اور کوکنگ آئل کی قیمت 80 روپے اضافے سے 570 روپے تک پہنچ گئی ہے جبکہ کچھ بڑے برانڈز کی قیمتوں میں یہ اضافہ 100 روپے تک ہے۔ چیئرمین پاکستان بناسپتی مینوفیکچررز ایسوی ایشن شیخ عمر ریحان نے قیمتوں میں فرق کی وجہ بتاتے ہوئے کہا کہ پام آئل کی قیمتیں جو عالمی مارکیٹ میں بڑھ کر ایک ہزار 285 ڈالر فی ٹن ہو گئی تھیں بعد میں ایک ہزار 185 ڈالر تک آ گئیں جس سے اوپن مارکیٹ میں پام آئل کی قیمت 19 ہزار روپے سے کم ہو کر 16 ہزار 500 روپے فی من رہ گئی۔ اس کے نتیجے میں گھی اور کوکنگ آئل کی جو قیمتیں 80 روپے بڑھی تھیں ان میں 40 روپے کی کمی دیکھی گئی۔ انہوں نے کہا کہ برانڈڈ آئلز (بالخصوص ٹی وی ایڈورٹائزنگ برانڈز) جن کا مارکیٹ شیئر 5 فیصد ہے، عام طور پر اپنی پرنٹنگ، ڈسٹری بیوشن اور مارکیٹنگ نیٹ ورکس کی وجہ سے قیمتوں کے اتار چڑھاؤ کو ایڈجسٹ کرنے میں وقت لیتے ہیں، برانڈڈ گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتیں بھی آہستہ آہستہ کم ہوں گی۔

پولیو کے قطرے نہ پلانے پر شہری کے خلاف مقدمہ درج

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں پولیو کے قطرے نہ پلانے پر شہری کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ڈیفنس اے پولیس نے زیڈ بلاک کے رہائشی کے خلاف مقدمہ درج کیا۔ شہری احسان بٹ کے خلاف کار سرکار میں مداخلت اور عزت نفس مجروح کرنے کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ مقدمہ ماحولیات انسپکٹر سعدیہ کی مدعیت میں درج کیا گیا۔

صوبائی وزیر لیبر فیصل ایوب کھوکھر شل سیکیورٹی کارڈ کے ذریعے ماڈل بازاروں میں مزدوروں کو روزمرہ اشیاء پر رعایت کے حوالے سے مشاورتی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سیکرٹری داخلہ پنجاب سے اقوام متحدہ دفتر برائے انسداد منشیات وجرائم کے وفد کی ملاقات

اقوام متحدہ کے وفد کی انسانی سمگلنگ، سائبر کرائم اور منشیات کی روک تھام کیلئے تعاون کی پیشکش

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل سے اقوام متحدہ دفتر برائے انسداد منشیات و جرائم کے وفد نے سول سیکرٹریٹ میں ملاقات کی۔ یو این او ڈی سی کے نمائندہ برائے پاکستان ٹروئلز ویسٹر نے وفد کی قیادت کی جبکہ ایڈوائزر کریمنل جسٹس اینڈ رول آف لاء ارسلان ملک اور پروگرام آرگنائزر فہد قریشی انکے ہمراہ تھے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل نے وفد کو انسداد منشیات وجرائم کیلئے پنجاب حکومت کی جانب سے کی گئی قانون سازی بارے آگاہ کیا۔ اقوام متحدہ کے وفد کو پنجاب فورینزک سائنس ایجنسی کے اکریڈیشن پلان بارے بھی بتایا گیا۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے اقوام متحدہ کے وفد سے منشیات کی تیاری وترسیل کی روک تھام بارے تفصیلی گفتگو کی۔ سیکرٹری داخلہ نے بتایا کہ محکمہ داخلہ پنجاب سائنسی بنیادوں پر کام کر کے منشیات کے کاروبار میں ملوث افراد کا تعین کر رہا ہے۔ نور الامین مینگل کا کہنا تھا کہ فورینزک سائنس ایجنسی کی مدد سے منشیات کی تیاری میں استعمال ہونے والے را میٹریل کی ترسیل روکیں گے۔ اقوام متحدہ کے وفد نے انسانی سمگلنگ، سائبر کرائم اور منشیات کی روک تھام کیلئے تعاون کی پیشکش کی۔

ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء توقیر حیدر کاظمی سے نامور آرٹسٹ افتخار ٹھاکر کی ملاقات

لاہور (خبر نگار) ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء توقیر حیدر کاظمی سے نامور آرٹسٹ افتخار ٹھاکر نے ملاقات کی۔ افتخار ٹھاکر نے توقیر کاظمی کو الحمراء کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی جس پر انھوں نے افتخار ٹھاکر اور دوسرے تمام آرٹسٹوں، صحافیوں وزندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے احباب کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے الحمراء کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر بننے پر انکے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ توقیر حیدر نے اپنے خیال کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ فن اور فنکار کی ترویج وترقی کے لئے کام کریں گے، الحمراء جیسے عظیم ادبی وثقافتی ادارہ کو عظیم بنانے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ افتخار ٹھاکر نے انھیں کامیڈی تھیٹر ورکشاپ بارے بھی بتایا کہ نوجوانوں کی بے پناہ دلچسپی' کامیڈی تھیٹر کے لئے خوش آئند ہے۔ واضح رہے الحمراء اکیڈمی آف پرفارمنگ آرٹس میں ایک ماہ کی کامیڈی تھیٹر ورکشاپ جاری ہے جس میں افتخار ٹھاکر نوجوانوں کو تربیت فراہم کر رہے ہیں۔

20 December 2024 4:06 pm

لاہور: ممبر صوبائی اسمبلی اسد کھوکھر کی مسلم لیگ (ن) کے وفد رانا محمد آصف، میاں محمد عمران، اور سردار اصغر عباسی سے ملاقات ترقیاتی کاموں کے حوالے سے گفتگو

پنجاب پبلک سروس کمیشن میں مسیحی برادری سے اظہار یکجہتی اور خوشیوں کو دوبالا کرنے کیلئے کرسمس کا کیک کاٹا گیا

اس موقع پر سیکرٹری پنجاب پبلک سروس کمیشن افضال احمد اور محکمہ کے مسیحی برادری سے تعلق رکھنے والے ملازمین اور سینئر افسران نے شرکت کی

لاہور (خبر نگار) پنجاب پبلک سروس کمیشن میں مسیحی برادری سے اظہار یکجہتی اور خوشیوں کو دوبالا کرنے کے لیے کرسمس کا کیک کاٹا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری پنجاب پبلک سروس کمیشن افضال احمد اور محکمہ کے مسیحی برادری سے تعلق رکھنے والے ملازمین اور سینئر افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر سیکرٹری پنجاب پبلک سروس کمیشن افضال احمد۔ ڈائریکٹر اسٹیبلشمنٹ محمد شبیر ۔صدر ایپکا یونین رانا محمد اقبال۔ جنرل سیکرٹری سلیم رضا۔ حافظ خرم شہزاد ۔ اور سینئر افسران اعجاز اکبر اور شاہد محمود نے شرکت کی۔ سیکرٹری پنجاب پبلک سروس کمیشن افضال احمد نے کہا نے کہا کہ تمام مذاہب اور ان کی آسمانی کتابوں میں نسل انسانی کی توقیر اور دکھی انسانیت کی خدمت پر زور دیا گیا ہے۔ کرسمس کا تہوار محبت بھائی چارے اور رواداری کا درس دیتا ہے اس لیے دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی کرسمس کا تہوار اتحاد بین المذاہب ہم آہنگی کا بہترین نمونہ ہے۔ ڈائریکٹر اسٹیبلشمنٹ محمد شبیر نے کہا۔ مسیحی برادری کے ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لیے خدمات قابل تحسین ہے ۔اس موقع پر ملک پاکستان کے استحکام کے لیے دعا بھی کروائی گئی۔

امام الصحابہ
کانفرنس

جامع مسجد رضائے مجتبی میں ہونے والی "امام الصحابہ رضی اللہ عنہ کانفرنس" سے سربراہ تحریک لبیک یارسول اللہ ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی خطاب کر رہے ہیں

تحریک لبیک یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتحریک صراط مستقیم کے زیر اہتمام جامع مسجد رضائے مجتبی میں "امام الصحابہ رضی اللہ تعالی عنہ کانفرنس" کا انعقاد

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ کی مصلی کی امامت ہی کو حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ نے خلافت بلافصل کی بھی دلیل قرار دیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) تحریک لبیک یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتحریک صراط مستقیم کے زیر اہتمام جامع مسجد رضائے مجتبی میں "امام الصحابہ رضی اللہ تعالی عنہ کانفرنس" کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے تحریک لبیک یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سربراہ اور تحریک صراط مستقیم کے بانی ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی نے کہا: حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ خلیفہ بلافصل اور امام الصحابہ رضی اللہ تعالی عنہم ہیں۔ رسول اکرم ﷺ نے اپنی ظاہری حیات میں علالت کے ایام میں آپ کو اپنے مصلی پر کھڑا کیا۔ تمام جماعت صحابہ رضی اللہ تعالی عنہم جو ان ایام مدینہ منورہ میں موجود تھے۔ انہوں نے بالاتفاق آپ کے پیچھے نمازیں پڑھیں۔ آپ رضی اللہ عنہ کی تمام صحابہ کرام علیہم الرضوان میں افضلیت کی بنیاد پر آپ کو مصلی عطا کیا گیا۔ آپ کی امامت کا اعلان کرتے ہوئے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ کو مصلی میں نے نہیں دیا، میرے اللہ نے دیا ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ کی مصلی کی امامت ہی کو حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ نے خلافت بلافصل کی بھی دلیل قرار دیا اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کی بیعت کی۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ بعد از انبیاء کرام علیہم السلام قطعی اور اجماعی ہے۔ کانفرنس میں علامہ محمد ادریس جلالی، حاجی محمد کتاب جان جلالی، حاجی محمد الیاس جلالی، حاجی محمد منیر بھٹی، حاجی محمد یونا صدیقی، ملک محمد فرید احمد جلالی ودیگر نے شرکت کی۔

رواں سال 27 ہزار سے زائد اشتہاری مجرمان، 10 ہزار 600 سے زائد عادی مجرمان کی گرفتاری

اشتہاری اور عادی مجرمان کے خلاف کارروائیوں سے جرائم میں نمایاں کمی آئی ہے' سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس کی جانب سے رواں سال اب تک مختلف کارروائیوں میں 27 ہزار سے زائد اشتہاری مجرمان اور 10 ہزار 600 سے زائد عادی مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے۔ ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ کینٹ ڈویژن میں 5730، سول لائنز میں 2384، سٹی میں 6458، اقبال ٹاؤن میں 3545، صدر میں 4379 اور ماڈل ٹاؤن میں 4520 اشتہاری مجرمان گرفتار کیے گئے ہیں۔ اسی طرح کینٹ ڈویژن میں 1844، سول لائنز میں 746، سٹی میں 3519، اقبال ٹاؤن میں 1634، صدر میں 1664 اور ماڈل ٹاؤن میں 1219 عادی مجرمان کو حراست میں لیا گیا ہے۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ لاہور پولیس قانون شکن عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا تفریق کارروائیاں جاری ہیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ اشتہاری اور عادی مجرمان کے خلاف کارروائیوں سے جرائم میں نمایاں کمی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اشتہاریوں کی گرفتاریوں کیلئے سمارٹ آئی، ہوٹل آئی، کرایہ داری اندراج سمیت دیگر ایپلیکیشنز سے مدد لی جاری ہے۔ سی سی پی او لاہور نے سنگین نوعیت کے مقدمات میں مطلوب اشتہاری مجرمان کی گرفتاریوں کیلئے کارروائیوں میں تیزی لانے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ڈویژنل افسران خطرناک اشتہاریوں کی گرفتاری کیلئے کریک ڈاؤن جاری رکھیں۔ انہوں نے ایک بار پھر اس عزم کا اعادہ کیا کہ جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی لاہور پولیس کا اولین مشن ہے۔

ہائی کورٹ میں کندن ویلفیئر کلب کے زیر اہتمام "اعوان کنونشن" کے انعقاد پر ظفر اللہ علوی، پیر عابد سلطان، ریاض الدین اعوان، ملک اصغر اعوان ایگل لائر فورم کی صدر سعدیہ مسعود صدیقی کو ایوارڈ دے رہے ہیں

پنجاب پولیس میں چھوٹے رینک کے ملازمین کی ترقیوں کا عمل جاری

ہیڈ کانسٹیبل کے عہدے پر ترقی کے لئے اجلاس کی تاریخوں کا اعلان

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے حکم پر پولیس کے چھوٹے رینک کے ملازمین کی ترقیوں کا عمل جاری ہے، ہیڈ کانسٹیبل کے عہدے پر ترقی کے لئے ترقیاتی اجلاس کی تاریخوں کا اعلان کر دیا گیا۔ آئی جی پنجاب کے حکم پر ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ٹو پنجاب نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا، ہیڈ کانسٹیبل کے عہدے پر ترقی کیلئے سال 2025 سے 2026 تک تاریخوں کا اعلان کیا گیا۔ مراسلہ کے مطابق پہلا اجلاس سال 2025 میں 3 اپریل کو ہوگا، 7 جولائی کو دوسرا اجلاس ہوگا، تیسرا اجلاس سال 2025 میں 6 اکتوبر، چوتھا اجلاس 4 جنوری 2026 کو ہوگا، ابتک آئی جی پنجاب کی تعیناتی کی بعد 25 ہزار کے قریب ترقیاں دی جا چکیں۔

لیڈی ایچی سن ہسپتال میں کرسمس اور قائداعظم تقریب

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ پروفیسر ڈاکٹر ناصر چوہدری نے سٹاف کے ہمراہ کیک کاٹا

لاہور (تحقیق صدیقی سے) لیڈی ایچی سن ہسپتال میں کرسمس اور قائداعظم تقریب میڈیکل سپرنٹنڈنٹ پروفیسر ڈاکٹر ناصر چوہدری نے سٹاف کے ہمراہ کیک کاٹا ڈاکٹرز، سینئر کالم نگار جاوید اقبال سمیت سٹاف کی شرکت، مٹھائی بھی تقسیم کی گئی۔ لاہور (ہیلتھ رپورٹر) لیڈی ایچی سن ہسپتال میں کرسمس اور قائداعظم ڈے کے حوالے سے شاندار تقریب گزشتہ روز منعقد کی گئی۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ پروفیسر ڈاکٹر ناصر چوہدری نے اس موقع پر کیک کاٹا جبکہ تقریب میں پروفیسر ڈاکٹر مہرالنسا، پروفیسر ڈاکٹر نادیہ خورشید، ڈاکٹر رانا سہیل، ڈاکٹر کاشف نصیر، میڈم صفیہ شہاب، ڈاکٹر تحسین فاطمہ، ڈاکٹر سدرہ منیر، ڈاکٹر مہوش رحمان، ڈاکٹر حماد شفیع، میڈم جمیلہ انجم جاوید، میڈم رفعت رفیق، سینئر کالم نگار جاوید اقبال سمیت ڈاکٹرز، نرسنگ سٹاف، ایڈمن سٹاف، پیرا میڈیکل سٹاف سمیت عملے نے جوش وخروش سے شرکت کی اور پاکستان کی سلامتی، امن واستحکام کیلئے خصوصی دعا کی گئی اور مریضوں اور انکے لواحقین میں مٹھائی بھی تقسیم کی گئی۔

مسیحی قیدیوں کیلئے جیلوں میں کرسمس تقریبات منعقد کرنے کا فیصلہ

تمام جیلوں میں خصوصی کرسمس دعائیہ تقاریب، اہل خانہ سے خصوصی ملاقات کا بھی اہتمام ہوگا' ترجمان محکمہ داخلہ

لاہور (کرائم رپورٹر) محکمہ داخلہ پنجاب نے مسیحی قیدیوں کیلئے صوبہ بھر کی جیلوں میں کرسمس کی تقریبات منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے آئی جی جیل خانہ جات کو مسیحی قیدیوں کیلئے کرسمس تقریبات کے انعقاد کی ہدایات جاری کر دیں، مسیحی قیدیوں کیلئے تمام جیلوں میں خصوصی کرسمس دعائیہ تقاریب ہوں گی، پنجاب بھر کی جیلوں میں کرسمس کے موقع پر کیک کاٹے جائیں گے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق کرسمس کے موقع پر مسیحی قیدیوں کی اہل خانہ سے خصوصی ملاقات کا اہتمام ہوگا، تمام مسیحی قیدیوں کو کرسمس کے موقع پر گھر کے کھانے کی بھی اجازت ہوگی، جیل حکام کی جانب سے بھی کرسمس پر خصوصی کھانا پیش کیا جائے گا۔

سی ٹی اوز، ڈی ٹی اوز حادثات کی روک تھام کیلئے خصوصی اقدامات کریں' ایڈیشنل آئی جی فاران بیگ

حادثات سے محفوظ پنجاب کیلئے رواں سال 18 فیصد زیادہ چالان کیے گئے' ترجمان ٹریفک پولیس

لاہور (کرائم رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ نے حادثات سے محفوظ پنجاب کیلئے ٹریفک کی سنگین وائلیشنز پر سخت کارروائیوں کی ہدایات جاری کر دیں۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق حادثات سے محفوظ پنجاب کے لیے رواں سال 18 فیصد زیادہ چالان کیے گئے، ون وے، بغیر لائسنس، کم عمر ڈرائیورز، لائین لین، اوورلوڈنگ کی خلاف ورزیوں پر بھرپور کارروائی جاری ہے، ون وے جیسی سنگین وائلیشنز کو روکنے کے لیے سڑکوں پر ٹائر کلر لگائے گئے، سیف سٹی کے کیمروں سے ون وے، بغیر ہیلمٹ، تیز رفتاری جیسی وائلیشن پر سختی سے کارروائیاں جاری ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ سڑکوں پر حادثات کی وجوہات کو جاننے کے لیے سپیشل مونیٹرنگ ڈیسک قائم کیا گیا، حادثات کی وجوہات کو جاننے کا مقصد مستقبل میں ایسے حادثات دوبارہ نہ ہوں۔ تعلیمی اداروں سمیت دیگر اداروں میں سیمینارز کے ذریعے لائسنس کی افادیت کو اجاگر کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق رواں سال ریگولر لائسنس حاصل کرنے والے شہریوں کی تعداد میں 213 فیصد اضافہ ہوا۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ نے کہا کہ تمام سی ٹی اوز، ڈی ٹی اوز حادثات کی روک تھام کیلئے خصوصی اقدامات کریں، سڑکوں پر انفورسمنٹ کو بڑھانے سے حادثات میں نمایاں کمی واقع ہوگی۔

فلسطینیوں کی جدوجہد جاری، اللہ کی حکمت سے سازشیں ناکام ہوں گی' علامہ سید جواد نقوی

غزہ کے المیے پر بے حسی انسانیت کی شرمناک تنزلی کی علامت ہے، سربراہ تحریک بیدارہ امت مصطفی

لاہور (سٹاف رپورٹر) تحریک بیدارہ امت مصطفی کے سربراہ علامہ سید جواد نقوی نے کہا ہے کہ غزہ کے المیے پر بے حسی انسانیت کی شرمناک تنزلی کی علامت ہے، جہاں ہزاروں معصوم بچے اور شہری بمباری کا شکار ہو رہے ہیں، وہاں یہ سوال اٹھتا ہے کہ حکمرانوں اور علما کے دل کہاں ہیں؟ اگر وہ جانوروں کی طرح بے حس نہیں ہو گئے ہیں، تو پھر عملی طور پر کوئی قدم کیوں نہیں اٹھایا جا رہا؟ علامہ سید جواد نقوی نے کہا کہ غزہ کے عوام کی مدد کرنے کی بجائے، بہت سے مسلم ممالک اور رہنماؤں نے ان پر ظلم کا عمل مزید بڑھا دیا ہے۔ ایران، حزب اللہ، انصار اللہ اور حشد الشعبی جیسے چند گروہ فلسطینیوں کی مدد کر رہے ہیں لیکن بیشتر مسلم حکمران اس بحران میں خاموش ہیں یا پھر ظلم کے عمل میں شریک ہو گئے ہیں۔ خاص طور پر خیانت کار حکمرانوں جیسے اردگان، محمد بن سلمان اور نہیان نے دیگر عالمی طاقتوں کے ساتھ مل کر فلسطینیوں کے لیے شام سے مدد کی راہ کو منقطع کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کی حکمت سے یہ تمام سازشیں ناکام ہوں گی۔ جب ایک دروازہ بند ہوگا، اللہ کئی اور دروازے کھولے گا۔ فلسطینی نہ صرف اپنی جدوجہد جاری رکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں بلکہ ان کی جدوجہد میں کامیابی کی کوئی طاقت رکاوٹ نہیں ڈال سکے گی۔ اس دوران دنیا کے باقی حکمران شرم اور ذلت میں ڈوبے رہیں گے۔

ویٹرنری یونیورسٹی کے تمام کیمپسز میں سابق ڈین فیکلٹی ویٹرنری سائنس پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال چوہدری (مرحوم) کے ایصال ثواب کیلئے تعزیتی اجلاس کا انعقاد

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ اور عشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
QIRAAT & NAAT SOCIETY UVAS
UVAS

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کے سٹی کیمپس سمیت تمام کیمپسز میں گزشتہ روز سابق ڈین فیکلٹی آف ویٹرنری سائنس/سابق چیئرمین پیتھالوجی ڈیپارٹمنٹ پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال چوہدری کے ایصال ثواب کے لیے تعزیتی اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال کا انتقال 18 دسمبر 2024 کو ہوا تھا۔ سٹی کیمپس لاہور میں تعزیتی اجلاس کی صدارت وائس چانسلر میری ٹوریس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (تمغہ امتیاز) نے کی جبکہ یونیورسٹی اساتذہ، ملازمین اور طلبہ کی بڑی تعداد نے مرحوم کے ایصال ثواب ومغفرت کے لیے فاتحہ خوانی کی۔ اپنے خطاب میں ڈاکٹر یونس نے گہرے غم کا اظہار کیا اور کہا کہ پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال کی موت ویٹرنری یونیورسٹی، ان کے طلبہ وخاندان کے لیے ایک بہت بڑا نقصان ہے۔ نیز انہوں نے ویٹرنری یونیورسٹی کے شعبہ پیتھالوجی کی ترقی میں پروفیسر ڈاکٹر ظفر کی ادا کی گئی گراں قدر خدمات کے بارے میں بھی شرکا کو تفصیلی بتایا۔ انہوں نے کہا کہ پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال نہ صرف ایک نامور پیتھالوجسٹ تھے بلکہ ایک عظیم انسان اور شفیق استاد بھی تھے جنہوں نے ہزاروں طلبہ کو شعبہ ویٹرنری سائنس سے متعلقہ تعلیم اور عملی تربیت دی۔ ویٹرنری یونیورسٹی میں حضرت ابوبکر صدیق ؓ کی خدمات اور کردار کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے سیمینار کا انعقاد قبل ازیں یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کی قرات اینڈ نعت سوسائٹی نے گزشتہ روز خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیق ؓ کی خدمات اور کردار کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کی صدارت وائس چانسلر میری ٹوریس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (تمغہ امتیاز) نے کی جبکہ دیگر اہم شخصیات میں ڈین فیکلٹی آف ویٹرنری سائنس پروفیسر ڈاکٹر انیلہ ضمیر درانی، ڈاکٹر سرور صدیق، ڈاکٹر غلام مصطفی کے علاوہ فیکلٹی ممبران اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس نے حضرت ابوبکر صدیق کی شان اور پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کے ساتھ محبت کے بارے بتاتے ہوئے کہا کہ وہ نبی پاک ﷺ کے قریب ترین ساتھی تھے اور ہر وقت ان کی محبت میں جان نثار کرنے کے لیے تیار رہتے تھے۔

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

مسئلہ فلسطین قوم کا ایک مسئلہ نہیں پوری انسانیت کیلئے لمحہ فکریہ ہے، جنرل (ر) عبدالقیوم

موجودہ صورتحال میں معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے اور مہنگائی کی شرح چھ فیصد سے بھی نیچے آچکی ہے۔ تاہم، یہ وقت آرام کرنے کا نہیں بلکہ مزید محنت کا ہے

فیصل آباد(میاں محمد ساجد) پاکستان سروس مین سوسائٹی کے صدر جنرل(ر) عبدالقیوم نے پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ ملکی معیشت، دہشتگردی، اور عالمی حالات پر کھل کر اظہار خیال کیا۔ انہوں نے موجودہ چیلنجز پر روشنی ڈالتے ہوئے ملک کی سلامتی اور ترقی کے لیے اہم تجاویز پیش کیں۔ جنرل(ر) عبدالقیوم نے کہا کہ ہماری یوتھ کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ فلسطین میں جو کچھ ہو رہا ہے، وہ صرف ایک قوم کا مسئلہ نہیں بلکہ پوری انسانیت کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ضروری ہے کہ نوجوان عالمی حالات اور ان کے اثرات کو سمجھیں اور ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ ملکی معیشت پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے اور مہنگائی کی شرح چھ فیصد سے بھی نیچے آچکی ہے۔ تاہم، یہ وقت آرام کرنے کا نہیں بلکہ مزید محنت کا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ ملک کی تعمیر وترقی میں ہر شہری کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، کیونکہ" اگر ملک نہیں ہوگا تو ہم بھی نہیں ہوں گے۔" جنرل(ر) عبدالقیوم نے دہشتگردی کو ملک کا سب سے بڑا مسئلہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ 2012 اور 2013 میں دہشتگردی کے باعث ہزاروں افراد جان سے ہاتھ دھو بیٹھے، لیکن میاں نواز شریف کے دور میں شروع کیے گئے آپریشنز کے باعث اموات کی شرح میں نمایاں کمی آئی۔ تاہم، حالیہ مہینوں میں دہشتگردی کی نئی لہر نے پھر خطرے کی گھنٹی بجا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے پیچھے کالعدم تنظیم ٹی ٹی پی کا بڑا ہاتھ ہے، جنہیں جدید اسلحہ میسر ہے جو افغانستان سے امریکی افواج کے انخلا کے بعد چھوڑا گیا۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ دہشتگردی کے خاتمے کے لیے فوری اور مشترکہ اقدامات کیے۔

وزیرآباد: فری فزیوتھراپی کا میڈیکل کیمپ کا اہتمام

کیمپ میں سینکڑوں مریضوں کا مفت معائنہ کیا گیا

وزیرآباد(نامہ نگار) فری فزیوتھراپی کا میڈیکل کیمپ کا اہتمام یوسف پولی کلینک پر کیا گیا جسمیں ڈاکٹر حافظ عمیر نے مریضوں کا مفت معائنہ کیا، اس موقع پر سکن اسپیشلسٹ ڈاکٹر حافظ محمد اسلم محمد یوسف مومن، آفاق طارق و دیگر بھی موجود تھے، کیمپ میں سینکڑوں مریضوں کا مفت معائنہ کیا گیا۔ ڈاکٹر حافظ محمد اسلم اور محمود یوسف نے کہا کہ اس قسم کے کیمپ کا انعقاد قابل تحسین ہیں اور ایسے کیمپ کا انعقاد کرنا چاہیے تاکہ عوام فری میڈیکل کیمپس سے مستفید ہوسکیں ۔ڈاکٹر حافظ عمیر نے کہا کہ کیمپ لگانے کا مقصد لوگوں کو بیماریوں اور علاج بارے آگاہی دینا ہے میڈیکل شعبہ میں انسانی اعضاء کے علاج کے لئے علیحدہ علیحدہ اسپیشلائزیشن کا رجحان فروغ پا چکا ہے ہر شعبہ کے الگ الگ ماہرین مریضوں کا علاج معالجہ کر رہے ہیں ،اسی طرح انسانی اعضاء کی درست ترتیب میں کسی خرابی کی وجہ سے پیدا ہونیوالی بزریعہ فزیوتھراپی دور کرنے میں بھی مہارت میڈیکل شعبہ کی لازمی جز بن چکی ہے ،فزیوتھراپی جسمانی اعضاء میں خرابی کو ایک خاص انداز میں مسلسل حرکت دیکر خرابی کو رفع کرنے میں مدد گار ہے اور بہت سی جسمانی حرکات کو بغیر کسی دوا صرف فزیوتھراپی سے معمول پر لایا جانا ممکن ہے ،فزیوتھراپی علاج بارے لوگوں کو آگاہی دینا وقت کی اہم ضرورت ہے ۔فری فزیوتھراپی کا میڈیکل کیمپ کا اہتمام یوسف پولی کلینک پر کیا گیا؛ جسمیں ڈاکٹر حافظ عمیر نے مریضوں کا مفت معائنہ کیا

اے ایس پی حسن بلال اور ایس ایچ او سٹی غازی اورنگزیب نے لوگوں کے مسائل سنے

پولیس چوبیس گھنٹے آپکی خدمت کے لیے دستیاب ہے شہری بغیر کسی ہچکچاہٹ کے تھانوں میں آئیں، اے ایس پی

وزیرآباد(نامہ نگار) مرکزی جامع مسجد غوثیہ میں نماز جمعہ کے موقع پر اے ایس پی حسن بلال اور ایس ایچ او سٹی غازی اورنگزیب نے لوگوں کے مسائل سنے اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر محمد آصف ہزاروی نے بھی عوام سے خطاب کیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن اور سی پی او گوجرانوالہ رانا ایاز سلیم کی ہدایات پر اے ایس پی سرکل وزیرآباد حسن بلال نے جامع مسجد غوثیہ میں نماز جمعہ کے موقع پر شہریوں کے مسائل سنے اور ان سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیس چوبیس گھنٹے آپکی خدمت کے لیے دستیاب ہے شہری بغیر کسی ہچکچاہٹ کے تھانوں میں آئیں اور اپنے شکایات درج کروائیں تمام تھانوں کے ایس ایچ او صاحبان انتہائی عاجزی کے ساتھ ہر ممکنہ تعاون کریں گے انہوں نے کہا کہ ڈکیتوں کے گرد گھیرا تنگ کریں گے اور پورا زور لگائیں گے کہ چوری ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں پر کنٹرول کریں اس سلسلہ میں پولیس کو عوامی تعاون کی ضرورت ہے سردی کا موسم ہے اس میں مختلف مقامات پر پولیس ناکے لگائیں گے اور پولیس کے گشت کے نظام کو اور بھی زیادہ بہتر بنائیں گے عوام کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ہے منشیات فروشوں کے خلاف بھی شکنجہ سخت کر رہے ہیں۔ عوام ہمیں اطلاع دیں انکا نام صیغہ راز رکھا جائے گا۔ ایس ایچ او سٹی غازی اورنگزیب نے کہا کہ شہر کے مصروف چوکوں میں پولیس لگادی گئی ہے ڈکیتیوں کے ملزمان کو پکڑنا ہمارے لیے چیلنج بن۔ چکا ہے جس کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کام ہو رہا ہے۔

جماعت جلالیہ پاکستان کی جانب سے یوم حضرت سیدنا ابوبکر صدیق ؓ منایا گیا

جماعت جلالیہ پاکستان کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان فقید المثال حضرت صدیق اکبر ؓ کانفرنس منعقد ہوئی

وزیرآباد(نامہ نگار) جماعت جلالیہ پاکستان ہر سال امیر المومنین خلیفہ اول بلافصل، افضل البشر بعد الانبیاء حضرت سیدنا ابوبکر صدیق کا یوم مبارک کشمیر سمیت ملک بھر میں بڑے تزک واحتشام سے مناتی ہے، اس حوالے سے مختلف شہروں میں سیمینارز اور کانفرنسز کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ جماعت جلالیہ پاکستان کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان فقید المثال حضرت صدیق اکبر ؓ کانفرنس منعقد ہوئی، صدارت جماعت جلالیہ پاکستان کے سربراہ شیخ الحدیث مفتی پیر سید محمد نوید الحسن شاہ مشہدی سجادہ نشین درگاہ مقدسہ بھکھی شریف نے کی۔ اس موقع پر صاحبزادہ میاں ولید احمد جواد شرقپوری مجددی سجادہ نشین آستانہ عالیہ شرقپور شریف، صاحبزادہ میاں جلیل احمد شرقپوری مجددی آستانہ عالیہ شرقپور شریف، درگاہ راشدیہ پیر چوگوٹھ سے پروفیسر ڈاکٹر صاحبداد سکندری ڈائریکٹر انسٹیٹیوٹ آف لینگویجز سندھ یونیورسٹی جامشورو، مفتی محمد رمضان سیالوی خطیب داتا دربار لاہور، علامہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور، پروفیسر ڈاکٹر محمد ظفر اقبال جلالی پرنسپل وشیخ الحدیث جامعہ اسلام آباد وسیکرٹری جنرل جماعت جلالیہ پاکستان، غازی ثاقب شکیل جلالی نائب صدر جماعت جلالیہ پاکستان، علامہ نواز بشیر جلالی جوائنٹ سیکرٹری جماعت جلالیہ پاکستان، ممتاز ثناء خوان حافظ طاہر قادری، قاری شاہد محمود قادری ،قاری مختار احمد جلالی آف وزیر آباد سمیت مشائخ عظام، علمائے کرام اور مختلف شعبہ حیات سے تعلق رکھنے والی مذہبی، دینی، ملی اور سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ ملک بھر سے شرکاء نے قافلوں کی صورت میں شرکت کی۔ کانفرنس ہال شرکاء کے جم غفیر سے مکمل بھرا ہوا تھا، کانفرنس کے انتظامات جماعت جلالیہ لاہور نے کیے اور نگرانی ملک محمد کاشف جلالی صدر جماعت جلالیہ لاہور نے کی۔ جماعت جلالیہ پاکستان کی طرف سے جماعت جلالیہ لاہور کو بہترین اقدامات کرنے پر اعزازی شیلڈ پیش کی گئی جو ملک محمد کاشف جلالی نے مفتی پیر سید محمد نوید الحسن شاہ مشہدی سے وصول کی۔ ایوان انبیاء افضل البشر، ابوبکر ابوبکر اور محفوظہ عن الخطاء، سیدہ فاطمۃ الزہراء اور گلی گلی نگر نگر، ابوبکر ابوبکر، کے نعروں سے گونجتا رہا۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مفتی پیر سید محمد نوید الحسن شاہ مشہدی سجادہ نشین درگاہ مقدسہ بھکھی شریف نے کہا حضرت سیدنا ابوبکر صدیق ؓ کا طرز حکمرانی اسلامی تعلیمات کا مظہر ہے، آپ ؓ نے دین اسلام اور تحفظ ناموس رسالت ؐ کے لیے ناقابل فراموش خدمات سرانجام دیں، آپ ؓ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا امت پر لازم اور ضروری ہے۔ صاحبزادہ میاں ولید احمد جواد شرقپوری مجددی نے کہا کہ آپ اسلام اور بانی اسلام کے لیے ہر میدان میں صف اول میں نظر آئے۔ صاحبزادہ میاں جلیل احمد شرقپوری مجددی نے کہا کہ معاشی عدم استحکام کا خاتمہ آپ کے طرز حکمرانی کی پیروی کرنے سے ہی ممکن ہے۔ مفتی محمد رمضان سیالوی نے کہا کہ دین اسلام کی سربلندی اور تبلیغ کے لیے حضرت صدیق اکبر کا کردار تاریخ کا ایک روشن باب ہے۔ علامہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی نے کہا کہ خانوادہ صدیق اکبر نے اسلام اور بانی اسلام کے لیے جو خدمات دیں وہ اپنی مثال آپ ہیں۔

مسلم لیگ (ن) کی حکومت ملکی معاشی ترقی کیلئے دن رات کوشاں ہے، عنصر محمود سندھو



وزیرآباد(نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) کے رہنما عنصر محمود سندھو نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) پاکستان کی ترقی وعوامی خوشحالی کا ایجنڈہ کامیاب بنانے کیلئے جدوجہد کر رہی ہے میاں محمد نواز شریف اور میاں محمد شہباز شریف کی قیادت میں عوامی خوشحالی کے ویژن کو عملی جامہ پہنایا جارہا ہے، مسلم لیگ (ن) کی حکومت ملکی معاشی ترقی کیلئے دن رات کوشاں ہے جس کے باعث معیشت استحکام کی جانب گامزن ہے، مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ملک کو بحرانوں سے نکالنے کی سیاست کی، احتجاج کی سیاست کرنیوالے عوام کے مفاد کی سیاست کریں منفی سیاست کی وجہ سے پی ٹی آئی تنہا ہو چکی ہے، عوام کی بلارنگ ونسل خدمت پاکستان مسلم لیگ ن کی اولین ترجیح ہے جس کیلئے ہمیشہ تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا گیا ہے

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق ؓ کی اسلام کیلئے خدمات اسلامی تاریخ کا انمول باب ہیں، فیصل ندیم گیلانی

حافظ آباد(ڈسٹرکٹ رپورٹر) جماعت اہلسنت کے ضلعی ناظم اعلی علامہ فیصل ندیم گیلانی نے یہاں خلیفہ اول حضرت سیدنا ابوبکر صدیق ؓ کی یاد میں منعقد ایک بہت بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یار غار داماد رسول حضرت سیدنا ابوبکر صدیق ؓ نے اسلام کے لئے جو گرانقدر قربانیاں اور خدمات سرانجام دیں وہ اسلامی تاریخ کا ایک انمول باب ہیں۔ فتنہ ارتداد کی آپ ؓ نے جس انداز میں سرکوبی کی۔ اس نے کفر کے ناپاک عزائم کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے خاک میں ملا دیا۔ لیکن آج امت مسلمہ کے حکمران اپنے مفادات کی خاطر لادینی طاقتوں کا آلہ کار بنکر ذلیل ورسوا ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم خلفائے راشدین ؓ اور حضور نبی کریم ﷺ کے امور حکمرانی پر عمل پیرا ہوں تاکہ کفر کی اسلام کے خلاف بڑھتی ہوئی سازشوں کا ملیامیٹ کرکے دین اسلام کے پرچم کو دنیا بھر میں بلند کیا جاسکے۔

شیخوپورہ: بوائلر سانحہ انکوائری، غفلت کے مرتکب اہلکار معطل

اسٹنٹ/انفورسمنٹ انسپکٹر بلڈنگز تحصیل مرید کے صفدر علی باجوہ کو ڈیوٹی سے معطل کیا گیا اور سیکرٹری تحصیل محرر ضلع کونسل محمد اصغر کو بھی اپنی ذمہ داری سے غفلت کرنے پر معطل کر دیا گیا

شیخوپورہ(بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ نے مقامی صنعتی یونٹ میں بوائلر پھٹنے کے واقعہ کی انکوائری کرتے ہوئے ذمہ داروں سے غفلت برتنے اور بدانتظامی کے مرتکب اہلکاران کو معطل کرنے کے احکامات جاری کر دیئے ہیں اور ان کی ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ کے مطابق پیڈا ایکٹ 2006 کے تحت انکوائری کمیٹی کی سفارشات پر عملدرآمد کرتے ہوئے اہلکاران کو معطل کیا گیا اسٹنٹ/انفورسمنٹ انسپکٹر بلڈنگز تحصیل مرید کے صفدر علی باجوہ کو ڈیوٹی سے معطل کیا گیا اور سیکرٹری تحصیل محرر ضلع کونسل محمد اصغر کو بھی اپنی ذمہ داری سے غفلت کرنے پر معطل کر دیا گیا اپنی ڈیوٹی سے غفلت برتنے والے افسران و اہلکاران کیساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

محکمہ سوشل ویلفیئر کی کمیٹی برائے بحالی معذوراں کا اجلاس: ڈپٹی کمشنر نے صدارت کی

پنجاب حکومت کی طرف سے معذور افراد کو سفری سہولت کے لیے جو ٹریولنگ کارڈ فراہم کیے گئے ہیں، انچارج سوشل ویلفیئر کی بریفنگ

شکرگڑھ (عمران عارف سے) ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی زیر صدارت محکمہ سوشل ویلفیئر کی کمیٹی برائے بحالی معذوراں کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں انچارج دارالامان میڈم، ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز ذیشان نیاز، ڈی زیڈ او، انچارج سپیشل ایجوکیشن سنٹر محمد یعقوب سمیت دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر نارووال کو انچارج سوشل ویلفیئر نے بتایا کہ پنجاب حکومت کی طرف سے معذور افراد کو سفری سہولت کے لیے جو ٹریولنگ کارڈ فراہم کیے گئے ہیں جس پر 50 فیصد رعایت دی گئی ہے اس پر معذور افراد کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور پرائیویٹ گاڑی مالکان معذور افراد کو خصوصی رعایت نہیں دے رہے جس پر ڈپٹی کمشنر نارووال نے سیکرٹری آر۔ٹی۔اے کو ہدایت کی کہ وہ تمام پرائیویٹ گاڑی مالکان کو اس امر کا پابند کریں کہ وہ پنجاب حکومت کی طرف سے معذور افراد کو فراہم کردہ ٹریولنگ ڈسکاونٹ کارڈ پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں تاکہ معذور افراد حکومتی سہولت سے بھرپور استفادہ حاصل کرسکیں۔

ریسکیو 1122 حافظ آباد: یوم شہداء پر تقریب کا اہتمام

اس دن کو منانے کا مقصد شہید اہلکاران کی بہادری اور فرض شناسی کو سلام پیش کرنا ہے، انجینئر عدنان نواز

حافظ آباد(بیورو رپورٹ) سیکرٹری پنجاب ایمرجنسی سروس ڈاکٹر رضوان نصیر کی ہدایت پر ریسکیو 1122 حافظ آباد کی جانب سے یوم شہداء منایا گیا۔ اس دن کی مناسبت سے ریسکیو کے ضلعی دفتر میں ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 انجینئر عدنان نواز اور دیگر ریسکیو آفیسران نے یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور ریسکیو کے شہید اہلکاروں کو گارڈ آف آنر پیش کیا۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر عدنان نواز کا کہنا تھا کہ 20 دسمبر یوم شہدائے ریسکیو کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد ریسکیو 1122 کے تمام شہید اہلکاروں اور بالخصوص 20 دسمبر کو دوران ڈیوٹی گکھڑ پلازہ راولپنڈی میں آگ بجھاتے شہید ہونے والے ریسکیو 1122 کے فائر فائٹرز کی بہادری، جرأت اور فرض شناسی پر ان کو سلام پیش کرنا ہے۔ انکا کہنا تھا کہ ایسے فرض شناس، باہمت اور بہادر اہلکار محکمے کا عظیم سرمایا اور فخر ہیں جنہوں نے عوام کے جان و مال کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا پوری قوم ایسے ریسکیو اہلکاروں کو انکی عظیم قربانیوں پر سلام پیش کرتی ہے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر سمیت دیگر ریسکیو آفیسرز اور شہید ریسکیو اہلکار نعمان عباس کے والد اور دیگر اہل خانہ نے شہید کی قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی جبکہ ریسکیو کے اہلکاروں نے شہید کو سلامی بھی پیش کی اور انکے درجات کی بلندی کے

دوروز سے لاپتہ آٹھ سالہ بچے کی نعش جوہر سے برآمد، بچے کو قتل کیا گیا ہے یا موت طبعی ہے تفتیش جاری

شکرگڑھ(عمران عارف سے) دوروز سے لاپتہ آٹھ سالہ بچے کی نعش جوہر سے برآمد تھانہ کوٹ نیناں کے علاقہ پیر کنڈیالہ میں 8 سالہ بچہ دوروز سے لاپتہ تھا کنڈیالہ کے قریبی جوہڑ سے 8 سالہ عمیر کی نعش برآمد ہوئی، بچہ لاہور سے گاؤں کنڈیالہ مہمان آیا ہوا تھا۔ پولیس کے مطابق بچے کا اغواء کا مقدمہ درج ہے۔ بچے کو قتل کیا گیا ہے یا موت طبعی ہے تفتیش جاری ہے۔

مرکزی جمعیت اہلحدیث تحصیل میاں چنوں: علماء کنونشن

ہمیں اس جماعت کے لئے اپنی تمام تر توانائیوں کو صرف کرنا چاہیے، حافظ عبدالستار الحماد

علماء کنونشن و کابینہ اجلاس

میاں چنوں(تحصیل رپورٹر) مرکزی جمعیت اہلحدیث تحصیل میاں چنوں کے زیر اہتمام سلطان کالونی گراؤنڈ میں علماء کنونشن و کابینہ اجلاس کا انعقاد کیا گیا، اجلاس کا آغاز قاری نوید آسی کی تلاوت قرآن سے اور سیف الرحمن کی نعت رسول مقبول سے ہوا ،اجلاس سے صدارتی خطاب کرتے ہوئے مفتی جماعت حافظ عبدالستار الحماد حفظہ اللہ نے فرمایا کہ جماعتی زندگی باعث خیر ہے اتفاق واتحاد کے ساتھ مل جل کر دین کی نشرواشاعت کرنے میں برکت ہے، ایک دوسرے کو برداشت اور تحمل کے ساتھ اچھا رویہ اختیار کیا جائے۔ اپنی تمام تر صلاحیتوں کو جماعتی ترقی اور دین کی نشرواشاعت میں صرف کرنا چاہیے۔ جماعت کے سرپرست اعلیٰ بزرگ عالم دین حافظ عبدالستار حفظہ اللہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا مرکزی جمعیت اہلحدیث ہمارے اسلاف کی جماعت ہے اور ہمیں اس جماعت کے لئے اپنی تمام تر توانائیوں کو صرف کرنا چاہیے، اپنے ذاتی مفاد اور ترجیحات کو جماعتی مفاد پر ترجیح دینی چاہیے۔ چوہدری شاہد محمود چوہدری امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث تحصیل میاں چنوں نے اپنے خطاب میں مستقبل کے عزائم اور اہداف کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہم تمام تر شعبہ جات میں جماعتی احباب کیلئے مضبوط

چوآسیدن شاہ! 73 ہندو یاتریوں پر مشتمل قافلہ شری کٹاس راج پہنچ گیا

مذہبی رسومات کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ مقدس تالاب امرت کنڈ میں اشنان کیا

چکوال(ایم ایوب سلطانی) چوآسیدن شاہ! 73 ہندو یاتریوں پر مشتمل قافلہ شری کٹاس راج پہنچ گیا* بھارت سے آنے والے 73 ہندو یاتریوں پر مشتمل قافلہ مذہبی رسومات کی ادائیگی کیلئے مذہبی ومتبرک مقام کٹاس راج پہنچ گیا جہاں وہ دیگر مذہبی رسومات کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ مقدس تالاب امرت کنڈ میں اشنان کر کے مذہبی عقیدہ کے مطابق گناہوں سے پاک ہوں گے جبکہ بالخصوص اپنا مذہبی تہوار "بھانو کمپیتی" اور دیپ مالا بھی منائیں یاتری یہاں دو روز قیام کریں گے ضلعی انتظامیہ نے سیکورٹی اور دیگر فول پروف انتظامات کر رکھے ہیں جبکہ اسسٹنٹ کمشنر حماد حامد اور متروکہ وقف املاک بورڈ کے افسران نے مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا*

زسری کے قریب تیز رفتار بے قابو مزا ٹرک نے دو موٹر سائیکلوں کو ٹکر ماردی

شیخوپورہ(بیورو رپورٹ) بائی پاس روڈ شرقپور چوک زسری کے قریب تیز رفتار بے قابو مزدا ٹرک نے بے دو موٹر سائیکلوں کو ٹکر ماردی جس کے نتیجہ میں موٹر سائیکلوں پر سوار تین افراد شدید زخمی ہو گئے جن میں سے ایک موقع پر جاں بحق ہو گیا زخمیوں کو ریسکیو اہلکاروں نے ہسپتال منتقل کر دیا اور جاں بحق شخص کی لاش پولیس کے حوالے کر دی جس کی شناخت 19 سالہ حمزہ کے نام سے ہوئی ہے زخمیوں میں 19 سالہ فیصل اور 35 سالہ صدیق شامل ہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق لائیوسٹاک کارڈ کی تقسیم

ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت گوجرانوالہ کے آفس میں تقریب کا انعقاد کیا گیا

گوجرانوالہ(نویدہ بخاری قوت بیورو) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق لائیو سٹاک کارڈ کی تقسیم کے لیے ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت گوجرانوالہ کے آفس میں تقریب منعقد کی گئی جس میں مہمان خصوصی ایم این اے محمود بشیر ورک کے کوارڈینیٹر سہیل بٹ اور رانا نصیر احمد چیئرمین کوٹ امر سنگھ تھے، ڈاکٹر محمد انیس ڈائریکٹر لائیو سٹاک گوجرانوالہ ڈویژن، میڈم صائمہ ارم سید ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک گوجرانوالہ، ڈاکٹر ہشام حبیب ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو سٹاک گوجرانوالہ اور ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت مسٹر جاوید اختر پڑھیار صاحب نے شرکت کی تحصیل گوجرانوالہ میں 151 کارڈ ریسیو ہوئے جو کہ مویشی پال حضرات میں ترجیحی بنیادوں پر تقسیم کر دیے گئے ہیں۔

تھانہ سٹی بی ڈویژن کے علاقہ جنڈیالہ روڈ پر دو مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر شہری کو لوٹ لیا

شیخوپورہ(بیورو رپورٹ) تھانہ سٹی بی ڈویژن کے علاقہ جنڈیالہ روڈ پر دو مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر جاوید سے پندرہ ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے اسی تھانہ کے علاقہ چنگڑ محلہ میں دو ڈاکوؤں نے شہری سے پانچ ہزار روپے نقدی موبائل فون و کاغذات چھین لئے تھانہ ہاؤسنگ کالونی کے علاقہ سلامت پورہ میں چار ڈاکو گن پوائنٹ پر شعیب سے پچیس ہزار روپے نقدی و موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔

سی بی اے یونین کے زیر اہتمام کرسمس کیک کٹنگ تقریب

ڈپٹی کمشنر کے اس احسان کو کبھی بھی فراموش نہیں کریں گے، اسحاق کھوکھر

تمام مسیحی بھائیوں کو

حافظ آباد(ڈسٹرکٹ رپورٹر) سی بی اے یونین کے زیر اہتمام میونسپل کمیٹی میں چیئرمین اسحاق کھوکھر کی زیر نگرانی کرسمس کا کیک کاٹنے کی تقریب منعقد ہوئی جس میں ایڈیشنل کمشنر/ایڈمنسٹریٹر حمد اللہ نے چیف آفیسر اکرام اللہ سندھو اپیکا کے صدر عبدالمجید گجر اور محمد امین کے ہمراہ کرسمس کا کیک کاٹا۔ اس موقع پر سی بی اے کے چیئرمین اسحاق کھوکھر نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے کرسمس کے موقع پر میونسپل کمیٹی کے ورکرز کو کرسمس سے قبل ایک تنخواہ دلوا کر انکی خوشیوں کو دوبالا کردیا ہے جس پر وہ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق، ایڈمنسٹریٹر حمد اللہ سمیت تمام افسران کے مشکور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ ڈپٹی کمشنر کے اس احسان کو کبھی بھی فراموش نہیں کریں گے اور اپنے فرائض پہلے سے زیادہ دلجمعی کے ساتھ انجام دیں گے۔

سینئر صحافی تجزیہ نگار راجہ ریاض احمد خان کی والدہ کی تیسری برسی کے موقع پر دعائیہ تقریب کا انعقاد

چنیوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) سینئر صحافی تجزیہ نگار راجہ ریاض احمد خان کی والدہ کی تیسری برسی کے موقع پر دعائیہ تقریب کا انعقاد تفصیلات کے مطابق ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل آف چنیوٹ میں زیر صدارت صدر شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ دعائیہ تقریب منعقد ہوئی جس میں جنرل سیکرٹری ڈاکٹر خالد یاسین کے علاوہ دیگر عہدیداران وممبران شورش آزاد ایڈووکیٹ پیر زادہ اقبال حسین شیخ جہانگیر احمد چنیوٹی اللہ دتہ اے ڈی نے شرکت کی دعائیہ تقریب میں سینئر صحافی راجہ ریاض احمد خان کی والدہ کے درجات کی بلندی کیلئے خصوصی دعا کی گئی دعا صدر شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ نے کروائی۔

ڈسٹرکٹ کونسل اوکاڑہ کی تجاوزات کے خلاف کارروائیاں جاری

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ کونسل اوکاڑہ کی ناجائز تجاوزات کے خلاف کارروائیاں جاری۔ ڈسٹرکٹ کونسل کے افسران و عملہ نے دیپالپور چوک اور 52 ٹو ایل روڈ پر ناجائز تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن کیا، متعدد دکانوں کے سامنے سے ناجائز رکھے گئے کاؤنٹر اور بنائے گئے تجاوزات ختم کر دیئے گئے۔ ڈسٹرکٹ کونسل کی جانب سے دکاندار کو متعدد بار نوٹس دیے گئے تھے۔ اس کے باوجود بھی دکانداروں اور ریڑھی بانوں کے کانوں تکے جوں تک نہیں رینگی۔ ڈسٹرکٹ کونسل عوام کو تحفظ فراہم کرنے اور ان سڑکوں پر ناجائز تجاوزات کی روک تھام کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں۔ یہ ناجائز تجاوزات راہگیروں کو گزرنے اور کبھی حادثات کا سبب بنتے ہیں۔

ساہیوال آرٹس کونسل: دوروزہ ادبی وثقافتی کانفرنس

ادبی مکالمات کے ساتھ ساتھ بھرپور ثقافتی سرگرمیاں بھی جاری

ساہیوال(مہراے ڈی نسیم سپرا سے) ساہیوال آرٹس کونسل کے زیراہتمام جاری دوروزہ ادبی وثقافتی کانفرنس کے دوران ادبی مکالمات کے ساتھ ساتھ بھرپور ثقافتی سرگرمیاں بھی جاری ہیں جس میں ملک کے نامور گلوکار وحدت رمیض کے ساتھ "شام غزل" کا انعقاد اور رائے احمد خاں کھرل کی جنگ آزادی میں لازوال قربانی پر سوجھل کا ڈرامہ "ایک رات راوی دی" پیش کیا گیا جس کے ہدایت کار رانا حماد افضل تھے۔ دونوں ثقافتی پروگراموں کے مہمانان خصوصی ممبران صوبائی اسمبلی ملک محمد ارشد اور نوید اسلم خاں لودھی اور سیاسی رہنما عائشہ ارشد خاں لودھی تھیں۔ وحدت رمیض نے اپنی شاندار گلوکاری سے سامعین کے دل موہ لئے جس میں انہوں نے مہدی حسن سمیت مختلف نامور گلوکاروں کی گائی ہوئی غزلوں کے ساتھ اپنی غزلیں بھی پیش کیں۔ پروگرام کی میزبانی سید آمنہ ریاض نے کی۔ ڈرامہ "ایک رات راوی دی" میں فنکاروں نے جنگ آزادی 1857 کے پس منظر میں خطہ ساہیوال کے ہیرو رائے احمد خاں کھرل کی جدوجہد اور اس میں انگریز حکومت کا ساتھ دینے والے مقامی جاگیرداروں بارے خوبصورت ڈرامہ پیش کیا جس کی ہدایت کاری ساہیوال آرٹس کونسل کے صدر بورڈ آف مینجمنٹ رانا حماد افضل نے دی تھی۔ ڈرامہ کی خاص بات تمام فنکاروں کا مقامی ہونا تھا جنہوں نے اپنی جاندار اداکاری سے سامعین کو محظوظ کیا۔

ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کا اجلاس تین منصوبوں کی منظوری

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین ویڈیو لنک کے ذریعے منسلک تھے

گوجرانوالہ(نویدہ بخاری قوت بیورو) ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے اجلاس ہائی ویز اور لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے 40 کروڑ، 10 لاکھ روپے لاگت کے تین منصوبوں کی منظوری دیدی گئی ہے، کمیٹی کا اجلاس کمشنر سید نوید حیدر شیرازی کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد بھی شریک ہوئے جبکہ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین ویڈیو لنک کے ذریعے منسلک تھے، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ عبدالرؤف اور ایس ای ہائی ویز نے منصوبوں بارے بریفنگ دی۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے بتایا کہ گکھڑ تا کلیر 95.10 کلو میٹر سڑک کی تعمیر اور اسے چوڑا کرنے کے منصوبے پر 36 کروڑ 90 لاکھ روپے خرچ ہوں گے، منصوبے سے علاقہ کے دیہات پیر کوٹ، عادل گڑھ، پٹھان چک سمیت دیگر دیہات کے شہریوں کو آمد و رفت اور اجناس کی کھیت سے منڈی تک منتقلی میں آسانی ہوگی۔ دریں اثناء کمیٹی نے تحصیل ڈسکہ کی یونین کونسل گوئندکے، بھادی والا، جامکے کے علاقوں گلیوں، نالیوں، ٹف ٹائلز، پی سی سی سیوریج کی سکیموں کے لئے 16 کروڑ روپے، سوہاوہ سرکل، آدمکے، کے علاقوں میں گلیوں، نالیوں، ٹف ٹائلز، پی سی سی سیوریج کی سکیموں کے لئے 16 کروڑ روپے لاگت کے منصوبے کی منظوری دیدی ہے۔ کمشنر نے ہائی ویز اور لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کو ہدایت کی کہ پراجیکٹس کے تخمینہ میں ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جن ایشوز کی نشاندہی کی گئی ہے انہیں مدنظر رکھا جائے۔

چوہدری نواز کوہاڑ ایڈووکیٹ وشرکاء کیجانب سے انکے ڈیرہ پر امیدوار صدر چوہدری عرفان اللہ وڑائچ کے اعزاز میں پر تکلف عشائیہ

سیالکوٹ(خواجہ عامر جاوید سے) چوہدری نواز کوہاڑ ایڈووکیٹ وشرکاء کیجانب سے انکے ڈیرہ واقع ہیڈ مرالہ میں ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کے نامزد امیدوار صدر چوہدری عرفان اللہ وڑائچ کے اعزاز میں پر تکلف عشائیہ دیا گیا۔ اس موقع پر سابق صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ شاہد میر ایڈووکیٹ، ایس اینڈ اے کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان ایڈووکیٹ، امیدوار ممبر پنجاب بار کونسل سیالکوٹ سیٹ حسن سرفراز بھلی فیصل تیمور سیٹھ، بیرسٹر وقاص ابریز خان و دیگر معزز وکلاء نے اپنے خطاب میں چوہدری عرفان اللہ وڑائچ کی کامیاب کمپیئن ووٹ وسپورٹ کیساتھ بھاری اکثریت سے کامیابی کا عندیہ دیا۔

ایڈوائزر برائے وفاقی محتسب پاکستان کی پوسٹ آفس حافظ آباد میں کھلی کچہری

ایڈوائزر وفاقی محتسب نے بعض درخواستوں پر موقع پر احکامات جاری کیے

حافظ آباد(بیورو رپورٹ) ایڈوائزر برائے وفاقی محتسب پاکستان محمد عارف خان کنڈی نے پوسٹ آفس حافظ آباد میں کھلی کچہری لگا کر عوام کے شکایات سنیں۔ اس موقع پر شہریوں نے سوئی گیس واپڈا، ریلوے نادرا، پاسپورٹ آفس اور بینکوں کے خلاف مختلف شکایات کرتے ہوئے تحریری درخواستیں دیں۔ جس پر ایڈوائزر فاقی محتسب نے بعض درخواستوں پر موقع پر احکامات جاری کیے اور بعض درخواستوں پر محکموں سے رپورٹس طلب کیں شہریوں نے محمد عارف خان کنڈی کو بتایا کہ ریلوے اسٹیشن پر آن لائن ٹکٹ اور بکنگ کی سہولت نہ ہے جبکہ لاکھوں روپے مالیت کمپیوٹرز بھی محکمہ نے دے رکھے ہیں۔ جبکہ ریلوے اسٹیشن پر مسافر خانہ کی چھت نہ ہونے سے بھی مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مزید برآں شہریوں نے نادرا میں سیکنڈ شفٹ شروع کرنے کا بھی مطالبہ کیا جبکہ سوئی گیس کی کنیکشن لگانے کی جانب بھی توجہ مبذول کروائی۔ اس موقع پر شہریوں نے ایڈوائزر کی جانب سے کھلی کچہریوں کے انعقاد کی بھی تعریف کی اور زور دیا کہ ایڈوئزر ہر ماہ بعد یہاں پر کھلی کچہری کا انعقاد کریں۔ بعد ازاں ایدھی حافظ آباد عبدالجبار رضا انصاری، سماجی کارکنان امتیاز اپل اور گوہر حسنین نے بھی محمد عارف خان کنڈی سے ملاقات کی اور انہیں ضلع کے مسائل سے آگاہ کیا۔

ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نئی تعمیر کردہ سبزی، فروٹ اور غلہ منڈیوں کو جلد فعال بنانے کے حوالے سے منٹگمری ہال میں منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مصطفی آباد/للیانی: گراں فروشی عروج پر شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا

مصطفی آباد/للیانی(نمائندہ قوت) مصطفی آباد کے علاقوں وڈانہ، سرہالی، دفتوہ، بیدیاں اور کھلو ہی میں گراں فروشی اپنی انتہا کو پہنچ چکی ہے۔ بڑا گوشت، چھوٹا گوشت، برائلر، پھل، سبزیاں اور دیگر اشیائے خوردونوش کی قیمتیں آسمان کو چھونے لگی ہیں جبکہ انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ دکانداروں نے سرکاری نرخ نامے کو ہوا میں اڑا دیا ہے جس کے باعث شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ شہریوں کا شکوہ ہے کہ حکومتی مشینری قیمتوں کو قابو کرنے میں مکمل ناکام دکھائی دیتی ہے اور پرائس کنٹرول کمیٹیاں مبینہ طور پر چشم پوشی سے کام لے رہی ہیں۔ مصطفی آباد کے باسیوں نے وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف اور ڈپٹی کمشنر قصور سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کو سرکاری نرخوں پر یقینی بنایا جائے اور گراں فروشوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے تاکہ عوام کو ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

ملک میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا جارہا ہے، بیگم طلعت شوکت چیمہ

مسلم لیگ (ن) نے سخت حالات میں حکومت بنائی اور دن رات محنت کر کے حالات بہتر کیے ہیں

وزیرآباد(نامہ نگار) سابق ایم پی اے وضلعی صدر حلقہ خواتین مسلم لیگ (ن) بیگم طلعت شوکت چیمہ کی مرکزی راہنما مسلم لیگ (ن) حمزہ شہباز سے ملاقات اور علاقہ کے مسائل بارے گفتگو کی، اس موقع پر اظہر قیوم ناہرا ضلعی نائب صدر عامر زمان ساہی ودیگر بھی ہمراہ تھے۔ مسلم لیگ (ن) نے اپنے ہر دور اقتدار میں ملکی ترقی وعوامی خوشحالی کو ترجیح دی اور اب بھی اسی کاز کی تکمیل کی خاطر تمام تر صلاحیتیں اور توانائیاں بروئے کار لائی جارہی ہیں، پی ٹی آئی حکومت کے دور کی تباہی و بربادی کے ایک سیاہ دور کے بعد وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی کوششوں سے پاکستان ایک مرتبہ پھر سے اپنے پاؤں پر کھڑا ہو رہا ہے، عوام کی زندگی آسان بنائی جارہی ہے، ملک میں ترقی منصوبوں کا جال بچھایا جارہا ہے، سعودی عرب ہر مشکل وقت میں ہمارے ساتھ کھڑا رہا، جب بھی پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہونے لگتا ہے تو کچھ ایسے عناصر پاکستان میں موجود ہیں وہ فساد برپا کرنے کوشش کرتے ہیں، مسلم لیگ (ن) نے سخت حالات میں حکومت بنائی اور دن رات محنت کر کے حالات بہتر کیے ہیں، پارٹی کیلئے بےلوث کام کرنیوالے ورکرز اثاثہ ہیں، مسلم لیگ (ن) ہمیشہ عوامی خدمت کی سیاست کی ہے۔

قلعہ شدیو سنگھ کے قریب دن دیہاڑے ڈکیتی کی سنگین واردات

موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر دو شہریوں کو لوٹ لیا

مانانوالہ (سید علی عباس گیلانی سے) قلعہ شدیو سنگھ کے قریب دن دیہاڑے ڈکیتی کی سنگین واردات پیش آئی آتشیں اسلحہ سے لیس موٹر سائیکل سوار دو نامعلوم ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر دو شہریوں کو لوٹ لیا اور فرار ہوتے میں کامیاب ہو گئے بتایا جارہا ہے کہ ڈاکوؤں کے ہاتھوں لٹنے والے دونوں شہریوں کا تعلق فیروزوٹواں سے ہے اور دونوں شعبہ صحافت سے وابستہ ہیں ملک نصر اور خالد حسین نامی شہریوں سے ڈاکو موٹر سائیکل ،موبائل فون اور ایک لاکھ روپے کے قریب نقدی رقم لوٹ کر فرار ہوتے۔ دن دیہاڑے ڈکیتی کی واردات سے شہری خوف وہراس میں مبتلا ہو گئے مانانوالہ پولیس نے مقدمہ درج کر کے کارروائی کا آغاز کر دیا ہے

ایڈیٹوریل
DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پاکستان کی ایٹمی میزائل ٹیکنالوجی پر نئی امریکی پابندیاں

امریکہ نے پاکستان کی ایٹمی ٹیکنالوجی کے خلاف اپنی سازشوں کا پھر آغاز کر دیا ہے۔ اس سلسلہ میں امریکہ کی جانب سے پاکستان کے بیلسٹک میزائل پروگرام میں تعاون کے الزام میں نیشنل ڈویلپمنٹ کمپلیکس سمیت چار اداروں پر اضافی پابندیاں عائد کر دی گئی ہیں۔ اس حوالے سے امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان میتھیو ملر کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ امریکہ نے اپنے ایک ایگزیکٹو آرڈر کے تحت پاکستان کے کچھ نجی اداروں پر اضافی پابندیاں عائد کی ہیں۔ بیان کے مطابق پاکستان نیشنل ڈویلپمنٹ کمپلیکس نے، جو پاکستان کے بیلسٹک میزائل پروگرام کا ذمہ دار ہے، پاکستان کے لانگ رینج بیلسٹک میزائل پروگرام کو آگے بڑھانے کے لئے کچھ مواد کے حصول کے لئے کام کیا ہے۔ امریکہ کی جانب سے ایسا ہی الزام ایفیلی ایٹس انٹرنیشنل، اختر اینڈ سنز پرائیویٹ لمیٹڈ اور راک سائیڈ انٹر پرائزز پر بھی عائد کیا گیا ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق مذکورہ چاروں پاکستانی اداروں کے خلاف ٹرمپ کے اقتدار سنبھالنے سے ایک ماہ قبل پاکستان کے بیلسٹک میزائل پروگرام کو آگے بڑھانے کے اقدامات کے الزام میں کارروائی کی جا رہی ہے۔ پاکستان کی جانب سے بجا طور پر اس امریکی اقدام پر سخت ردعمل کا اظہار کیا گیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے اس حوالے سے اپنے جاری کردہ بیان میں پاکستان کے میزائل پروگرام پر امریکہ کی مزید پابندیوں کو متعصبانہ اور دوہرے معیار کے مترادف قرار دیا اور کہا کہ اس سے خطے میں فوجی عدم توازن بڑھے گا۔ انہوں نے باور کرایا کہ پاکستان کی سٹریٹجک صلاحیت خودمختاری کے دفاع اور جنوبی ایشیا میں امن و استحکام کے لئے ہے اور پاکستان کے میزائل پروگرام پر ملک کے 24 کروڑ عوام کا مقدس بھروسہ ہے۔ ہمیں پاکستان کے نجی تجارتی اداروں پر امریکی پابندیاں عائد کرنے پر بھی افسوس ہے۔ ماضی میں تجارتی اداروں کی اسی طرح کی فہرستیں بغیر کسی ثبوت کے محض شکوک و شبہات کی بنیاد پر جاری کی گئیں جبکہ پاکستان ایٹمی عدم پھیلاؤ کے اصولوں پر سختی سے عمل پیرا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے واضح کیا کہ ایسے دوہرے معیارات اور امتیازی اقدامات ایٹمی ہتھیاروں کے عدم پھیلاؤ کی کوششوں کی ساکھ کو نقصان پہنچائیں گے اور عالمی امن کو بھی خطرے میں ڈالیں گے۔ پاکستان نے اس پر بھی گہری تشویش کا اظہار کیا کہ ماضی میں دوسرے ممالک کو جدید فوجی ٹیکنالوجی کے حصول کے لئے لائسنس کی شرط بھی ختم کر دی گئی جبکہ اب پاکستان کے بیلسٹک میزائل پروگرام پر مزید پابندیاں عائد کی جا رہی ہیں۔ امریکی سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کا کہنا ہے کہ پاکستان کے ایٹمی ٹیکنالوجی سے متعلق اداروں پر ایگزیکٹو آرڈر 13382 کے تحت اضافی پابندیاں عائد کی گئی ہیں۔ یہ پابندیاں ایسے افراد یا اداروں پر لگائی جاتی ہیں جو بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں کی ترسیل کے ذرائع اور ان ہتھیاروں کے حصول، ان کی ملکیت، ترقی، منتقلی یا ان کے استعمال میں ملوث ہوں یا اس کے لئے معاونت کریں۔ امریکی دفتر خارجہ کے بقول امریکہ ایٹمی ہتھیاروں کے پھیلاؤ اور اس سے منسلک تشویشناک سرگرمیوں کے خلاف اقدامات جاری رکھے گا۔ یہ امر واقع ہے کہ پاکستان کا ایٹمی قوت سے ہمکنار ہونا امریکہ اور اس کے حواریوں کو شروع دن سے ہی ایک آنکھ نہیں بھا رہا۔ جب 1974ء میں بھارت کے پہلے ایٹمی دھماکے کے بعد اس وقت کے وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان کو ایٹمی قوت بنانے کا فیصلہ کیا اور اس کے لئے ڈاکٹر عبدالقدیر خاں کے ذریعے ایٹمی پروگرام کا آغاز کیا تو چہ جائیکہ امریکہ بھارت پر ایٹمی دھماکے کی پاداش میں عالمی اقتصادی پابندیاں عائد کراتا، اس نے پاکستان کے ایٹمی پروگرام کے خلاف ہی سازشوں کا آغاز کر دیا اور 1981ء میں جنرل ضیاء الحق کے دور میں جب پاکستان ایٹمی صلاحیت سے سرفراز ہو چکا تھا، اسرائیل نے امریکی آشیرباد کے تحت پاکستان کی ایٹمی تنصیبات پر فضائی حملے کی کوشش کی جو بروقت اطلاع ملنے پر پاک فضائیہ کے چاک و چوبند دستے نے اسرائیلی جہازوں کا رخ موڑ کر ناکام بنائی۔ اسی طرح بھارت نے جب 2 مئی 1998ء کو دوبارہ ایٹمی دھماکے کر کے پاکستان کی سلامتی کو چیلنج کیا تو امریکی زبانیں گنگ رہیں اور بھارت پر اقتصادی پابندیاں عائد کرنے کی بجائے اس کی حوصلہ افزائی کی گئی مگر جب بھارت کو مسکت جواب دینے کے لئے پاکستان کے اس وقت کے وزیراعظم نوازشریف نے پاکستان کے بھی ایٹمی طاقت بننے کا اعلان کرنے کا عزم باندھا تو امریکہ کی جانب سے پاکستان کو ایٹمی دھماکہ کرنے سے روکنے کے لئے نوازشریف کو مختلف لالچ اور ترغیبات دینے کا سلسلہ شروع کر دیا گیا اور ساتھ ہی ساتھ انہیں سنگین نتائج کی دھمکیاں بھی دی جانے لگیں۔ اس کے باوجود نوازشریف نے پاکستان کی سلامتی کے تحفظ کی خاطر 28 مئی کو مسلسل تین بار ایٹمی بٹن دبا کر پاکستان کے ایٹمی قوت بننے کا باضابطہ اعلان کیا تو بھارت اور اسرائیل کی ایٹمی صلاحیتوں پر ان کی جانب اپنی آنکھیں بند رکھنے والے امریکہ نے پاکستان پر اقوام متحدہ کے ذریعے عالمی اقتصادی پابندیاں عائد کرانے میں ذرہ بھر دیر نہ لگائی جو اس کی کھلی منافقت اور دوہری پالیسیوں کا ٹھوس ثبوت ہے۔ اسی طرح پوری اقوام عالم اس حقیقت سے آگاہ ہیں کہ ایٹمی ہتھیاروں کی تیاری اور پھیلاؤ میں امریکہ ہی سرفہرست ہے جو اپنے ہی لاگو کئے گئے ایٹمی عدم پھیلاؤ کے معاہدوں کی بھی پاسداری نہیں کرتا اور ایٹمی ہتھیاروں کی فروخت کی منڈی کا سرغنہ بنا ہوا ہے۔ اپنے ہتھیار فروخت کرنے کے لئے ہی امریکہ مختلف ممالک کے مابین جنگ کی سازشیں کرتا اور راستے نکالتا ہے اور پھر ایک دوسرے کے خلاف برسرپیکار ممالک کو ایٹمی جنگی ہتھیار فراہم کر کے جنگ کی آگ بھڑکاتا ہے۔ یوکرائن اور روس کے مابین جاری جنگ اور غزہ میں غاصب اسرائیل کی بربریت اس کا تازہ ثبوت ہے کیونکہ ان دونوں جنگی محاذوں پر اسرائیل اور یوکرائن کو مکمل امریکی سرپرستی حاصل ہے اور وہ مظلوم فلسطینیوں اور روس کے خلاف امریکی ساختہ ہتھیار ہی بے دریغ استعمال کر رہے ہیں۔ اسی طرح امریکہ ایک معاہدے کے تحت بھارت کو بھی نہ صرف ایٹمی ہتھیار فراہم کر رہا ہے بلکہ ان ہتھیاروں کی تیاری میں بھی بھارت کی معاونت کر رہا ہے جس سے اس پورے خطے کے امن و سلامتی پر سنگین خطرے کی تلوار مسلسل لٹکی ہوئی ہے۔ پانچ ایٹمی ممالک کا کلب بھی امریکی ساختہ ہی ہے جو ایٹمی پھیلاؤ کی بنیاد پر کسی قسم کی پابندیوں سے خود کو آزاد سمجھتے ہیں۔

صحابیات کا کردار اور اسلام کی اشاعت کیلئے خدمت

سعدیہ نامہ
تحریر
حافظہ عالمہ سعدیہ عباسی
ایم فل سکالر

اسلام کے ابتدائی دنوں میں جب ہر طرف مخالفت اور مصائب کا طوفان بپھر رہا تھا۔ ان دنوں میں جب مشکلات نے اسلام کو گھیرا ڈال رکھا تھا۔ تب ایک ایسی ہستی نے اپنے مال، وقت اور محبت کے ساتھ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا بھرپور ساتھ دیا تھا۔ یہ ایک خاتون تھی۔ جن کا نام حضرت خدیجۃ الکبریٰ تھا۔ جو آپ کی ازواج مطہرات میں سے پہلی ازواج تھی۔ جنہوں نے آپ کا ساتھ تب بھی دیا جب تمام لوگ آپکے خلاف تھے۔ یہ پوری زندگی آپ کا ساتھ دیتی رہی اور ہر مشکل حالات میں آپ کو صبر کرنے کی تلقین کرتی رہتی تھی۔

ایک دن جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم غار حرا سے وحی کا بوجھ لے کر کانپتے ہوئے واپس آئے تو یہی وہ پہلی خاتون تھی جنہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حوصلہ اور تسلی دی تھی اور کہا:

آپ غم نہ کریں، اللہ آپ کو کبھی ضائع نہ کرے گا۔ آپ صلہ رحمی کرتے یتیموں کی مدد کرتے، مظلوموں کے حق میں کھڑے رہنے والوں میں سے ہیں۔

یہ الفاظ اسی ہستی کے تھے۔ جنہوں نے اپنی زندگی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور دین اسلام کے لئے وقف کر دی۔ ان کو صحابیات کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ ان کے علاوہ اور بھی بہت سی صحابیات ہیں جنہوں نے اپنی تمام زندگی اور کچھ نے اپنی اسلام میں داخل ہونے کے بعد کی تمام زندگی دین اسلام کے لئے وقف کر دی۔ یہ وہ صحابیات تھیں جنہوں نے اسلام کے اندر آنے کے بعد دنیا کی زندگی کو خیرآباد کہہ دیا تھا اور آخر دم تک دین اسلام پر قائم رہی تھی۔ صحابیات ان عظیم خواتین میں سے ہیں جو ہمارے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں اسلام لائی تھی۔ انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا بھی تھا۔ یہ ایمان کی حالت میں ہی وفات پائی تھی۔ ان خواتین کو اسلام کے ابتدائی دور میں ہی عظیم قربانیوں کا شرف حاصل ہوا بلکہ انہوں نے اسلام کی تعلیمات اور ترقی کو فروغ دینے میں بھی اہم کردار ادا کیا۔ صحابیات نے اپنے سامنے آنے والی ہر مشکل کا سامنا صبر و استقامت سے کیا۔ صحابیات میں سے کچھ نے اپنے مال اور دولت سے اسلام کی خدمت کی۔ ان میں سے کچھ نے اپنے علم کے ذریعے سے اسلام کی خدمات انجام دی۔ انہی میں سے کچھ ایسی تھی جو میدان جنگ میں بطور جنگجو کی حیثیت سے اپنی خدمات سرانجام دیا کرتی۔ صحابیات نے دین اسلام میں اپنا بھرپور کردار نبھایا اس کے ساتھ ساتھ گھریلو زندگی میں بھی ان کا کردار نہایت اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے اپنے گھروں کو دین اسلام کی روشنی سے اجاگر کیا اس کے ساتھ گھر کے معاملات کو تقویٰ اور صبر سے چلایا۔ ان کی زندگیاں ہمیں نہ صرف گھریلو زندگی کا سبق دیتی ہیں بلکہ ہمیں یہ بھی سکھاتی ہیں کہ ایک عورت اپنے گھر کو دین کا گہوارہ کیسے بناتی ہے۔ صحابیات کی زندگیاں نہایت سادگی اور قناعت پر مبنی ہے۔ صحابیات نے اپنے شوہروں کے ساتھ بھی محبت اور وفاداری اور ہر طرح کے حالات میں تعاون کا اعلیٰ نمونہ پیش کیا۔ صحابیات نے اپنے بچوں کی تربیت میں اور انہیں دین کا حقیقی داعی بنانے میں بھی اہم کردار ادا کیا۔ صحابیات اپنے گھروں میں عبادات کو ترجیح دیا کرتی تھی اور گھر کو روحانی ماحول کا مرکز بناتی تھی۔ صحابیات نے نہ صرف خود کے گھروں میں مثالی زندگی قائم کی بلکہ دیگر خواتین کے لئے بھی مشعل راہ بنیں۔

صحابیات کی زندگیوں سے راہنمائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ جیسے دیکھا جائے تو صحابیات کا ایمان مضبوط تھا۔ وہ دنیاوی خواہشات کو کبھی بھی دین اسلام پر ترجیح نہ دیتی تھی۔ جیسے حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے اپنے مال کو اور زندگی کو دین کے لئے وقف کر دیا تھا۔ جبکہ آج کل کی خواتین دین سے وابستہ ہیں۔ مگر دنیاوی مصروفیات، فیشن اور مادی زندگی ان کے دینی معاملات میں رکاوٹ بن جاتے ہیں۔ بہت سی خواتین دین کی بنیادی تعلیمات سے کوسوں دور ہوتی چلی جا رہی ہیں جیسے نماز اور حجاب وغیرہ۔ دین کو اکثر دوسرے نمبر پر رکھ کر دنیاوی ترجیحات کو جیسے کیریئر، شہرت اور مادی آسائشیں ان کے لئے پہلے نمبر پر آتی ہیں۔ صحابیات کی زندگی میں صبر اور قربانی کی اعلیٰ مثال موجود ہے۔ وہ دین اسلام کی خاطر اپنی جان، مال یہاں تک کہ اولاد تک کو قربان کر دیا کرتی تھی۔ جیسے حضرت خنساء رضی اللہ عنہا نے اپنے چار بیٹوں کی شہادت پر صبر کرتے ہوئے اللہ کا شکر ادا کیا۔ جبکہ آج کی خواتین اس معاملے میں بہت کمزور دکھائی دیتی ہیں۔ ان کی زندگیوں میں صبر کی جگہ اب مایوسی اور جلد بازی نے لے لی ہے۔ اس معاملے میں بہت سی خواتین مشکلات کے مقابلے میں کمزوری دکھاتی ہیں۔ صحابیات نے اپنے گھروں کے معاملات بھی دین کے مطابق ہی چلائے جس کے برعکس وہ بہترین بیویاں، مائیں، بہنیں بن سکیں۔ آپ ﷺ کی زوجہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی مثال ایک بہترین مثال ہے۔ آج کے دور کی عورتیں کیریئر اور سماجی مصروفیات کی وجہ سے گھریلو ذمہ داریوں کو ثانوی سمجھتی ہیں۔ اولاد کی تربیت کے معاملے میں وقت کی کمی اور دینی علم کی کمی بچوں پر منفی اثر ڈال رہی ہے۔

صحابیات بھی علم حاصل کرنے کی شوقین تھی۔ انہوں نے دینی اور دنیاوی دونوں علوم سے آگاہی حاصل کر رکھی تھی۔ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی تھی انہوں نے بڑی بہادری اور حکمت و دانائی کے ساتھ مکہ سے مدینہ ہجرت کرنے میں نبی پاک ﷺ کی مدد کی تھی۔ اس کے برعکس دیکھا جائے تو آج کی عورتیں تعلیم کے معاملے میں تو ترقی کر رہی ہیں، لیکن اکثر یہ تعلیم دین کی بجائے دنیاوی مقصد کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ دینی علم کی کمی کی وجہ سے زندگی کے اہم فیصلے اسلامی اصولوں کے مطابق نہیں کئے جاتے۔ صحابیات کی زندگی شرم و حیاء کا پیکر تھی۔ صحابیات پردے کا بخوبی اہتمام کیا کرتی تھی۔ صحابیات دین کے احکامات پر عمل کرتی تھیں۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا اور بھی دیگر صحابیات نے حجاب کو اپنی زندگی کا حصہ بنا رکھا تھا۔ آج شرم و حیاء کا معیار ہی تبدیل ہو چکا ہے۔ فیشن، میڈیا اور سماجی دباؤ کی وجہ سے آج کے دور کی خواتین پردے اور حجاب کے احکام سے کوسوں دور ہو چکی ہیں۔ صحابیات دین کے دفاع کے لئے ہر وقت تیار رہا کرتی تھی۔ آج کل کی عورتیں ایسے معاملات میں بالکل خاموش نظر آتی ہیں۔ کچھ خواتین ہیں جو دین اسلام پر کھل کر بات کرتی ہیں۔

صحابیات میں سے حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا جو اسلام کی سب سے پہلی شہید خاتون تھی۔ یہ اسلامی تاریخ میں قربانی، ایمان کی مضبوطی اور استقامت کا ایک روشن مثال واقعہ ہے۔ آپ کا شمار ان بلند پایہ صحابیات میں ہوتا ہے جنہوں نے اسلام کی راہ میں سخت ترین اذیتوں کا سامنا کیا۔ آپ کا شمار مکہ کے ان سات افراد میں ہوتا ہے جنہوں نے اول وقت میں اسلام قبول کر لیا تھا۔ جن کے نام ہیں حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہا، حضرت بلال رضی اللہ عنہ، حضرت خباب رضی اللہ عنہ، حضرت صہیب رضی اللہ عنہ، آپ کے شوہر حضرت یاسر رضی اللہ عنہ اور آپ کے بیٹے حضرت عمار رضی اللہ عنہ یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے سچے دل سے اسلام قبول کیا تھا۔ آپ رضی اللہ عنہا مکہ کے ایک غریب گھرانے سے تعلق رکھتی تھیں۔ آپ رضی اللہ عنہا حضرت یاسر رضی اللہ عنہ کی زوجہ تھی۔ آپ رضی اللہ عنہا حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی والدہ تھیں۔ اسلام کے ابتدائی دنوں میں یہ خاندان ایمان لایا تھا۔ جس وجہ سے مکہ کے کفار کی سختیوں اور اذیتوں کا شکار ہوا۔ حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا اور ان کے خاندان کو مکہ کے گرم ریتیلے صحرا میں لے جا کر دھوپ میں باندھ دیا جاتا تھا۔ انہیں کہا جاتا کہ اسلام چھوڑ دیں انہیں اسلام چھوڑنے پر مجبور کیا جاتا مگر یہ اور ان کے ایمان نے بھی لغزش نہ کھائی۔ ابو جہل جو اسلام کا سب سے بڑا دشمن اور کافر تھا اس نے حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا کو اسلام چھوڑنے پر مجبور کیا مگر آپ رضی اللہ عنہا نے انکار کر دیا۔ ابوجہل نے نیزہ تان کر ان کو دھمکا کر کہا کہ تو کلمہ نہ پڑھ ورنہ میں تجھے یہ نیزہ ماروں گا حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا نے زور زور سے کلمہ پڑھنا شروع کر دیا ابو جہل کو غصہ آ گیا اور اسی غصہ میں اس نے آپ رضی اللہ عنہا کو نیزہ دے مارا جس سے آپ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہو گیا اور آپ شہید ہو گئی۔

غزوہ بدر میں ابو جہل بھی مارا گیا تو آپ رضی اللہ عنہا نے عمار سے فرمایا دیکھو تمہاری ماں کے قاتل کا خدا نے فیصلہ کر دیا۔

ان کا واقعہ ہمیں یہ بیان کرتا ہے کہ دنیا کے بڑے سے بڑے ظالم کے ظلم کے سامنے ہمیشہ حق پر ڈٹے رہنا ہی ہماری اصل اور حقیقی کامیابی ہے۔ دین اسلام کے لئے دی جانے والی قربانی ہی ہمیں اللہ کے قریب کرتی ہے آخرت میں سرخروئی کا باعث بنتی ہے اور یہی بات ظالموں کی ان کا انجام برا ہوتا ہے۔

صحابیات کی زندگی ہمیں ایمان، صبر اور قربانی کا سبق دیتی ہے۔ آج کل کی عورتوں کے سامنے صحابیات کی زندگی کا ایک بہترین نمونہ پیش کیا گیا ہے تاکہ وہ اس سے یہ سیکھ سکیں کہ دین کو دنیا پر ترجیح دینا، صبر سے مشکلات کا سامنا کرنا اس کے ساتھ ساتھ اپنے گھروں کو تقویٰ و عبادت کا مرکز بنانا کتنا ضروری ہے۔ صحابیات کی زندگیاں آج کی عورتوں کے لئے ایک مشعل راہ کا کام کرتا ہے۔ آج کی عورتیں اگر صحابیات کے کردار، حیاء اور دین سے وابستگی کو اپنی زندگی میں شامل کر لیتی ہیں تو نہ صرف وہ ایک مثالی ماں بلکہ مثالی بیٹی اور مثالی بیوی بھی بن سکتی ہیں اس کے ساتھ ساتھ وہ دین اسلام کی فلاح اور ترقی میں بھی ایک اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ دنیاوی مصروفیات اور مادی خواہشات کے باوجود بھی اگر یہ عورتیں صحابیات کے نقش قدم پر چلتی ہیں تو وہ اپنی دنیا اور آخرت دونوں میں کامیاب و کامران ہو سکتی ہیں۔ آج کل کی خواتین کو چاہیے کہ وہ اپنی اولاد کی دینی تربیت پر بھی توجہ دیں۔ ان کو یہ بھی چاہیے کہ گھریلو ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ دین اسلام کی خدمت کو بھی اہمیت دیں۔ دنیاوی مصروفیات اور فیشن کو محدود رکھ کر ایمان اور حیاء کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں۔ صحابیات کی یہ قربانیاں اور خدمت ہمیں یہ احساس دلاتی ہیں کہ کامیابی اللہ کے دین پر عمل کرنے میں ہے۔ صحابیات کی سیرت ہمیں یہ پیغام دیتی ہے کہ اللہ کی رضا کے لئے کی جانے والی ہر قربانی کبھی رائیگاں نہیں جاتی ہے۔

ٹرمپ بھی پاکستان کا ہرگز دوست نہیں



nusrat.javeed@gmail.com

جمعرات کی صبح چھپے کالم میں عاجزی سے آپ کو خبردار کرنے کی کوشش کی تھی کہ فی الوقت اس بحث میں وقت ضائع نہ کریں کہ 20 جنوری 2025ء کے بعد اقتدار سنبھالنے والی ''ٹرمپ انتظامیہ'' پاکستان کے ساتھ کیا رویہ اپنائے گی۔ غور طلب حقیقت یہ ہے کہ مذکورہ تاریخ تک فیصلہ سازی ''بائیڈن انتظامیہ'' ہی کا اختیار ہے۔ خدانخواستہ اس تاریخ سے قبل امریکہ کو کسی ملک کے خلاف ایٹمی ہتھیار بھی چلانا پڑا تو اس ضمن میں حتمی فیصلہ لینے کا اختیار صدر بائیڈن کے پاس ہی رہے گا۔ میری بدقسمتی کہ ''بائیڈن انتظامیہ'' نے یہ کالم چھپنے سے چند گھنٹے قبل پاکستان کے خلاف اپنی مخاصمت کا اظہار کر دیا۔ ہمارے ملک کے چند تجارتی اداروں کے نام لیتے ہوئے انہیں ''بلیک لسٹ'' کر دیا۔ ان کے خلاف الزام ہے کہ وہ پاکستان کے دور مار میزائلوں کی استعداد و کارکردگی کو جدید تر بنانے کے لئے بین الاقوامی منڈی سے مطلوبہ ٹیکنالوجی کی تلاش میں سرگرم رہتی تھیں۔

بدھ کو رات گئے ان پابندیوں کا اعلان ہوا تو نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار جو ہمارے وزیر خارجہ بھی ہیں کی جانب سے اب ایکس کہلاتے ٹویٹر پر ایک بیان نمودار ہوا۔ اس بیان کے ذکر سے قبل نہ چاہتے ہوئے بھی یاد دلانا چاہوں گا کہ بدھ کی دوپہر ہی ڈار صاحب کی جماعت اور کابینہ کی ساتھی محترمہ شزا فاطمہ صاحبہ نے بطور وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی بیان دیا تھا کہ X نامی سوشل میڈیا پلیٹ فارم کی کوئی حیثیت نہیں۔ اسے پاکستان میں محض 2 فی صد افراد دیکھتے ہیں۔ اس پلیٹ فارم تک رسائی موجودہ حکومت نے ناممکن بنا دی ہے کیونکہ اس کی دانست میں وہاں پاکستان کے ''سیکورٹی مفادات'' کے خلاف مواد کی بھرمار ہوتی ہے۔

پاکستان کے وزیر خارجہ اور نائب وزیر اعظم نے تاہم بائیڈن انتظامیہ کی جانب سے پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو اپ ڈیٹ رکھنے میں معاونت فراہم کرنے والے تجارتی اداروں کے خلاف لگائی امریکی پابندیوں کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار اسی پلیٹ فارم (X) پر کیا جس تک رسائی پاکستان میں قومی سلامتی کے نام پر تقریباً ناممکن بنا دی گئی ہے۔

بارہا اس کالم میں تواتر سے یہ سمجھانے کی کوشش کی ہے کہ جو بائیڈن پاکستان سے ہمیشہ شاکی رہا ہے۔ 30 سے زیادہ برسوں تک وہ امریکہ کی خارجہ پالیسی پر نگاہ رکھنے والی سینٹ کی کمیٹی کا طاقتور اور تجربہ کار سربراہ رہا ہے۔ اس حیثیت میں مصر رہا کہ پاکستان کے عسکری ادارے امریکہ کے حقیقی دوست نہیں۔ افغانستان کے حوالے سے امریکہ کے ''حلیف'' ہونے کے باوجود طالبان کے چند گروہوں کو زندہ بھی رکھے ہوئے ہیں۔ اس کی شدید خواہش رہی کہ پاکستان کی سیاسی قیادت کو عسکری قیادت پر ''کنٹرول'' حاصل کرنے کے قابل بنایا جائے۔ اسی خواہش کے تحت اس نے ری پبلکن پارٹی کے ایک سینیٹر کے ساتھ مل کر ایک قانون تیار کرنا شروع کیا جو اس امر کو یقینی بنانا چاہتا تھا کہ امریکی امداد منتخب سیاسی قیادت کے ہاتھوں پاکستان کے دفاعی اداروں تک پہنچے۔ بعد ازاں وہ اوبامہ کا نائب صدر بن گیا تو یہ فریضہ ڈیموکریٹ پارٹی کے سینیٹر جان کیری کے سپرد ہو گیا۔ بالآخر جو قانون تیار ہوا اسے ''کیری لوگر بل'' پکارا جاتا ہے۔

محترمہ بے نظیر بھٹو کی دسمبر 2007ء میں شہادت کے بعد پیپلز پارٹی کی جو حکومت قائم ہوئی تھی اس کے دوران یہ قانون لاگو ہونے لگا تو ہمارے عسکری اداروں کے دباؤ پر ان دنوں کے وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی واشنگٹن گئے۔ وہاں بہت ترلے منتوں کے بعد وہ ایسی ترامیم کروانے کے قابل ہوئے جو عسکری اداروں کی تشویش دور تو نہ کر سکیں مگر انہیں کم کرنے میں مددگار ضرور ثابت ہوئیں۔ مذکورہ بل کی بدولت مگر پیپلز پارٹی کی حکومت کے خلاف عسکری قیادت کے دل میں بال آ گیا۔ اس کا انجام ہمیں یوسف رضا گیلانی کی وزارت عظمیٰ کے عہدے سے چیف جسٹس کے ہاتھوں فراغت کی صورت دیکھنے کو ملا۔

جو بائیڈن کا ذکر کرتے ہوئے آپ کو یہ بھی یاد رکھنا ہوگا کہ بطور نائب صدر امریکہ وہ اپنے صدر کو مجبور کرتا رہا کہ افغانستان میں کارروائیوں پر توانائی ضائع کرنے کے بجائے پاکستان میں ''دہشت گردوں کے محفوظ ٹھکانوں'' پر ڈرون حملے کئے جائیں۔ اس کی دانست میں افغانستان میں دہشت گردی کی جڑیں ''پاکستان کے قبائلی علاقے'' تھے۔ ماضی کے قبائلی علاقوں میں ڈرون حملوں نے جو وحشت پھیلائی جو بائیڈن کی سوچ اس کی کلیدی ذمہ دار تھی۔ اس سوچ کی بدولت بائیڈن عمران حکومت سے فاصلے پر رہا کیونکہ عمران خان ڈرون حملوں کے شدید مخالف رہے تھے۔ عمران حکومت سے دوری کے باوجود اس نے شہباز حکومت کو بھی اپنا حلیف کبھی تصور نہیں کیا۔ اس پر ''رجیم چینج'' کا الزام تحریک انصاف کے حامی تواتر سے لگاتے رہے ہیں۔ عمران حکومت کی جگہ سنبھالنے والی شہباز حکومت کو بھی لیکن بائیڈن انتظامیہ نے تھپکیاں نہیں ڈالیں۔ فاصلے پر رکھا اور اب اقتدار چھوڑنے سے چند ہی ہفتے قبل بائیڈن انتظامیہ نے پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو جدید ترین بنانے میں معاونت فراہم کرنے والے تجارتی اداروں پر پابندیاں لگا دی ہیں۔

سوال اٹھتا ہے کہ 20 جنوری 2025ء کو ٹرمپ کے وائٹ ہاؤس پہنچ جانے کے بعد یہ پابندیاں واپس لے لی جائیں گی؟ میرا جواب نفی میں ہے۔ میرے ساتھ کج بحثی میں الجھا گیا تو یہ کہنے کو مجبور ہوں گا کہ اگر رچرڈ گرینل کی خواہش کے مطابق عمران خان کو رہا کرنے کے بعد جلد از جلد کروائے انتخابات کی بدولت بانی تحریک انصاف کو وزارت عظمیٰ کے منصب پر تاریخی اکثریت کے ساتھ واپس بھی لے آیا جائے تب بھی بدھ کی رات لگائی پابندیاں واپس نہیں ہوں گی۔ پاکستان کا ایٹمی پروگرام امریکہ کی کسی بھی جماعت کے لئے قابل قبول نہیں ہے۔ اقتدار میں باریاں لینے والی دونوں جماعتیں بلکہ شدت سے یہ سوچتی ہیں کہ پاکستان نے اپنے ایٹمی پروگرام ذریعے دیگر اسلامی ممالک کو اکسایا کہ وہ بھی اپنے تحفظ کے لئے اس مہلک ترین ہتھیار کو تیار کرنے کی صلاحیت حاصل کریں۔ اس ضمن میں ایران کا خصوصاً ذکر ہوتا ہے۔ لیبیا کے کرنل قذافی پر الزام تھا کہ اس نے اپنے لئے پاکستان سے ایٹم بم بنانے کی صلاحیت ''خریدی'' ہے۔ قذافی نے خود پر لگے الزام کو تسلیم کر لیا اور مبینہ طور پر ''پاکستان سے ملا'' سامان بھی امریکہ کے حوالے کر دیا۔ اس کے باوجود اسے معافی کا مستحق نہیں گردانا گیا۔ مختصر ترین الفاظ میں آپ کو سمجھنا ہوگا کہ پاکستان کا ایٹمی پروگرام امریکہ اور اس کے اتحادیوں کو ایک آنکھ نہیں بھاتا۔ وہ اسے کمزور سے کمزور تر ہوتا دیکھنا چاہتا ہے اور ٹرمپ بھی اس تناظر میں پاکستان کا ہرگز ''دوست'' نہیں ہے۔

امریکی پابندیاں اور جشن



atsohail@gmail.com

شام میں انقلاب کو آئے مہینہ بھر ہو گیا لیکن ابھی تک خون کی وہ ندیاں نہیں بہیں جن کا مژدہ ہمارے یعنی پاکستان کے ٹی وی چینلز پر بیٹھے دانشور اور تجزیہ نگار مسلسل سنا رہے تھے۔ نہ کوئی خانہ جنگی ہوئی، نہ ہزاروں افراد و گروہ در گروہ تہہ تیغ کئے گئے۔ ہاں شمال مشرق کے علاقے میں ترک فوج کے حملے اور بمباریاں جاری ہیں۔ ترکی کردوں کا صفایا کرنا چاہتا ہے جو وہ نہیں کر سکتا۔ چلئے، کوئی بات نہیں، طیب اردگان صاحب اپنا رانجھا راضی کر لیں۔ وہ خوش، ہم خوش۔

باقی سارے ملک میں امن ہے اور جشن ہے۔ دمشق کے وسطی چوک میں لاکھوں اور لاکھوں عوام نے اجتماعی جشن منایا۔ ہمارے ہاں اپنے ہر جلوس کو دس لاکھ کا کہنے والی جماعتیں اتنا بڑا اجتماع کر لیں تو اسے ملین نہیں، بلین یعنی اربوں کا مارچ کہیں گی، شاید۔ مسئلہ البتہ یہ ہے کہ پاکستان کی آبادی اربوں میں نہیں، کروڑوں میں ہے۔

ایک بات اور بھی ہوئی جس پر مغرب میں بھی اور کچھ کچھ ہمارے ہاں بھی تشویش ظاہر کی گئی۔ یہ کہ شامی حکومت کے وزیراعظم محمد البشیر نے دمشق کی مرکزی جامع مسجد، مسجد امیہ میں جمعے کا خطبہ دیا۔ یہ بہت پہلے گزرے زمانوں کی روایت تھی کہ ریاست اسلامی کا امیر دار الحکومت کی مرکزی مسجد میں دیا کرتا تھا۔ پھر اسلامی ریاستیں رہیں نہ یہ روایت۔ اسلامی ممالک کی جگہ مسلم ممالک نے لے لی اور مسلم ممالک پھر سیکولر ریاستوں میں بدل گئے۔ اموی مسجد کو حزب اللہ نے برباد کر دیا تھا۔ ڈھانچہ برقرار رہا لیکن رنگ روغن اتار دیا، اینٹیں کہیں سے نکال دیں کہیں سے توڑ دیں۔ باہر سے بھی کھنڈر، اندر سے بھی کھنڈر۔ اب اس کی شکل و صورت پھر سے بحال کی جا رہی ہے، ماضی میں اس مسجد کی شان و شوکت ہی کچھ اور تھی۔

حزب اللہ اور ایران کے پاکستانی حامی ایک بہت ہی زبردست سوال پوچھ رہے ہیں کہ نئی حکومت کو آئے ہوئے اتنے ہفتے ہو گئے، اس نے اسرائیل پر کتنی گولیاں چلائیں۔ جواب کچھ یوں عرض ہے کہ بس اتنی ہی جتنی بشار الاسد کی حکومت نے چوتھائی صدی میں چلائیں۔ ایک کم، نہ ایک زیادہ۔

دنیا میں جو نہیں ہوتا ہے، وہ پاکستان میں ضرور ہوتا ہے۔ نہ صرف یہ کہ یوٹیوب پر موجود ان گنت مذہبی چینل، ہر فرقے کے، بلکہ مین سٹریم چینلز پر بھی مباحث کا در کھل گیا ہے کہ فتح شام قرب قیامت کی نشانی ہے۔ اب فلاں کا ورود ہو گا، اب فلاں کا، پھر یہ اور پھر وہ اور پھر سارے یہودی مارے جائیں گے۔ لیکن اس سے پہلے مسلمان اتنے زیادہ مارے جائیں گے کہ میدان لاشوں سے پٹ جائیں گے۔

روایات کو ہر بحرانی دور میں قطعیت کے ساتھ منطبق پہلے بھی بار بار کیا جاتا رہا ہے اور ہر بار یہ منطق غلط نکلی۔ اب بھی یہی ہو رہا ہے۔ ارے بھئی، یہودی تب مار کھائیں گے اور ہاریں گے جب کوئی مسلمان ملک انہیں للکارنے کے قابل ہو گا یا کوئی ایسی تحریک اٹھے گی جو روکے سے نہ رکے گی۔ روایات کو زبردستی منطبق کر کے آپ لوگوں میں غلط فہمی پھیلا رہے ہیں، صرف پیسے کی خاطر، اللہ سے ڈریں۔

حقیقت کیا ہے، اس دور کے دو بہت بڑے علمائے دین، مفتی کامران شہزاد اور علامہ جاوید غامدی کے وڈیو لیکچرز سے آسانی کے ساتھ معلوم کی جا سکتی ہے۔ مفتی کامران شہزاد عمر کے لحاظ سے بزرگ نہیں، جواں العمر کہا جا سکتا ہے لیکن علم اور تحقیق کے باب میں انہیں بزرگوں کا بزرگ کہنا چاہیے۔ بے پناہ ریسرچ ورک، حوالوں اور دلائل کے ساتھ، جوابی دلائل اور جوابی حوالوں کے ساتھ۔

علامہ جاوید غامدی کا معاملہ دلچسپ ہے اور افسوسناک بھی۔ مدتوں بہت سے لوگ اور ان کے پیچھے پیچھے مجھ جیسے بھی، انہیں منکر حدیث سمجھتے رہے اور ان کی تحریروں کا مطالعہ کیا نہ ان کے لیکچر سنے، بس غائبانہ فتوے دیتے رہے۔ پھر غلطی سے ان کا پروگرام سن لیا تو پتہ چلا کہ حدیث کے علم پر ان کا ریسرچ ورک اپنے معاصروں سے زیادہ ہے، کہیں زیادہ۔

خیر بحث کیا کرنی۔ زمانہ آخر، قرب قیامت اور ورود کی روایتوں پر ان دونوں حضرات کے لیکچر، سوال جواب کی محفلیں سماعت فرما لیں۔ بھلے ان کی بات مسترد کر دیں، پھر بھی بہت کچھ کھل جائے گا۔ ویسے ایک روایت یہ بھی ہے کہ اخیر زمانے میں علماء دین کو دھندہ بنا لیں گے۔

شام کے بحران کے بعد سے ایرانی ریال کی قیمت میں طوفانی کمی ہوئی ہے اور ایک ڈالر ساڑھے سات لاکھ ریال کا ہو گیا ہے اور معیشت دانوں کا کہنا ہے کہ چند ماہ تک یہی قیمتیں دس لاکھ ریال ہو جائے گی۔

1980ء میں ایک ڈالر 71 یا 72 ریال کا تھا۔ 72 ریال سے ساڑھے سات لاکھ کا حیران کن، ناقابل یقین سفر ایران کے دفاعی اخراجات اور ناکام ترین معاشی پالیسی کا ثمر ہے۔ ایران نے اپنی سلطنت کو توسیع دینے کیلئے شام، لبنان اور یمن تک خود کو پھیلا لیا۔ تین عشروں کی محنت کا نتیجہ کیا نکلا؟ شام کی آزادی نے ایران کو عملاً اپنی جغرافیائی حدود میں پھر سے دھکیل دیا ہے لیکن ڈالر تو ابھی اور مہنگا ہو گا۔ ایک ڈالر کے دس لاکھ ریال۔ توبہ ہے!

امریکہ نے پاکستان کے نئے بیلسٹک میزائل پر ناراض ہو کر چار پاکستانی کمپنیوں پر پابندیاں لگا دی ہیں۔ چار میں سے کم از کم ایک کمپنی سرکاری ہے۔ ابابیل نام کا یہ میزائل 22 سو کلو میٹر تک مار کرتا ہے اور ناراضگی کی بڑی وجہ یہی رینج ہے۔

بھارت نے اپنے ایٹمی اڈے بہت دور اپنے زیر قبضہ انڈمان اور نکوبار کے جزیروں میں بنائے ہیں تاکہ پاکستان کے جوابی وار سے محفوظ رہیں لیکن پاکستان نے ابابیل بنا کر بھارت کی یہ کوشش بے کار کر دی۔ اب انڈمان پاکستان کے نشانے پر ہے اور امریکہ کو اسی کا غصہ ہے۔

ان جزیروں کا بھارت اور برصغیر سے کوئی تعلق نہیں، یہ جزائر مشرق الہند یعنی جاوا، ساٹرا کا حصہ ہیں۔ مطلب انہیں انڈونیشیا کے قبضے میں ہونا چاہیے۔ انگریزوں نے ان جزیروں پر قبضہ کیا اور جاتے ہوئے بھارت کو تحفے میں دے گیا۔

پاکستان نے امریکی پابندیوں کی مذمت کی ہے۔ بھارت اور پی ٹی آئی خوش ہیں۔ پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا کی خوشی تو بھارت سے بھی زیادہ اور بہت ہی قابل دید ہے۔

پی ٹی آئی کا انجام۔۔۔۔۔؟



ہم نے آٹھ برس پہلے انکشاف کر دیا تھا کہ پنکی نامی جادوگرنی پلانٹڈ ہے۔ جائیدادوں مال و دولت اقتدار شہرت کی ہوس کی شکار اس خاتون نے گوگی گینگ تیار کیا۔ عمران خان کو پھانسا اور غداروں کی مخبریوں سے عمران کو اپنے جعلی روحانی شیشے میں بڑی مہارت سے اتار لیا۔ برین واش ہیپناٹائز ضعیف الاعتقاد شخص جادوگرنی کے سحر میں ایسا جکڑا گیا کہ دین دنیا سب گنوا بیٹھا۔ ایسے نامراد مرید کے ہاتھ میں ملک کی باگ دوڑ تھمانا حماقت تھی مگر یہ حماقت ہو گئی اور پھر حماقت کا خمیازہ بعد میں آنے والی مقتدرہ کو بھگتنا پڑی۔ تحریک انصاف نے تحریک انتشار بننے میں عجلت سے کام لیا جبکہ ریاست کے خلاف بغاوت کی ہر منصوبہ بندی الٹی ثابت ہوئی۔۔۔ ایک وقت تھا جب عمران خان کہا کرتا تھا کہ ''متحدہ کا قائد الطاف حسین ملک کا سب سے بڑا غدار اور دہشتگرد ہے''۔ پھر وہ وقت آیا جب کہا کرتا ''ایم کیو ایم پی ٹی آئی کا نیچرل الائنس ہے''۔ سچ کہا کرتا تھا۔ دہشت گرد اور غدار رشتے میں ہمزاد ہوتے ہیں۔ 26 نومبر کو انقلاب اپنی موت آپ مر چکا اور ڈھونگی کہتے ہیں دھرنا ابھی بھی جاری ہے۔ یقیناً پیرنی کے موکل دھرنا دے رہے تھے۔ قیادت تو پہنچی نہیں اور جو پہنچی اس نے غیرتمندوں کو ذلیل و رسوا کر دیا۔ زن مرید جماعت زن کے ہاتھوں سپرد خاک ہوئی۔ کلٹ کے اندھے عاشقان زن مرید مرشد کو نعوذ باللہ پاک ہستیوں سے ملاتے ہوئے ڈوب کے مر کیوں نہیں جاتے؟ کربلا میں نانا کی آل نے پہلے اپنا خاندان معصوم بچے تک شہید کرائے۔ تم منافقو یزید سے بھی بدتر ہو۔ اپنی اولادوں کو محفوظ رکھتے ہو۔ حسین رضی اللہ عنہ کا نام اپنی غلیظ زبان سے مت لو۔۔۔ تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان، ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی، صوبائی صدور، مرکزی عہدیداران، قومی اسمبلی کے 103 ایم این ایز، پنجاب اسمبلی کے 116 ایم پی ایز، پختونخوا کے 93 ممبران اسمبلی، سندھ کے 30 ممبران اسمبلی، بلوچستان کے 7 ممبران اسمبلی، 18 سینیٹرز اور کشمیر اور گلگت بلتستان اسمبلیاں کیا ان تمام ممبران اور عہدیداروں میں کسی ایک کا بچہ بھی انقلاب میں زخمی یا جاں بحق ہوا؟ غریبوں کے بچے کو اپنے اقتدار اور جرائم پر پردہ پوشی کا ایندھن بناتے نہ عمران خان کو خیال آیا نہ ان کی پارٹی کی باقی قیادت کو!

300 لاشیں؟ یہ سب ویسی ہی خبریں ہیں جیسے پنجاب کالج میں طالبہ کا ریپ ہوا تھا۔ اسکا جنازہ بھی ہو گیا۔ تدفین وغیرہ بھی لیکن آج تک کوئی طالبہ کو جانتا ہے نہ اسکے خاندان کو ڈھونڈ سکا نہ اسکی قبر۔

پی ٹی آئی کا فیصلہ ہوا تھا کہ بشریٰ پیرنی احتجاج میں نہیں جائے گی، لیکن احتجاج سے پہلے وہ خود نکل آئی، اور اس کی گنڈا پور سے منہ ماری بھی ہوئی، اور کہا کہ میں پیدل ہی احتجاج کیلئے نکل جاؤں گی۔ 26 نمبر چونگی پر قافلہ رکا تو پھر دونوں میں جھگڑا ہوا اور بشریٰ نے دھمکی دی کہ اگر تم آگے نہیں گئے تو میں خود جاؤں گی، بلکہ اسپتال پر قافلہ روکنے اور ڈی چوک نہ جانے کا فیصلہ ہوا تھا، لیکن بشریٰ نے ڈی چوک جانے کا کہا، اور جب آپریشن ہوا تو حکومت نے ہی ان دونوں کو بھاگنے کا راستہ فراہم کیا۔ رؤف حسن سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی نے بھی کہا کہ ہمارے پاس کنفرمڈ اموات گیارہ (11) ہیں جو ظاہر ہے انتہائی افسوسناک ہے۔ لیکن بی بی سی کی سٹوری نے ایک نامعلوم ڈاکٹر کے نام پر جو سنسنی پھیلائی اس کا نقصان نہ صرف صحافت اور پاکستان کو ہوا بلکہ عام لوگوں کی نفسیات پر بھی منفی اثر پڑا لگتا ہے سٹوری بناتے ہوئے لطیف کھوسہ کے 278، شیخ وقاص کے 100 اور سلمان اکرم راجا کے 20 لاشوں کے دعوے بی بی سی کے اعصاب پر سوار تھے۔ سنسنی خیز لفاظی کی ایک خوفناک مثال دیکھیں کہ مرنے والوں کی تعداد کو بغیر کسی واضح نمبر کے اوپن اینڈڈ انداز، غیر شفاف اور غیر پیشہ وارانہ طریقے سے لوگوں پر چھوڑ دیا گیا۔ پی ٹی آئی تمام تباہی کی ذمہ دار بشریٰ پیرنی کو سمجھتی ہے۔ فائنل مارچ سے پہلے پشاور میں پی ٹی آئی کا اجلاس ہوا، بشریٰ پیرنی نے اجلاس میں پارٹی لیڈرز کیلئے 7 مرتبہ بے غیرت اور گدھ کا لفظ استعمال کیا، اسلام آباد سے فرار کے بعد بدھ کو میٹنگ میں بشریٰ نے پارٹی رہنماؤں کیلئے ایک بار پھر بے شرم اور بے غیرت جیسے لفظ استعمال کیے، اس کے لہجے میں شدید غصہ، رعونت اور حقارت تھی۔ سلمان اکرم راجہ نے بشریٰ کو کہا کہ میں صرف عمران خان کو جواب دہ ہوں، اس کی بیوی کو جواب دہ نہیں۔ گولیاں اندھیرے میں ڈھونڈ کر نامعلوم غریبوں کو لگیں اور وہ سب غائب بھی ہو گئے اور نامور لیڈر، یوٹیوبر اور درجنوں ٹی وی چینلز کے نمائندے جو اسی جگہ موجود تھے انہیں سیکورٹی فورسز کی کسی چھڑی نے بھی نہیں چھوا؟ ڈی چوک کے بھگوڑوں نے بانی پی ٹی آئی کو بھی تنہا چھوڑ دیا۔ جیل میں ملاقات کے دن، بانی پی ٹی آئی ملاقاتیوں کی راہ تکتے رہے۔ آج اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے ملنے کوئی بھی نہیں پہنچا۔ پی ٹی آئی رہنماؤں نے گرفتاری کے ڈر کے پیش نظر بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی زحمت نہ کی۔ بانی پی ٹی آئی سے پارٹی رہنماؤں کے علاوہ اہل خانہ میں سے بھی کوئی نہیں آیا۔ سیاسی جانشینی کی دوڑ میں شامل بشریٰ بی بی اور علیمہ خان بھی ملنے نہ آئیں۔ اڈیالہ جیل میں ملاقات کے لیے آنے والے عام طور پر ایک دو روز پہلے درخواست دیا کرتے تھے، ذرائع کچھ عرصے سے ملاقات کے لئے آنے والے موقع پر ہی درخواست دے کر بانی پی ٹی آئی سے مل رہے تھے۔ ذرائع ڈی چوک فائنل کال کی ناکامی پر پی ٹی آئی رہنما شرمندہ ہیں یا خوفزدہ؟ اڈیالہ میں بیرسٹر گوہر اور بیرسٹر سیف کی بانی چیئرمین سے ملاقات ہوئی - ملاقات میں دونوں شخصیات نے بانی چیئرمین کو بتایا کہ سارا کراؤڈ خیبر پختونخوا سے ہے اور پنجاب اور سندھ سے کوئی بھی نہیں نکلا اور پنجاب اور سندھ کی قیادت ورکرز کو نکالنے میں ناکام رہی۔

بانی کو یہ بھی بتا دیا گیا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری کی موجودگی میں نقصانات کا اندیشہ ہے اور ہجوم کی قیادت بشریٰ بی بی نے سنبھال لی ہے جسے سن کر خان صاحب خاموش ہو گئے۔ جادو کے اثرات فرد جرم عائد ہونے تک برقرار دکھائی دیتے ہیں۔ 9 مئی اور 26 نومبر کا بانی سنگین گرفت میں آ چکا ہے اور اس کا سہرا جادوگرنی کے سر باندھا جائے گا۔ 26 نومبر کو انقلاب کا چاند کراچی، لاہور سمیت پاکستان کے کسی صوبہ میں نظر نہیں آیا چند گھنٹوں کے لئے اسلام آباد میں نظر آیا تھا مگر اسکے فوراً بعد منظر عام سے غائب ہو گیا۔

امریکہ سے کوئی اُمید نہ رکھیں!



sadaaysehar@gmail.com

پاکستان ایک ذمہ دار جوہری طاقت ہے، اس نے اپنے ہتھیاروں سے متعلق ہمیشہ ذمہ دارانہ کردار ادا کیا ہے، اس کے باوجود پابندیوں کی زد میں لایا جاتا ہے، اس بار لانگ رینج بیلسٹک میزائل پروگرام روکا جا رہا ہے، اس پر پاکستانی دفتر خارجہ کا امریکا کی پابندیوں کو متعصبانہ اور دوہرا معیار قرار دیتے ہوئے کہنا ہے کہ اس سے خطے میں فوجی عدم توازن بڑھے گا، امریکہ کو پاکستان کے بجائے اسرائیل اور بھارت پر پابندیاں عائد کرنے کی ضرورت ہے کہ جن کی اسلحے کی دوڑ ختم ہونے میں ہی نہیں آ رہی ہے، انہیں روکا جا رہا ہے نہ ہی ٹوکا جا رہا ہے، بلکہ اُن کی پشت پناہی کی جا رہی ہے۔

اگر دیکھا جائے تو امریکہ کی جانب سے پابندیوں کے حوالے سے اسلام آباد کا ردعمل اپنے پرانے موقف کے عین مطابق ہے کہ پاکستان کی اسٹریٹیجک صلاحیت اسکی علاقائی خودمختاری کے دفاع کی ضرورت ہے اور جنوبی ایشیا میں امن و استحکام برقرار رکھنے کا ذریعہ ہے، اگر اس کو ہی بار بار پابندیوں کی زد میں لایا جائے گا اور دفاعی اعتبار سے کمزور بنایا جائے گا تو اس کا مطلب ہے کہ اس کے مخالف ممالک کیلئے آسان چارہ بنایا جا رہا ہے، اس خطے میں جان بوجھ کر عدم توازن لایا جا رہا ہے، اس مخالف ایجنڈے کے خلاف پاکستان پہلے بھی نبرد آزما رہا ہے اور آئندہ بھی اپنی جدوجہد جاری رکھے گا اور پاکستان کے خلاف کسی بیرونی ایجنڈے کو کامیاب نہیں ہونے دے گا۔

پاکستان کی ہمیشہ سے ہی کوشش رہی ہے کہ ہر ایک سے نہ صرف تعلقات اچھے رکھے، بلکہ ایک دوسرے کی علاقائی خودمختاری و امن و امان کا بھی احترام کرے، اس کے برعکس دیگر ممالک کا رویہ متعصبانہ ہی رہا ہے، پاکستان کی آزادانہ خود مختاری کو قبول کیا جا رہا ہے نہ ہی اپنے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے دیا جا رہا ہے، بلکہ پابندیوں میں جکڑا جا رہا ہے، امریکہ کو پاکستان کا ہی میزائل پروگرام کیوں نظر آتا ہے، اسرائیل اور بھارت کا کیوں نہیں دکھائی دیتا ہے، اس جانب ہی متوجہ کرتے ہوئے ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرہ بلوچ کا کہنا ہے کہ پاکستان کے میزائل پروگرام پر چوبیس کروڑ پاکستانی عوام کا بھروسہ ہے، یہ دوہرے معیارات اور امتیازی اقدامات نہ صرف ہتھیاروں کے عدم پھیلاؤ کی کوششوں کی ساکھ کو نقصان پہنچائیں گے، بلکہ علاقائی امن کو بھی خطرے میں ڈالیں گے۔

پاکستانی ترجمان نے نجی تجارتی اداروں پر پابندیاں عائد کئے جانے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے یاد بھی دلایا ہے کہ ماضی میں تجارتی اداروں کی اسی طرح کی فہرستیں بغیر کسی ثبوت کے محض شکوک و شبہات پر مبنی تھیں، جبکہ دوسرے ممالک کیلئے جدید فوجی ٹیکنالوجی کیلئے لائسنس کی شرط ختم کرنے کی مثالیں بھی موجود ہیں، اس کے باوجود پاکستان کو ہی پابندیوں کا نشانہ کیوں بنایا جا رہا ہے، جبکہ پاکستان اور امریکہ دو ایسے ممالک ہیں، جو کہ نہ صرف طویل مدت تک فوجی معاہدوں کے ذریعے ایک دوسرے کے حلیف رہے، بلکہ مختلف صورتوں میں ایک دوسرے کے قریب بھی رہے ہیں، دو طرفہ تجارت سے لیکر دہشتگردی کیخلاف جنگ اور افغانستان سے امریکی انخلا کیلئے مذاکرات کی سہولت کاری سمیت متعدد امور میں دونوں ملکوں کا قریبی تعلق واضح ہے۔

اس منظرنامے میں واشنگٹن سے ایسی توقع بے محل نہیں کہ وہ محض شبہات کی بنیاد پر پاکستان کو پابندیوں کا ہدف بنانے سے احتراز کرے اور اس باب میں دوہرے معیار کی مثال قائم نہ کرے، مگر دوہرے معیار کی ہی مثال قائم کی جا رہی ہے، اس میں سفارتی و خارجی لحاظ سے بھارت کی کامیابی اور پاکستانی وزارت خارجہ کی ناکامی صاف دکھائی دے رہی ہے، وزارت عظمیٰ سے لے کر وزارت خارجہ تک سارے ہی انتقام کی سیاست میں اُلجھے ہوئے ہیں، جبکہ بھارت خطے میں اپنی اجارہ داری قائم کرنے کے مشن پر گامزن ہے اور اپنے مشن میں بڑی حد تک کامیاب دکھائی دے رہا ہے، اس میں امریکہ اور اسرائیل پورا ساتھ دے رہے ہیں اور پاکستان پر پابندیاں لگا کر پیچھے دھکیل رہے ہیں اور بھارت کو آگے لا رہے ہیں۔

ہم نے اپنے ماضی سے کچھ سیکھا ہے نہ ہی کچھ سیکھنا چاہتے ہیں، اس لیے پرانی غلطیاں ہی دہرائے جا رہے ہیں اور آزمائے سے اُمیدیں لگائے جا رہے ہیں، ہم نے امریکہ سے اُمیدیں لگائے رکھیں اور اب چین سے اُمیدیں لگائے بیٹھے ہیں، ہم خود کچھ کرنا چاہتے ہیں نہ ہی کچھ کر رہے ہیں، ہم اپنے بحرانوں سے نکل رہے ہیں نہ ہی خود انحصاری کی جانب آ رہے ہیں، ہم قرض پر قرض ہی لیے جا رہے ہیں اور اپنی خود مختاری و آزادی داؤ پر لگائے جا رہے ہیں، ہم جب تک اپنے ہاتھ سے کشکول نہیں توڑیں گے، پابندیوں کی زد میں ہی رہیں گے، ہمیں اپنا کشکول توڑنا ہو گا اور Absolutely not کہنا ہو گا، تب ہی پابندیوں کی زد سے نکل پائیں گے اور ایک آزاد و خود مختار ملک کی حیثیت سے خود کو منوا پائیں گے۔

وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے احسن اقدامات!

تحریر
حیدر علی

وطن عزیز پاکستان میں اس وقت اڑھائی کروڑ کے قریب نوجوان تعلیمی اداروں اور کھیلوں سمیت ہر شعبہ میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔ خصوصاً آئی ٹی کے شعبہ میں بھی پاکستانی نوجوانوں کی اکثریت نمایاں کردار ادا کر رہی ہے۔ اگر پاکستان کی تاریخ پر نظر دوڑائیں تو وطن عزیز پاکستان کیلئے نوجوان قیادت نے ہمیشہ صف اول کا کردار ادا کیا۔ شاعر مشرق حکیم الامت، ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کی شاعری کا مخاطب ہی نوجوان ہیں۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے بھی ہمیشہ نوجوانوں کی اہمیت اور پاکستان کیلئے بنیادی اساس قرار دیا۔

قارئین کرام! اس وقت وطن عزیز پاکستان میں مسلم لیگ ن کی جمہوری حکومت قائم ہے۔ اور پاکستان کی تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں نوجوانوں کیلئے جتنے اقدامات مسلم لیگ ن کے دور میں ہوئے ہیں شاید ہی کسی اور دور میں ہوئے ہوں۔ وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہباز شریف کا دور وزارت اعلیٰ دیکھ لیں جتنے اقدامات نوجوانوں کیلئے کئے گئے وہ مثال ہیں خصوصاً لیپ ٹاپ سکیم ان میں سب سے زیادہ نمایاں ہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے وزارت عظمیٰ کا قلمدان سنبھالنے کے بعد وزیر اعظم یوتھ پروگرام کا اجراء کیے جس کے ثمرات آج پورے ملک کے نوجوانوں کو میسر ہو رہے ہیں۔ اس وقت وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان ہیں اور ان کی سربراہی میں اس وقت نوجوانوں کیلئے تعلیم، فنی تعلیم، کھیل اور کلچر سمیت دیگر شعبوں میں روزانہ کی بنیاد پر نئے عوامل شامل ہو رہے ہیں۔ گزشتہ روز وطن عزیز پاکستان میں وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے تحت 21 نومبر سے یونیورسٹی اولمپیاڈ کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس کے حوالے سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے تفصیلاً بتایا کہ ہم ملک میں مثبت سرگرمیوں کے فروغ کیلئے کام کر رہے ہیں۔ کاپ 29 کانفرنس میں پاکستانی پویلین مرکز نگاہ ہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی کاپ 29 کانفرنس میں شرکت کے موقع پر کئی اہم رہنماؤں سے ملاقاتیں ہوئیں، جس کی وجہ سے دنیا پاکستان کی طرف رخ کر رہی ہے، 14 ممالک سے 50 کھلاڑی ٹینس چیمپئن شپ میں شرکت کر رہے ہیں، 7 ممالک کے کھلاڑی سکواش کھیلنے آئے ہوئے ہیں، ہر ماہ بڑی تعداد میں سیاح، کھلاڑی اور سرمایہ کار پاکستان آ رہے ہیں۔ چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام نے کہا کہ یونیورسٹی اولمپیاڈ 21 نومبر سے 23 نومبر تک لیاقت جمنیزیم میں کھیلی جائے گی جس میں ملک بھر سے 30 ہزار اتھلیٹس حصہ لے رہے ہیں۔ وزارت اطلاعات و نشریات و ثقافتی ورثہ، وزارت بین الصوبائی رابطہ، ایچ ای سی، اسلام آباد انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے تعاون پر ان کے مشکور ہیں۔ ان کے مشترکہ تعاون سے ملک کا مثبت تشخص اجاگر ہو رہا ہے۔ یونیورسٹی اولمپیاڈ میں 10 کھیل شامل ہیں۔ ان مقابلوں میں شرکت کیلئے تمام ممالک کے سفیروں، متعلقہ فریقوں، ترقیاتی شراکت داروں اور کھیلوں کی تنظیموں کو دعوت دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس میگا ایونٹ میں شریک باصلاحیت کھلاڑیوں کو ہمیں سپورٹ کرنی چاہیے اور ان کا خیر مقدم کرنا چاہیے۔ وطن عزیز پاکستان اس وقت دنیا میں اپنا نمایاں کردار ثابت کر رہا ہے معیشت ہو یا فلسطین یا کشمیر کے مظلوم مسلمان۔ پاکستان کا ہمیشہ واضح اور دوٹوک موقف رہا ہے۔ حکومت پاکستان ملک کے مضبوط مستقبل کیلئے کام کر رہی ہے۔ اگر بغور جائزہ لیا جائے تو گزشتہ چند سالوں میں ایک نوجوانوں کے ٹولے کو جو ایک سیاسی جماعت کی جانب سے تربیت دی گئی ہے وہ سوائے بدتمیزی اور جاہلانہ حرکات کے کچھ نہیں۔ ایک طرف حکومت نوجوانوں کیلئے مثبت سرگرمیوں کے حوالے سے اقدامات کر رہی ہے تو دوسری جانب ایک سیاسی بونوں کی جماعت کی جانب سے وفاق پر چڑھائی کا درس دیا جا رہا ہے۔ ایس سی او میں شریک ممالک پاکستان کی ترقی میں شمولیت کے لئے آ رہے تھے لیکن اس موقع پر بھی سیاسی بونوں کی جماعت نے احتجاج کیا جس کا کوئی جواز نہیں بنتا تھا۔ اس جماعت کے دور میں پاکستان میں کوئی سرمایہ کاری نہیں آئی اور اب بھی وہ چاہتے ہیں کہ پاکستان میں کوئی سرمایہ کاری نہ آئے۔ لیکن یہ سیاسی بونے یاد رکھیں کہ پاکستانی قوم نے ان کا بیانیہ ہمیشہ مسترد کر دیا ہے۔ خوشحال مستقبل پاکستانی نوجوانوں کا حق ہے اور یقیناً حکومت کی جانب سے یونیورسٹی اولمپیاڈ کا کامیابی سے انعقاد ہو گا۔

پی ایس ایل 10: پہلی بار پلیئرز ڈرافٹس کی میزبانی گوادر کو مل گئی

10ویں ایڈیشن کے پلیئرز ڈرافٹ کی میزبانی کرے گا، پلیئر ڈرافٹس کی تقریب 11 جنوری 2025 بروز ہفتہ منعقد ہوگی، خوبصورت شہر گوادر میں تمام فرنچائزز اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کا خیر مقدم کرنے کا منتظر ہوں محسن نقوی

لاہور (شہروز میاں سے) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے 10ویں ایڈیشن کے ڈرافٹس کی میزبانی پہلی بار بلوچستان کے تاریخی شہر گوادر میں کروائے جانے کا اعلان ہوگیا۔ پی سی بی کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان کا پورٹ سٹی گوادر پاکستان سپر لیگ کے 10ویں ایڈیشن کے پلیئرز ڈرافٹ کی میزبانی کرے گا، پلیئر ڈرافٹس کی تقریب 11 جنوری 2025 بروز ہفتہ منعقد ہوگی۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کا کہنا ہے کہ گوادر، اپنی شاندار ساحلی پٹی اور اسٹریٹجک اہمیت کے ساتھ پاکستان کے معاشی مستقبل کے دل کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہاں ایچ بی ایل پی ایس ایل پلیئرز ڈرافٹ کی میزبانی کرکے ہمارا مقصد اس کی ثقافتی اور اقتصادی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں 11 جنوری کو خوبصورت شہر گوادر میں تمام فرنچائزز اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کا خیر مقدم کرنے کا منتظر ہوں کیونکہ ہم پاکستان کے سب سے بڑے کھیلوں کے ایونٹ کے 10ویں ایڈیشن کے آغاز کی طرف ایک اہم قدم اٹھا رہے ہیں۔

اولمپیئن سمیع اللہ کے مجسمے سے ہاکی، گیند کے بعد چور جنگلہ بھی لے اُڑے

سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سوشل میڈیا سائٹس پر تیزی سے وائرل ہونے لگی

بہاولپور (ویب ڈیسک) دنیائے ہاکی میں فلاسنگ ہارس کے نام سے معروف پاکستان ہاکی ٹیم کے سابق کپتان اولمپئن سمیع اللہ خان کے مجسمے کا حفاظتی جنگلہ بھی چوری ہوگیا۔ صوبہ پنجاب کے ضلع بہاولپور کے حفاظتی مجسمے کے جنگلے کو چوری کرنے کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سوشل میڈیا سائٹس پر تیزی سے وائرل ہورہی ہیں، جس میں چور کو جنگلہ اکھاڑتے دیکھا جاسکتا ہے۔ پولیس تھانہ کینٹ نے واقع کا مقدمہ درج کر کے چور کی تلاش شروع کردی ہے۔ نہایتی مہنگے علاقے ماڈل ٹاؤن میں لگے ہوئے اولمپک چیمپئن سمیع اللہ خان کا مجسمہ نشئی اور چوروں کا ٹارگٹ بنتا آیا ہے، 3 سال قبل مجسمے سے بال اور ہاکی چوری کرلی گئی تھی۔ کنٹونمنٹ بورڈ نے ہاکی اور گیند چوری ہونے کے بعد یادگاری مجسمہ کو محفوظ رکھنے چبوترہ بنا کر اس کے گرد حفاظتی آہنی جنگلہ بھی لگایا گیا تھا تاہم اب وہ بھی چور لے اڑے۔ یادگاری مجسمہ سے ہاکی اور گیند چوری ہونے کے بعد سول سوسائٹی نے ایک عارضی ہاکی اور گیند بھی لگادی تھی۔

بھارتی کرکٹ بورڈ کے بینک بیلنس نے دماغ چکرا کر رکھ دیا

دہلی (ویب ڈیسک) دنیائے کرکٹ کے موجودہ امیر ترین بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) کا بینک بیلنس 20 ہزار 686 کروڑ روپے تک پہنچ گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سال 2024 میں بھارتی کرکٹ بورڈ کے بینک بیلنس میں 4 ہزار 200 کروڑ بھارتی روپوں کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جبکہ مجموعی طور پر 20 ہزار 686 کروڑ (یعنی پاکستانی روپوں میں 67 ہزار 651 کروڑ روپے سے زائد) ہے۔ بی سی سی آئی کی آمدنی کا ایک بڑا حصہ انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کے میڈیا رائٹس کی فروخت اور دوطرفہ سیریز کے ذریعے حاصل ہوتا ہے۔ بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) کو انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کی جانب سے حاصل ہونے والی آمدنی کا بھی سب سے بڑا حصہ دیا جاتا ہے، اسکے بعد انگلینڈ، آسٹریلیا اور پھر پاکستان کا نمبر آتا ہے۔

چیمپئنز ٹرافی: بھارتی میڈیا پھر پاکستانی ٹیم کو پہاڑ پر چڑھانے لگا

لاہور (ویب ڈیسک) جنوبی افریقا، آسٹریلیا کو ہوم گراؤنڈ پر شکست دینے کے بعد بھارتی میڈیا پاکستانی ٹیم کو آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کیلئے فیورٹ قرار دینے لگا۔ بھارت کے کئی سوشل میڈیا پلیٹ فارمز صحافی اور اسپورٹس تجزیہ کار آسٹریلیا اور ہوم سیریز میں نیوزی لینڈ کے ہاتھوں اپنی ٹیم کی حالیہ شکستوں پر کپتان روہت شرما اور سینئر کھلاڑیوں کو تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں۔ یہی انفلوئنسرز ٹی 20 ورلڈ کپ میں پاکستان کے پہلے راؤنڈ سے باہر ہونے پر گرین شرٹس کا مذاق بنا رہے تھے آج محض 6 ماہ بعد اپنی بھارتی ٹیم سے زیادہ پاکستان کو سپورٹ کرتے نظر آرہے ہیں، انکا کہنا ہے کہ ون ڈے فارمیٹ میں چیمپئنز ٹرافی سے قبل شاہینوں کا اسکواڈ مضبوط ہوگیا ہے۔ ابراعظم، محمد رضوان اور شاہین شاہ آفریدی فارم میں نظر آرہے ہیں جبکہ ٹورنامنٹ میں پاکستان ٹاپ 4 ٹیموں میں جگہ بنانے کیلئے بھی فیورٹ تصور کی جارہی ہے۔ سوشل میڈیا پر بیٹھے ان انفلوئنسرز کا کہنا ہے کہ پاکستان کی ون ڈے ٹیم کی فارم کو دیکھ کر لگ رہا ہے کہ دبئی میں ہونیوالا پاک بھارت ٹاکرا دلچسپ ہوگا اور کوئی بعید نہیں دونوں ٹیمیں فائنل میں بھی نظر آئیں۔

پلیئرز کی کیٹیگریز پر فرنچائزز نے سوال اٹھا دیے

لاہور (ویب ڈیسک) سابق ٹیسٹ کرکٹرز ٹی 20 اسٹارز کی قسمت کا فیصلہ کرنے لگے، سلیکٹرز اظہر علی اور اسد شفیق کی جانب سے پی ایس ایل 10 کیلئے مقامی پلیئرز کی کیٹیگریز پر بعض فرنچائزز نے سوال اٹھا دیے۔ تفصیلات کے مطابق پی ایس ایل میں مقامی پلیئرز کی کیٹیگریز فرنچائزز خود طے کرتی ہیں، ہر ٹیم کو دیگر 5 کے پلیئرز پر رائے دینے کا حق ہوتا ہے، البتہ اگر کوئی اختلاف سامنے آئے تو قومی سلیکشن کمیٹی فیصلہ کرتی ہے، اس بار سابق ٹیسٹ اسٹارز اظہر علی اور اسد شفیق کے ساتھ سابق امپائر علیم ڈار نے حتمی فیصلے کیے جس پر سوال بھی اٹھائے جا رہے ہیں۔ ملتان سلطانز کے عثمان خان گزشتہ سیزن میں 107.50 کی اوسط سے 430 رنز بنا کر بابر اعظم کے بعد دوسرے نمبر پر رہے تھے، انھوں نے 2 سنچریاں اور اتنی ہی ففٹیز بھی بنائی تھیں، اس کے بعد وہ بھی ریگولر ٹی 20 کرکٹ کھیلتے رہے اور پاکستانی اسکواڈ کا بھی حصہ ہیں، 4 فرنچائزز نے انھیں پلاٹینم میں شامل کرنے کا ووٹ دیا لیکن اس کے باوجود ٹاپ کیٹیگری کے بجائے ڈائمنڈ میں رکھا گیا۔ لاہور قلندرز کے عبداللہ شفیق نے گزشتہ پی ایس ایل کے بعد سے کوئی ٹی 20 میچ نہیں کھیلا لیکن وہ گولڈ سے ڈائمنڈ میں آگئے، کراچی کنگز کے حسن علی کو ڈائمنڈ سے پلاٹینم میں ترقی مل گئی، ریٹائرڈ محمد عامر اور عماد وسیم بھی ٹاپ کیٹیگری کا حصہ ہیں۔

صائم بڑے اسٹار بننے جا رہے ہیں، پونٹنگ کی ویڈیو پھر سامنے آگئی

لاہور (ویب ڈیسک) آسٹریلیا کے سابق کپتان اور دومرتبہ ون ڈے فارمیٹ کے ورلڈ کپ چیمپئن رکی پونٹنگ نے صائم ایوب کو مستقبل کا بڑا اسٹار قرار دے دیا۔ جنوبی افریقہ کے خلاف پہلے ون ڈے میں صائم ایوب کی شاندار کارکردگی کے بعد آئی سی سی نے رکی پونٹنگ کی مئی 2024 کی ویڈیو ایک بار پھر سوشل میڈیا پر جاری کردی۔ رکی پونٹنگ کا کہنا تھا کہ میں نے آسٹریلیا کے گزشتہ سیزن میں صائم ایوب کو بیٹنگ کرتے دیکھا، مجھے بہت اچھا لگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میرا خیال ہے کہ وہ سڈنی ٹیسٹ کھیلے تھے۔ میں اس وقت ان کو اتنا نہیں جانتا تھا، اب جبکہ میں کمنٹری کر رہا ہوں تو مجھے پلیئر کی معلومات اکٹھا کرنا اچھا لگتا ہے اور جاننا چاہتا ہوں کہ کون سا پلیئر کیا کر رہا ہے۔

بابر اعظم ٹیم کا ٹوٹل بھول گئے، اسکور بورڈ کا سہارا لینا پڑا

لاہور (ویب ڈیسک) قومی ٹیم کے اسٹار بیٹر بابر اعظم جنوبی افریقہ کے خلاف دوسرے ون ڈے میں پاکستان ٹیم کا ٹوٹل ہی بھول گئے۔ دوسرے ون ڈے میچ میں پاکستان نے جنوبی افریقہ کے خلاف 329 رنز کا مجموعہ بورڈ پر سجایا۔ اس میں مڈل آرڈر بیٹر بابر اعظم نے 73 رنز کے ساتھ اپنا حصہ ڈالا۔ پاکستان ٹیم کی اننگز کے اختتام پر پریزینٹر نے بابر اعظم نے ٹیم کی پرفارمنس سے متعلق سوال پوچھا اور کہا کہ کیا وہ ٹیم کے اس ٹوٹل سے مطمئن ہیں؟

دوسرا ون ڈے: پاکستان نے جنوبی افریقا کو شکست دے کر سیریز جیت لی

لاہور (ویب ڈیسک) دوسرے ایک روزہ میچ میں جنوبی پاکستان نے جنوبی افریقا کو 81 رنز سے شکست دے کر سیریز 1-2 سے جیت لی۔ کیپ ٹاؤن میں کھیلے گئے میچ میں 330 رنز کے تعاقب میں جنوبی افریقا کی ٹیم 248 رنز ہی بنا سکی۔ پروٹیز کی جانب سے ایزک کلاسن نے 97 رنز کی اننگ کھیلی۔ ٹونی ڈی زورزی 34، ڈیوڈ ملر 29، ریسی وین ڈر ڈوسین 23، ایڈن مارکرم 21، کپتان ٹیمبا بووما 12، ژورن فورٹین 9، مارکو جینسن 3، کوینا مافاکا 1 اور اینڈائل فیلوکوایو 1 رن بنا کر آؤٹ ہوئے۔ پاکستان کی جانب سے شاہین شاہ آفریدی نے 4، نسیم شاہ نے 3، ابرار احمد نے 2 اور سلمان آغا نے 1 وکٹ حاصل کی۔ اس سے قبل پاکستان کی ٹیم جنوبی افریقا کی دعوت پر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 49.5 اوورز میں 329 رنز بنا کر آؤٹ ہوئی۔ پاکستان کی جانب سے کپتان محمد رضوان 80 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ بابر اعظم 73، کامران غلام 63، سلمان آغا 33، صائم ایوب 25، شاہین شاہ آفریدی 16، عرفان خان 15، حارث رؤف 6، ابرار احمد 4 اور عبداللہ شفیق 0 رن بنا کر آؤٹ ہوئے۔ نسیم شاہ 0 رن بنا کر ناٹ آؤٹ پویلین لوٹے۔ جنوبی افریقا کی جانب سے ڈیبیو کرنے والے کوینا مافاکا نے 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ مارکو جینسن نے 3 جبکہ ژورن فورٹن اور اینڈائل فیلوکوایا نے 1، 1 وکٹ حاصل کی۔

چیمپئنز ٹرافی: شیڈول کا اعلان جلد متوقع، کولمبو بھی نیوٹرل وینیو کی دوڑ میں شامل

اگر بھارت فائنل میں نہ پہنچا تو فائنل لاہور میں ہوگا۔ کراچی اور راولپنڈی 3، 3 میچز کی میزبانی کریں گے

لاہور (ویب ڈیسک) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کے شیڈول کا اعلان جلد کیا جائے گا۔ کولمبو بھی نیوٹرل وینیو کی دوڑ میں شامل ہوگیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نیوٹرل وینیو سے متعلق بات چیت کا سلسلہ جاری ہے۔ دبئی اور کولمبو نیوٹرل وینیو کے لیے زیر غور ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ چار میچز کی میزبانی لاہور کو ملنے کا امکان ہے جبکہ چار میچز نیوٹرل وینیو پر ہوں گے۔ بھارت کے فائنل میں پہنچنے کی صورت میں فائنل نیوٹرل وینیو پر ہوگا جبکہ اگر بھارت فائنل میں نہ پہنچا تو فائنل لاہور میں ہوگا۔ کراچی اور راولپنڈی 3، 3 میچز کی میزبانی کریں گے۔ اس سے قبل انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ایک بیان میں کہا تھا کہ چیمپئنز ٹرافی پاکستان اور ایک نیوٹرل وینیو پر ہوگی۔ آئی سی سی نے چیمپئنز ٹرافی کے لیے پاک بھارت فیوژن فارمولے کا اعلان کیا تھا۔ فیوژن فارمولا چیمپئنز ٹرافی، ویمنز ورلڈ کپ اور ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ پر نافذ ہوگا۔

چیمپئنز ٹرافی 2025: ہائبرڈ ماڈل کے اضافی اخراجات پر کتنی رقم خرچ ہوگی؟

پاکستان نے اجلاس میں چیمپئنز ٹرافی کا شیڈول اور فارمیٹ جمع کرایا تھا لیکن کوئی فیصلہ سامنے نہیں آیا

کراچی (ویب ڈیسک) چیمپئنز ٹرافی 2025، میں بھارت کے میچز ہائبرڈ ماڈل کے تحت نیوٹرل مقام پر منعقد کرانے کے اضافی اخراجات درکار ہوں گے۔ آئی سی سی کی جانب سے مشروط معاہدے پر پاکستان اور بھارت کے کرکٹ بورڈز کی رضامندی کے بعد پاکستان سے باہر کھیلے جانے والے میچز میں اضافی رقم خرچ ہوگی۔ رواں سال جولائی میں کولمبو، سری لنکا میں آئی سی سی کے اجلاس نے چیمپئنز ٹرافی کی میزبانی کے لیے پاکستان کو سات کروڑ ڈالرز دینے کی منظوری دی تھی جبکہ اضافی اخراجات کے لیے 45 لاکھ ڈالرز مختص کیے گئے جس کا مقصد بھارتی کرکٹ ٹیم کے پاکستان نہ آکر کھیلنے کی صورت میں میچز کی کسی دوسرے مرکز پر ممکنہ منتقلی تھی۔ اب ہائبرڈ ماڈل کے تحت میچز ہونے پر اضافی رقم کی ضرورت ہوگی، یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ پاکستان نے مذکورہ اجلاس میں چیمپئنز ٹرافی کا شیڈول اور فارمیٹ جمع کرایا تھا، تاہم ہنوز اس حوالے سے کوئی فیصلہ سامنے نہیں آسکا۔ چیمپئنز ٹرافی کے مجوزہ شیڈول میں گروپ اے پاکستان، بھارت، نیوزی لینڈ اور بنگلہ دیش جبکہ گروپ بی آسٹریلیا، انگلینڈ، جنوبی افریقہ اور افغانستان پر مشتمل ہے۔ ایونٹ میں بھارت کا پہلا میچ 20 فروری کو بنگلا دیش، دوسرا میچ 23 فروری کو نیوزی لینڈ، تیسرا میچ یکم مارچ کو میزبان پاکستان سے رکھا گیا ہے، بھارت کی سیمی فائنل میں رسائی کی صورت میں ایک سیمی فائنل اور فائنل بھی بیرون ملک منعقد کرانے پر اضافی اخراجات ہوں گے۔

SHOWBIZ
قوت

جاوید شیخ کو شوبز انڈسٹری میں 50 برس مکمل، ساتھی فنکاروں کے ساتھ جشن

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستان شوبز کے معروف سینئر اداکار جاوید شیخ انڈسٹری میں اپنی گولڈن جوبلی منا رہے ہیں۔ جاوید شیخ کو پاکستان شوبز میں خدمات سرانجام دیتے ہوئے 50 برس مکمل ہو چکے ہیں جس کا بھرپور جشن منایا جارہا ہے، اداکار نے اپنی آنے والی فلم کے سیٹ پر ساتھی فنکاروں کے ساتھ اپنی گولڈن جوبلی مناتے ہوئے کیک کاٹا جس کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہورہی ہیں۔ اوید شیخ ساتھی فنکاروں بشریٰ انصاری، ممتاز بیگم، قیصر پیا اور افتخار ٹھاکر کے ساتھ مل کر کیک کاٹتے ہوئے جشن منا رہے ہیں۔ 5 دہائیوں تک پاکستانی ڈرامہ وفلم انڈسٹری پر راج کرنے والے جاوید شیخ نے ان کہی، چیف صاحب، زندگی گزار ہے، کبھی میں کبھی تم سمیت کئی پاکستانی جبکہ بالی ووڈ فلموں میں بھی اداکاری کے جوہر دکھائے ہیں جن میں نمستے لندن، اوم شانتی اوم سرفہرست ہیں۔

لوئر دیر کی فر فر انگلش بولتی بچی کی سوشل میڈیا پر دھوم

پشاور (شوبز ڈیسک) پاکستان کے شمالی علاقے لوئر دیر میں فر فر انگریزی بولنے والی بچی نے سوشل میڈیا پر دھوم مچادی۔ لوئر دیر کی شمائلہ کبھی اسکول نہیں گئی مگر انگریزی سمیت 6 زبانوں میں مہارت رکھتی ہے۔ شمائلہ نے سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں کہا کہ میں نے انگریزی سمیت 6 زبانیں اسکول میں نہیں بلکہ گھر پر بیٹھ کر سیکھیں۔ میں اردو، انگلش، پنجابی، سرائیکی، پشتو اور چترالی زبانیں بول سکتی ہوں۔ شمائلہ نے میری والدہ کا تعلق چترال اور والد کا تعلق پشاور سے ہے۔ سوشل میڈیا صارفین نے شمائلہ کی اچھی انگلش کو سراہا۔ ایک صارف کا کہنا تھا کہ اتنی اچھی انگلش تو انگلش میڈیم اسکول میں پڑھنے والے بھی نہیں بول پاتے۔ کچھ کا کہنا تھا کہ اس کا تعلق صرف اسکول اور اچھی تعلیم سے نہیں بلکہ محنت، لگن اور اعتماد سے ہوتا ہے۔ شمائلہ کی ویڈیو کو سوشل میڈیا پر اب تک لاکھوں صارفین دیکھ اور پسند کر چکے ہیں۔

میں یہ جنگ جیت نہیں سکا، کبیر بیدی کا جواں سال بیٹے کی خودکشی پر اعتراف

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارتی سینما کے معروف اداکار کبیر بیدی نے سوانح حیات میں اپنے بیٹے سدھارتھ کی خودکشی کے حوالے سے لکھا کہ میں یہ جنگ جیت نہیں سکا۔ اپنی سوانح حیات میں کبیر بیدی نے اپنے بیٹے کے شیزوفرینیا کی تشخیص اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی مشکلات پر روشنی ڈالی۔ بیدی نے کہا کہ سدھارتھ ایک انتہائی ذہین لڑکا تھا، جو امریکہ کے بہترین انفارمیشن ٹیکنالوجی پروگرام میں داخل ہوا تھا۔

صرف 2 فلمیں کرکے دولت میں عامر خان کو بھی پیچھے چھوڑنے والا امیر ترین اداکار

ممبئی (ویب ڈیسک) کروڑوں کمانے کی خواہش میں ہر اداکار سالوں محنت کرتے ہیں اور کچھ تو 100 سے زائد فلمیں کر کے بھی امیر ترین اداکار نہیں بن پاتے، تاہم کیا آپ جانتے ہیں بالی ووڈ میں ایک اداکار ایسا بھی ہے جس نے صرف 2 فلمیں کیں مگر وہ انڈسٹری کا سب سے امیر ترین اداکار بن گیا ہے۔ یہاں بات ہورہی ہے اداکار گریش کمار کی جو 2013 میں ریلیز ہونے والی فلم رامیا وستاویا میں بطور ہیرو ڈیبیو کر کے کئی ایوارڈز کیلئے نامزد ہوئے تھے۔ 38 کروڑ روپے کے بجٹ سے بننے والی یہ فلم باکس آفس پر خاطر خواہ کامیاب نہ ہوسکی، لیکن گریش اپنی پرفارمنس کی بدولت مداحوں کی توجہ حاصل کرنے میں کامیاب رہے۔

ساتھی اداکارہ کو جنسی ہراساں کرنے کے الزام میں بھارتی اداکار گرفتار

حیدرآباد (ویب ڈیسک) بھارتی ریاست تیلنگانہ کی پولیس نے حیدرآباد (دکن) میں یوٹیوبر اور اداکار پرساد بہرا کو گرفتار کرلیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پرساد بہرا پر ان کی ساتھی اداکارہ نے کئی ماہ سے جنسی ہراسانی کا الزام عائد کرتے ہوئے پولیس میں شکایت درج کرائی تھی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ متاثرہ خاتون نے الزام عائد کیا ہے کہ پرساد بہرا نے گزشتہ چند مہینوں کے دوران انہیں جنسی طور پر ہراساں کیا۔ شوٹنگ کے دوران ان کا رویہ نازیبا تھا اور انہوں نے نامناسب انداز میں اداکارہ کو چھوا۔ انہوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ جب انہیں ایک اور موقع پر ہراساں کیا گیا تو انہوں نے پرساد کو روکنے کی کوشش کی، مگر اس نے بدتمیزی جاری رکھی۔ انہوں نے کہا کہ حال ہی میں، 11 دسمبر کو شوٹنگ سے گھر واپس جاتے ہوئے پرساد نے ان پر حملہ کیا، جس کے باعث انہیں کیس درج کروانا پڑا۔ اداکارہ کی شکایت پر پولیس نے پرساد کو بدھ کے روز حراست میں لے لیا اور عدالت میں پیش کیا، جہاں انہیں 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ متاثرہ اداکارہ اور پرساد بہرا کے ایک یوٹیوب چینل کے لیے بننے والی ویب سیریز میں ساتھ کام کر رہے تھے۔

ماضی کی مقبول جوڑی کرینہ اور شاہد کپور برسوں بعد ایک ساتھ، تصویر وائرل

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کی مشہور زمانہ فلم ’جب وی میٹ‘ کے اسٹارز کرینہ اور شاہد کپور برسوں بعد ایک مرتبہ پھر ساتھ نظر آئے ہیں جس کی تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے۔ ماضی میں ایک دوسرے کی محبت میں گرفتار رہنے والی مقبول جوڑی کو ایک ساتھ دیکھ کر مداح حیران رہ گئے اور خوشی کا اظہار کر رہے ہیں۔ ماضی میں کرینہ اور شاہد کے درمیان محبت کا رشتہ رہا تاہم سالوں تک ایک دوسرے کو ڈیٹ کرنے کے بعد دونوں نے راہیں جدا کر کے الگ الگ شادیاں کرلیں لیکن اس کے بعد انہیں کبھی ایک ساتھ دوبارہ نہیں دیکھا گیا جبکہ ایوارڈ شوز میں بھی انہیں ایک دوسرے کو نظر انداز کرتے کئی مرتبہ دیکھا جاچکا ہے۔

فلسطینی رومال کی طرز پر پینٹس بنانے پر حسن شہریار کو شدید تنقید کا سامنا



لاہور (ویب ڈیسک) مشہور ڈیزائنر حسن شہریار کو فلسطینی رومال کفیہ کی طرز پر پینٹس بنانے پر مداحوں کی ناراضگی کا سامنا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹا گرام پر 1.5 ملین فالوورز رکھنے والے ڈیزائنر حسن شہریار جو ایچ ایس وائے کے نام سے بھی مشہور ہیں حال ہی میں فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے خصوصی طور پر ڈیزائن کی گئی پینٹس متعارف کروائیں۔ حسن شہریار نے انسٹا گرام پر ویڈیو شیئر کی جس میں وہ فلسطینی رومال کفیہ کی طرز کی پینٹس پہنے دکھائی دیئے۔ ویڈیو سامنے آتے ہی سوشل میڈیا صارفین، مداحوں اور کچھ عرب افراد نے ایچ ایس وائے کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ لوگوں کا کہنا تھا کہ کیفیہ عربوں کے شاندار کلچر کا اہم حصہ ہے جسے وہ کندھے اور سر پر رکھتے ہیں۔ اس مشابہت رکھنی والی پینٹس بنانا درست نہیں۔ کچھ سوشل میڈیا صارفین نے کہا کہ کفیہ کی شرٹ یا اسکارف تو ٹھیک ہیں لیکن پینٹس قابل قبول نہیں۔ یہ عرب کلچر کی توہین کے مترادف ہے۔ کچھ لوگوں نے حسن شہریار کو ڈیزائننگ کے وقت عقل کے استعمال کا بھی مشورہ دے ڈالا۔ مشہور ڈیزائنر حسن شہریار کو فلسطینی رومال کفیہ کی طرز پر پینٹس بنانے پر مداحوں کی ناراضگی کا سامنا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹا گرام پر 1.5 ملین فالوورز رکھنے والے ڈیزائنر حسن شہریار جو ایچ ایس وائے کے نام سے بھی مشہور ہیں حال ہی میں فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے خصوصی طور پر ڈیزائن کی گئی پینٹس متعارف کروائیں۔

اداکارہ عائزہ خان نے تعلیم کیلیے دوبارہ ”اسکول“ کا رخ کرلیا

لندن (شوبز ڈیسک) متعدد پاکستانی ڈراموں میں اپنی اداکاری کا لوہا منوانے والی باصلاحیت اداکارہ عائزہ خان نے دوبارہ تعلیم کا سلسلہ شروع کردیا۔ سال 2009 میں ڈرامہ ”تم جو ملے“ سے شوبز میں انٹری کرنے والی عائزہ نے 2013ء میں ڈرامہ سیریل ”پیارے افضل“ کے ساتھ شہرت کی بلندیوں کو چھولیا تھا۔ اس کے بعد انھوں نے ”میرے مہربان“، ”تم کون پیا“، ”محبت تم سے نفرت ہے“، ”میں“ اور ”میرے پاس تم ہو“ جیسے سیریلز میں اداکاری کر کے انڈسٹری میں اپنی دھاک بٹھالی۔ عائزہ نے نہ صرف سنجیدہ کرداروں میں اپنی مہارت کا اظہار کیا بلکہ کامیڈی میں بھی اپنی بے ساختگی اور شوخ وچنچل اداؤں کے سبب سب کے چہروں پر مسکراہٹیں بکھیرنے میں کامیاب رہیں۔ عائزہ ڈراموں سے زیادہ ماڈلنگ میں مصروف رہتی ہیں اور حال ہی میں انھوں نے آنے والے ڈرامے ”ہمراز“ کی شوٹنگ مکمل کی ہے جس کے ساتھ ہی وہ لندن جا پہنچیں اور اپنی زندگی سے متعلق اپڈیٹ فراہم کرکے مداحوں کو حیران کردیا۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ پر تصاویر کا ایک سلسلہ پوسٹ کرتے ہوئے اداکارہ نے بتایا کہ انھوں نے تعلیم کا سلسلہ دوبارہ شروع کیا ہے اور اب باقاعدہ اداکاری کی تربیت لینے کے لیے لندن کی رائل اکیڈمی آف ڈرامیٹک آرٹ کا رخ کیا ہے جو ان کا برسوں پرانا خواب تھا۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

87فیصد خوردہ ادائیگیاں اب ڈیجیٹل ذرائع سے کی جارہی ہیں، اسٹیٹ بینک

ڈیجیٹل ادائیگی کی قبولیت، انفرااسٹرکچر کی ترقی اور نقد سے بتدریج منتقلی میں زبردست اضافہ ریکارڈ کیا گیا

لاہور (شہروز میاں سے) مالی سال 2025 کی پہلی سہ ماہی کے دوران خوردہ ڈیجیٹل ذرائع سے ادائیگیوں کا حصہ 87 فیصد ہوگیا، جو اس نظام پر عوام کے بڑھتے اعتماد کا اظہار ہے۔ اسٹیٹ بینک نے مالی سال 2025 کی پہلی سہ ماہی کے لیے نظام ادائیگی کا جائزہ جاری کردیا، جس کے مطابق کیش لیس اور ڈیجیٹل لحاظ سے شمولیتی معیشت کی جانب پاکستان کے سفر میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے۔ مرکزی بینک کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ جولائی سے ستمبر 2024 کے دوران ڈیجیٹل ادائیگی کی قبولیت، انفرااسٹرکچر کی ترقی اور نقد سے بتدریج منتقلی میں زبردست اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں خوردہ ادائیگیاں حجم کے لحاظ سے 8 فیصد اضافے سے ایک ارب 951 کروڑ ہوگئیں جن کی مالیت 1360 کھرب روپے رہی۔ مرکزی بینک کے مطابق سہ ماہی میں ڈیجیٹل ذرائع سے ادائیگیوں کے حجم اور مالیت دونوں میں 9 فیصد اضافہ ہوا، حجم ایک ارب 69 کروڑ ہوگیا اور مالیت 360 کھرب روپے تک جا پہنچی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ خُوردہ ادائیگیوں کا 87 فیصد اب ڈیجیٹل ذرائع سے کیا جارہا ہے جو ظاہر کرتا ہے کہ ڈیجیٹل ادائیگیوں پر عوام کا اعتماد بڑھ رہا ہے، مزید بتایا گیا ہے کہ موبائل بینکاری ایپس کے صارفین کی مجموعی تعداد 4 فیصد اضافے سے 9 کروڑ 65 لاکھ تک جا پہنچی۔

چین کے سنکیانگ کی مجموعی درآمدی اور برآمدی مالیت تاریخ میں پہلی بار 400ارب یوآن سے تجاوز کرگئی

بیجنگ (این این آئی) ارمچی کسٹمز سے ملنے والی اطلاع کے مطابق پہلے 11 ماہ میں چین کے سنکیانگ ویغور خوداختیار علاقے کی مجموعی درآمدی و برآمدی مالیت 11.403 ارب یوآن رہی جو سال بہ سال 26 فیصد کا اضافہ ہے اور یہ شرح نمو ملک میں پہلے نمبر پر ہے۔ سنکیانگ کی غیرملکی تجارت کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ غیر ملکی تجارت کی مجموعی مالیت 400 ارب یوآن سے تجاوز کرگئی ہے۔ پہلے 11 ماہ میں سنکیانگ کی برآمدات کی کل مالیت 04.343 ارب یوآن رہی جو سال بہ سال 27 فیصد کا اضافہ ہے اور درآمدی مالیت 07.60 ارب یوآن رہی جو سال بہ سال 20.7 فیصد کا اضافہ ہے۔ تجارتی شراکت داروں کے لحاظ سے، پہلے 11 مہینوں میں چین کے سنکیانگ کی دو بڑی تجارتی منڈیوں یعنی پانچ وسطی ایشیائی ممالک اور آسیان کے ساتھ درآمدات اور برآمدات کی مالیت میں بالترتیب 9.6 فیصد اور 231 فیصد کا سال بہ سال اضافہ ہوا۔

انٹر ریجن مقابلوں میں پولیس کی والی بال سمائش گیم

ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت کی جانب سے جوانوں کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی /قوت) انٹر ریجن مقابلوں میں پولیس کی والی بال سمائش گیم میں مسلسل پانچویں دفعہ پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے جوانوں کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام سے نوازا۔ پولیس ذرائع کے مطابق پولیس کے جوانوں نے راولپنڈی میں منعقدہ انٹر رینج والی بال سمائش ٹورنامنٹ منعقد ہوا جس میں اوکاڑہ پولیس کے کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے آل پنجاب میں ساہیوال ریجن نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اس ٹورنامنٹ میں پنجاب پولیس کی مختلف رینجز سے پولیس کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ ڈی پی او اوکاڑہ نے کھلاڑیوں کے اوکاڑہ پہنچنے پر ملاقات کی اور انہیں بہترین کھیل پیش کرنے اور اوکاڑہ پولیس کا کھیل کے میدان میں نام روشن کرنے پر زبردست طریقے سے شاباش دی اور تعریفی سرٹیفکیٹس و نقد انعام سے نوازا۔

انٹرن شپ پروگرام کا آغاز کردیا گیا ہے، طاہرہ خان

ضلع چنیوٹ کے نوجوانوں کو حصہ لینے کا موقع دیا جارہا ہے، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے تحت نوجوانوں کو پیشہ ورانہ تربیت فراہم کرنے اور انہیں عملی میدان میں مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے انٹرن شپ پروگرام کا آغاز کردیا گیا ہے۔ اس پروگرام کے تحت ریسکیو 1122 کے ساتھ انٹرن شپ کا خصوصی منصوبہ ترتیب دیا گیا ہے، جس میں ضلع چنیوٹ کے نوجوانوں کو حصہ لینے کا موقع دیا جارہا ہے۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر طاہرہ خان نے انٹرن شپ کے پہلے بیچ کے طلباء کو جامع بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران طلباء کو ریسکیو 1122 کی خدمات، آپریشنل سرگرمیوں، اور ایمرجنسی مینجمنٹ کے اصولوں کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ انٹرن شپ کو ایک نادر موقع سمجھتے ہوئے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بہتر بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کا مقصد نوجوانوں میں ایمرجنسی حالات سے نمٹنے کی صلاحیت پیدا کرنا اور انہیں عملی میدان کے لیے تیار کرنا ہے۔ طلباء کو تربیت کے دوران ریسکیو 1122 کی مختلف ڈیوٹیز، آلات کے استعمال، اور ٹیم ورک کی اہمیت کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کی جائیں گی۔ انٹرن شپ کے دوران شرکاء کو تھیوریٹیکل اور پریکٹیکل تربیت دی جائے گی، جس میں فرسٹ ایڈ، آگ بجھانے کے طریقے، اور ہنگامی صورتحال میں فیصلہ سازی شامل ہے۔

پنجاب حکومت نے سرکاری افسران کیلئے صرف 2فیصد مارک اپ پر قرضہ اسکیم شروع کردی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے سرکاری افسران کیلئے صرف دو فیصد مارک اپ پر قرضہ اسکیم شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے افسران کی لئے دو فیصد منافع قرضہ سکیم شروع کی، ڈی ایم جی اور پی ایم ایس افسران کو 2 فیصد مارک اپ پر قرضہ ملے گا۔ اس سلسلہ میں سیکرٹری خزانہ مجاہد شیر دل کی سربراہی میں کمیٹی قائم کر دی گئی۔ گریڈ 17 کے ڈی ایم جی اور پی ایم ایس افسر کو 50 لاکھ تک قرض ملے گا، گریڈ 18 کے افسر کو ڈیڑھ کروڑ قرض ملے گا، گریڈ 19 اور 20 کے افسر کو 2 کروڑ روپے قرض ملے گا۔ گریڈ 21 اور 22 کے افسر کو ڈھائی کروڑ تک قرض ملے گا، یہ قرض صرف ڈی ایم جی اور پی ایم ایس افسران کو ملے گا، افسران آسان اقساط پر قرض کی ادائیگی کرسکیں گے۔

ہول سیل، پرچون مارکیٹوں میں چینی کی قیمت میں کمی

لاہور (این این آئی) لاہور کی ہول سیل اور پرچون مارکیٹوں میں چینی کی قیمت میں کمی ہوگئی، چینی کی قیمت میں 10 روپے فی کلوگرام کمی دیکھی جارہی ہے۔ مارکیٹوں میں چینی کی قیمت 140 سے کم ہو کر 130 روپے فی کلوگرام ہوگئی۔ شوگر ڈیلرز کا کہنا ہے کہ چینی کی قیمتوں میں مزید کمی کا امکان ہے۔

میاں چنوں: شہر بھر میں غیر قانونی منی پٹرول پمپ قائم

غیر قانونی مراکز کی فوری بند کیا جائے، شہریوں کی اعلیٰ حکام سے اپیل

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) شہر بھر میں غیر قانونی منی پٹرول پمپ قائم گیس ری فلنگ جاری، شہریوں نے اعلیٰ حکام سے منی پٹرول پمپس اور ایل پی جی کی فروخت کے غیر قانونی مراکز کی فوری بند کروانے کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق میاں چنوں شہر اور گردونواح میں غیر قانونی منی پٹرول پمپ قائم جہاں پٹرول کی غیر قانونی فروخت کیساتھ ساتھ ایل پی جی گیس کی ری فلنگ کا کاروبار بھی ہو رہا ہے، شہر میں جگہ جگہ قائم ان منی پٹرول پمپس پر ملاوٹ شدہ آئل بھی فروخت ہو رہا ہے، جس کے استعمال سے موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کے انجن کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے بعض منی پٹرول پمپ تعلیمی اداروں اور مساجد کے قریب بھی واقع ہیں جبکہ گنجان آباد علاقوں میں قائم یہ منی پٹرول پمپس شہریوں کیلئے مسلسل خوف کی وجہ بنے ہوئے ہیں اور کسی بھی وقت حادثہ ہونے کا خدشہ ہے دوسری طرف ایل پی جی گیس ری فلنگ کے مراکز بھی چل رہے ہیں اور جگہ جگہ دکانیں قائم ہیں جبکہ متعلقہ حکام اس خطرناک کاروبار کی روک تھام کیلئے کارروائی کرنے کو تیار نہیں۔ دوسری طرف شہری حلقوں کی طرف سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ اعلیٰ حکام منی پٹرول پمپس اور ایل پی جی کی فروخت کے غیر قانونی مراکز کی فوری بندش کرنے کیلئے اقدامات کرے

میاں چنوں: پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح

انسداد پولیو مہم ایک قومی فریضہ ہے انسداد پولیو مہم 16 سے 20 دسمبر تک جاری رہے گی

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر آصف محمود اور ٹی ایچ کیو ایم ایس آصف منیر نے پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کیا اور بچوں کو قطرے پلائے، تفصیلات کے مطابق میاں چنوں میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا گیا ہے افتتاح بچوں کو قطرے پلا کیا گیا، اسسٹنٹ کمشنر محمد اقبال اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر آصف محمود کا اس موقع پر کہنا تھا کہ انسداد پولیو مہم ایک قومی فریضہ ہے انسداد پولیو مہم 16 سے 20 دسمبر تک جاری رہے گی تحصیل بھر میں 1 لاکھ 58 ہزار بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر ہے جس کیلئے 692 ٹیمیں پولیو کے قطرے پلانے کا فریضہ انجام دیں گی افسران اور سپروائزر انسداد پولیو ٹیموں کی باقاعدگی سے نگرانی کریں گے جب کہ ایم ایس ڈاکٹر آصف منیر کا کہنا تھا کہ انسداد پولیو مہم کو مائیکرو پلان کے مطابق چلایا جائے گا ڈور مارکنگ اور فنگر مارکنگ دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق کی جائے داخلی وخارجی راستوں پر پولیس اہلکاروں کی موجودگی یقینی بنائی جائے گی۔

ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے اقدامات کیے جائیں، ڈپٹی کمشنر

ٹرالیوں و دیگر ہیوی گاڑیوں پر ریفلیکٹر اور لائٹس سو فیصد لگوائی جائیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کریشنگ سیزن میں تمام شاہرات پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے اقدامات کیے جائیں، گنے کی ٹرالیوں و دیگر ہیوی گاڑیوں پر ریفلیکٹر اور لائٹس سو فیصد لگوائی جائیں، اس حوالے سے متعلقہ محکموں سیکرٹری آر ٹی اے، ٹریفک پولیس، ہائی وے، ریسکیو 1122 و دیگر محکموں پر مشتمل ٹیمیں مختلف مقامات پر موجود رہیں اور عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا، اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رانا محمد عمر، سیکرٹری ڈی آر ٹی اے محمد عمر، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 میڈم طاہرہ خان، ایکسین ہائی وے محمد احمد، ڈی ایس پی ٹریفک بابر نواز ہنڈل، انچارج سیکیورٹی محسن حسن خان و دیگر موجود تھے، سیکرٹری ڈی آر ٹی اے نے بتایا کہ کریشنگ کے رواں سیزن کے 14 دنوں میں اب تک 857 گاڑیوں پر ریفلکٹر لگائے جا چکے ہیں، ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے جملہ محکموں کو ہدایت کیں کہ حادثات سے بچاؤ کیلئے ریفلکٹرز لگانے کا کام تیز کیا جائے۔

پنجاب ٹورازم ڈیپارٹمنٹ نے سب انسپکٹر رب نواز خان بھریڑی کا تبادلہ ملتان سے مری کردیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) پنجاب ٹورازم ڈیپارٹمنٹ نے سب انسپکٹر رب نواز خان بھریڑی کا تبادلہ ملتان سے مری کر دیا۔ محکمہ ٹورازم ڈیپارٹمنٹ میں تعینات سب انسپکٹر رب نواز بھریڑی اس سے پہلے بھی مری میں اپنی خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ مری میں موسم سرما خصوصاً برف باری سیزن کے دوران پنجاب ٹورازم اسکواڈ نے بہترین خدمات سرانجام دینے کیلئے قابل آفیسر کا انتخاب کرتے ہوئے تبادلہ کیا ہے۔ رب نواز خان کا شمار ٹورازم ڈیپارٹمنٹ کے بہترین قابل قدر محنتی اور ایماندار آفیسرز میں ہوتا ہے برف باری سیزن میں ان کا تبادلہ ان کی خدمات کا اعتراف ہے موصوف قبل ازیں بھی مری میں فرائض کی بجا آوری پر متعدد بار تعریفی اسناد حاصل کرچکے ہیں عوامی وسماجی حلقوں اور رفقائے کار نے پنجاب ٹورازم ڈیپارٹمنٹ کے اس احسن اقدام کو سراہا ہے

جھنگ: کرسمس کے حوالے سے تمام تر سیکیورٹی انتظامات مکمل کر لئے گئے

جھنگ (بیورو رپورٹ) پولیس کی جانب سے قائد ڈے اور کرسمس کے حوالے سے سیکیورٹی پلان ترتیب دے دیا گیا ہے، جس سے قائد ڈے اور کرسمس کی تقریبات اور گرجا گھروں کی سیکیورٹی کو فول پروف بنایا جائیگا۔ ضلع بھر میں مختلف تقریبات پر ایک ہزار سے زائد پولیس افسران و جوان ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔ ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کا کہنا تھا کہ کرسمس کے حوالے سے تمام تر سیکیورٹی انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں، چرچ ہائے میں داخل ہونے والے اشخاص کی میٹل ڈیٹیکٹر کے ذریعے تلاشی لی جائے گی، چھتوں پر سنائپرز تعینات کئے جائیں گے اور سی سی ٹی وی مانیٹرنگ بھی کی جائے گی۔ اس دوران اہم شاہراؤں اور چرچ ہائے کے اطراف ایلیٹ فورس اور پولیس موبائلز موثر گشت کو یقینی بنائیں گی۔ شہر بھر میں اہم مقامات، شاہراؤں، شہر کے داخلی وخارجی راستوں اور تفریحی مقامات پر بھی پولیس افسران و جوان ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے تاکہ قائد ڈے اور کرسمس کے حوالے سے منعقدہ تقریبات کی فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنایا جاسکے۔

شاہدرہ نجی سکول میں سالانہ فن فیئر وگالا کا انعقاد

کھانے پینے کی اشیا پر ہاتھ صاف کرتے ہوئے خوب مزے کرتے دکھائی دیئے

مریدکے (تحصیل رپورٹر) شاہدرہ نجی سکول میں سالانہ فن فیئر وگالا کا انعقاد کیا گیا جس میں طلبا وطالبات کے علاوہ والدین کی کثیر تعداد نے شرکت کی بچوں نے فن گالا میں مختلف پروگراموں میں پارٹیسپیٹ کیا تفصیلات کے مطابق شاہدرہ میں نجی سکول میں فن گالا کا انعقاد کیا جس میں بچوں نے جھولے اور سٹالز پر سے مختلف کھانے پینے کی اشیا پر ہاتھ صاف کرتے ہوئے خوب مزے کرتے دکھائی دیئے۔ بچوں نے ٹیبلوز پیش کر کے شرکا سے خوب داد حاصل کی طلبا و طالبات نے رنگ برنگے ملبوسات زیب تن کر کے فن گالا کو چار چاند لگا دیئے فن گالا میں میجک شو پپٹ شو کے علاوہ مختلف پروگراموں کا انعقاد کیا جس میں بچوں نے خوب ہلا گلا کیا اس موقع پر ڈائریکٹر، پرنسپل کے ساتھ ساتھ ٹیچرز بھی موجود تھے۔ اس موقع پر بچوں اساتذہ اور مہمانوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے کہا ایسے پروگرام نصابی وغیر نصابی سرگرمیاں بچوں کی ذہنی وجسمانی نشونما کے لیے ضروری ہیں جس سے بچوں کے اندر چھپا ٹیلنٹ ظاہر ہوتا ہے اور بچوں کے درمیان مقابلہ کی فضا قائم ہوتی ہے والدین نے سکول کے طالبات کی جانب سے کھیلوں کے مختلف مقابلوں، کھانے پینے کے سٹالز، پینٹنگز اور دیگر پروگراموں کے انعقاد پر ان کی خوب حوصلہ افزائی کی تقریب کے اختتام پر بچوں میں تحائف بھی تقسیم کیے گئے۔

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کا بنیادی مرکز صحت کوٹ سائی سنگھ کا دورہ

ڈاکٹرز اور مریضوں کو دی جانے والی طبی سہولیات و ریکارڈ کا بھی جائزہ لیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے بنیادی مرکز صحت کوٹ سائی سنگھ کا دورہ کیا اور ہیلتھ سنٹر پر صحت کی سہولیات کو چیک کیا۔ انہوں نے ڈاکٹرز و سٹاف کی حاضری سمیت مریضوں کو دی جانے والی طبی سہولیات و ریکارڈ کا بھی جائزہ لیا اور مریضوں کو ادویات کی فراہمی کے حوالے سے ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کے تمام مراکز صحت پر ہر قسم کے علاج کی سہولت مہیا کرنے کیلئے بھرپور اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مرکز صحت انتظامیہ سے کہا کہ صحت کے شعبہ میں حکومتی اقدامات کے ثمرات عام مریضوں تک پہنچانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے مرکز صحت پر جاری ری ویمپنگ کے کام کے حوالہ سے بریفنگ لی اور کام کو مزید تیز رفتاری سے مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔

خواتین کو چپ توڑنا ہوگی تبھی جا کر اس تشدد کا مقابلہ ہوسکتا ایڈووکیٹ ساحل فاطمہ

ضرورت اس بات کی ہے کہ عام آدمی اور پولیس کے درمیان موجود عدم اعتماد کو ختم کیا جائے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ہسٹری سوسائٹی گورنمنٹ گریجویٹ کالج ساہیوال کے زیر اہتمام کالج میں صنفی تشدد کے حوالہ سے سیمینار کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب کی مہمان خصوصی پولیس افسر فجر گل جبکہ مہمان اعزاز ساحل فاطمہ ایڈووکیٹ تھیں۔ سیمینار کی صدارت پروفیسر روبینہ انور نے کی۔ ایڈوائزر ہسٹری سوسائٹی پروفیسر عمران کمیانہ نے اپنے استقبالیہ خطاب میں اس موضوع کی اہمیت اور اس میں پولیس اور وکلا کے کردار کی ضرورت پر تبادلہ خیال کیا۔ ایڈووکیٹ ساحل فاطمہ نے صنفی تشدد کی حوالہ سے قوانین اور ان پر عملدرآمد کے حوالہ سے گفتگو کی کہ کس طرح عدالت صنفی تشدد کے معاملہ کو سنجیدہ لیتی ہیں۔ مہمان خصوصی سب انسپکٹر فجر گل نے کہا کہ خواتین کو چپ توڑنا ہو گی تبھی جا کر اس تشدد کا مقابلہ ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اس حوالہ سے مکمل تحفظ فراہم کرسکتی ہے، ضرورت اس بات کی ہے کہ عام آدمی اور پولیس کے درمیان موجود عدم اعتماد کو ختم کیا جائے۔ انہوں نے نہ صرف اس حوالہ سے پولیس کے کردار پر بات کی بلکہ طالبات کو جسمانی طور پر مقابلہ کی تکنیک بھی عملی طور پر سکھائی۔

یوم انسانی حقوق اور یک جہتی (ORICاو۔آر۔ائی۔سی) کے تعاون سے سوشیالوجی ڈیپارٹمنٹ میں پروگرام کا انعقاد

سیالکوٹ (لیڈی رپورٹر روبی طارق) پروگرام بلقیس عیدی بلاک گراؤنڈ جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں منعقد ہوا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر نے بطور مہمان خصوصی جی سی وومن یونیورسٹی سیالکوٹ نے پروگرام میں خصوصی شرکت کی اعزازی مہمانوں میں ڈاکٹر یاسر نماز منج (ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز) ڈاکٹر عمیر اشرف (ڈائریکٹر اورک)، ڈاکٹر عائشہ سعدیہ (چیئرپرسن شعبہ اسلامیات)، ڈاکٹر ایم راشد حفیظ (چیئرمین شعبہ انگریزی)، جناب صہیب سلیم (چیف سیکورٹی آفیسر)، جناب گلشن اسلم (کنٹرولر امتحان)، ڈاکٹر محمد عامر (ایچ او ڈی شماریات)، ڈاکٹر عمارہ چیمہ (شعبہ سیاسیات) کی بھرپور شرکت ہوئی میڈم صبا جاوید میڈم رابیل تنویر میڈم زوزہ میر نے میزبانی کے فرائض انجام دیے۔ پروگرام میں مہمان خصوصی نے ایک تقریر کی جہاں انہوں نے انسانی حقوق اور یوم یکجہتی کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے سب کے ساتھ یکساں سلوک کرنے اور ایک دوسرے کی حمایت کے لیے ایک ساتھ کھڑے ہونے کی اہمیت کے بارے میں بات کی مہمان نے اس بات پر زور دیا کہ انسانی حقوق سب کے لیے ہیں، اور ہمیں دنیا کو ایک منصفانہ اور خیال رکھنے والی جگہ بنانے کے لیے کام کرنا چاہیے۔ ان کے الفاظ نے لوگوں کو دوسروں کا احترام کرنے اور معاشرے میں اتحاد پیدا کرنے میں مدد کرنے کی ترغیب

جرم وسزا

CRIME
& COURT

اوکاڑہ: ڈکیتی/راہزنی کی وارداتیں: 3 ملزمان سرغنہ سمیت گرفتار

اوکاڑہ شہر میں مختلف ڈکیتی اور راہزنی کی متعدد وارداتوں کا انکشاف

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی /قوت) تھانہ اے ڈویژن پولیس کی ایس ایچ او رب نواز کی سربراہی میں کارروائی۔ ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث خطرناک ڈکیت گینگ کے 03 ارکان سرغنہ سمیت گرفتار۔ ملزمان کے قبضہ سے 14 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد جس میں 06 لاکھ روپے نقدی، LCD، لیپ ٹاپ، پرنٹر اور اسلحہ شامل۔ ملزمان نے دوران تفتیش اوکاڑہ شہر میں مختلف ڈکیتی اور راہزنی کی متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے مزید تفتیش جاری ہے۔ ڈی پی او اوکاڑہ نے اے ڈویژن پولیس کی کارکردگی کو سراہا۔

تیز رفتار کیری ڈبہ نے نند بھابھی کو کچل ڈالا، شدید زخمی ہوگئیں

دلاور حسین کی بیوی اور بہن بچوں کو سکول چھوڑ کر پیدل گھر واپس آرہی تھیں

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تیز رفتار کیری ڈبہ نے سڑک کنارے جاتی نند بھابھی کو کچل دیا بھابھی جاں بحق نند شدید زخمی۔ تفصیلات کے مطابق بسلسلہ روزگار بیرون ملک مقیم کوٹلی چھمب والی کے رہائشی دلاور حسین کی بیوی اور بہن بچوں کو سکول چھوڑ کر پیدل گھر واپس آرہی تھیں کہ سڑک کی سائیڈ پر چلتے ہوئے پیچھے سے آنے والے تیز رفتار کیری ڈبہ نے انہیں بری طرح کچل دیا جس کے نتیجہ میں اس کی بیوی صغریٰ بی بی موقع پر ہی جاں بحق ہو گئی جبکہ ہمشیرہ کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کردیا گیا۔

جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں دوروزہ بین الاقوامی کانفرنس "اقبال اور فیض: صدائے ماضی وضیائے فردا" کا انعقاد

چوہدری محمد نواز کوہار
اینڈ ایسوسی ایٹس

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں شعبہ اردو اور اورک کے اشتراک سے دو روزہ عالمی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ پہلے روز وائس چانسلر گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر نے استقبالیہ کلمات پیش کرتے ہوئے اقبال اور فیض کی فکری اور ادبی وراثت پر روشنی ڈالی۔ کلیدی خطبہ معروف دانشور رانا اعجاز احمد نے پیش کیا، جنہوں نے اقبال کی "خودی" اور فیض کے "انسان دوست" نظریات کو عصرِ حاضر کے تناظر میں اجاگر کیا۔ مہمانان اعزاز میں نصر ملک (ڈنمارک)، شفیق مراد (جرمنی) اور غوثیہ سلطانہ (شکاگو) سے اور مختلف مقالہ نگاروں نے اقبال کی انقلابی شاعری اور فیض کے جمالیاتی شعور پر سیر حاصل گفتگو کی، جب کہ سامعین نے مکالمے کی صورت میں دلچسپ سوالات بھی کیے۔ پہلے دن نوجوان محققین اور ماہرین نے اپنے تحقیقی مقالے پیش کیے، جن میں اقبال کے فلسفۂ خودی، فیض کی مزاحمتی شاعری، اور ان دونوں عظیم شعرا کے درمیان فکری ہم آہنگی کو موضوع بنایا گیا۔ اختتامی نشست میں اس بات پر زور دیا گیا کہ اقبال اور فیض کی شاعری نہ صرف ماضی کی صدائیں ہیں بلکہ مستقبل کی روشنی بھی ہیں، جو قوم کو رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔ دوسرے روز کانفرنس کی اختتامی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ابتدائیہ کلمات ادا کرتے ہوئے صدر شعبہ اردو ڈاکٹر افضال بٹ نے تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور وائس چانسلر کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی معروف دانشور اور ماہر اقبال ڈاکٹر سید تقی عابدی تھے

خاتون کو حراساں کرنے پر چار ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) خاتون کو حراساں کرنے پر چار ملزمان کیخلاف مقدمہ درج موضع سرانوالی کی خاتون عدیلہ نے پولیس کو درخواست دی کہ ملزمان مزمل، داؤد، شیراز اور قاسم اس کے گھر میں داخل ہو کر اس کو جنسی طور پر حراساں کرنے کی کوشش کرتے ہیں پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کی زیر صدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کی زیر صدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ میٹنگ میں ضلع بھر کے ڈی ایس پیز، ایس ایچ اوز، ڈی پی او دفتر کے افسران نے شرکت کی۔ دوران میٹنگ ضلع بھر میں امن وامان کی صورتحال، کرائم کی شرح کا جائزہ لیا گیا۔ سنگین مقدمات میں پیش رفت، زیر تفتیش مقدمات کا جائزہ لیا گیا اور کارکردگی بابت گرفتار مجرمان اشتہاری چیک کی گئی۔ اچھی کارکردگی پر سابقہ ایس ایچ او تھانہ کانڈیوال سب انسپکٹر سیف اللہ کی ضلع بھر میں پہلی پوزیشن رہی جبکہ ایس ایچ او تھانہ چناب نگر سب انسپکٹر شبیر قمر نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔

پولیس نے چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کرلیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی /قوت) اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ شیر گڑھ کو اطلاع ملی کہ بدنام زمانہ منشیات فروش شہر اور گردونواح میں منشیات فروخت کر رہا ہے، جس پر تھانہ شیر گڑھ کے ایس ایچ او محمد اختر خاں نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر جاوید عرف جیدی سے 3 کلو سے زائد مقدار میں چرس برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ نے رانا عمر فاروق کو ایس ایچ او تھانہ صدر سیالکوٹ تعینات کردیا

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) پنجاب پولیس کے قابل انسپکٹر غازی میاں عبدالرزاق کو ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ رانا عمر فاروق نے ایس ایچ او تھانہ صدر سیالکوٹ تعینات کر دیا۔ میاں رزاق کی تعیناتی سے قبل چوہدری اکرم شہباز گجر ایس ایچ او تھانہ صدر سیالکوٹ تعینات تھے۔ دبنگ انسپکٹر غازی میاں رزاق کے تعینات ہونے پر عمائدین شہر کی جانب سے نئی اسائنمنٹ پر نیک خواہشات وانکی کامیابی کے لئے احباب دعاگو۔

ڈسکہ وگردونواح: سوئی گیس کے بلوں نے صارفین کی چیخیں نکلوادیں

جن شہریوں کو چند سو روپے بل آتا تھا اس دفعہ پانچ سے چھ ہزار روپے بل آگیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈسکہ اور گردونواح میں ماہ دسمبر میں آنیوالے سوئی گیس کے بلوں نے صارفین کی چیخیں نکلوا دیں ڈسکہ تحصیل بھر میں رواں ماہ دسمبر میں آنیوالے سوئی گیس کے بلوں میں ہزاروں روپے ٹیکس ڈال کر بھیج دیئے گئے ہیں جس شہری کو سوئی کا گیس بل پہلے چند سو روپے آتا تھا اس دفعہ اس کو پانچ سے چھ ہزار روپے کا بل تھما دیا گیا ہے جس کو دیکھ کر ان کے اوسان خطا ہو گئے ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ پہلے ہی مہنگائی نے ہمارا جینا دو بھر کر رکھا ہے اور رہی سہی کسر گیس کے بلوں نے نکال دی ہے تنخواہ دار طبقہ کا کہنا ہے کہ جتنا سوئی گیس کا بل بھیجا گیا ہے اگر تنخواہ میں سے جمع کرائیں تو باقی بچنے والی رقم سے پورا مہینہ گھر کا گزر بسر نہیں چل سکتا پہلے کبھی اتنے زیادہ سوئی گیس کے بل نہیں آئے جتنے اس دفعہ بھیج دیئے گئے ہیں اگر بلوں کو کم نہ کیا گیا تو احتجاج کرنے پر مجبور ہو جائینگے شہریوں نے وزیر اعظم پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ سوئی گیس کے بلوں میں اضافی ٹیکسوں کا نوٹس لیا جائے اور بلوں میں کمی کی جائے۔

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی ضلع شیخوپورہ کے زیراہتمام گورنمنٹ طاہرہ قاضی گرلز ہائی سکول شیخوپورہ میں سائنسی نمائش کا انعقاد

فیروزوٹواں (نامہ نگار) سائنسی نمائش کا انعقاد سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی ضلع شیخوپورہ کے زیراہتمام گورنمنٹ طاہرہ قاضی گرلز ہائی سکول شیخوپورہ میں سائنسی نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ضلع بھر کے سرکاری تعلیمی اداروں کے طلباء وطالبات نے اپنے سائنسی ماڈلز کی نمائش کی سی ای او ایجوکیشن نعیم عباس رانا نے ڈی ای او سیکنڈری فضل الٰہی کے ہمراہ طلباء و طالبات کے بنائے ہوئے سائنسی ماڈلز کا معائنہ کیا۔ دریں اثناء ڈپٹی ڈائریکٹر پی ایم آئی یو زبیر عباس نے بھی سائنسی نمائش میں شرکت کی STEAM کے حوالے سے۔ سائنسی ماڈلز کے مقابلہ جات میں گورنمنٹ گرلز ہائی سکول اکبر بازار شیخوپورہ کی طالبات نے پہلی، گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول ننگل ساندراں کے طلبہ نے دوسری جبکہ گورنمنٹ ایم سی جناح ماڈل ہائی سکول اولڈ سٹی شیخوپورہ کے طلبہ نے تیسری پوزیشن حاصل کی سائنسی نمائش کے فوکل پرسن رانا عدیل کے مطابق نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ و طالبات کو سی ای او ایجوکیشن ایک پروقار تقریب میں کیش پرائزز دیں گے۔

لیسکو کا بجلی چوروں کے خلاف آپریشن، 34 ملزمان گرفتار

3لاکھ 6ہزار 660یونٹس ڈیٹکشن بل کی مد میں چارج کئے گئے

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے بجلی چوروں کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے 34 ملزمان گرفتار کر لئے۔ لیسکو کی جانب سے بجلی چوری کرنے پر 24 گھنٹوں کے دوران 137 ملزمان کے خلاف مقدمات درج کئے گئے، 485 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے۔ پکڑے جانے والے کنکشنز میں 24 کمرشل، 5 زرعی، 2 انڈسٹریل اور 454 ڈومیسٹک تھے، تمام کنکشنز منقطع کر کے ان کو 3 لاکھ 6 ہزار 660 یونٹس ڈیٹکشن بل کی مد میں چارج کئے گئے، چارج کئے گئے یونٹس کی مالیت 1 کروڑ 23 لاکھ 23 ہزار 618 روپے ہے۔

پانچ ملزمان کا نوجوان پر تشدد مار مار کر لہولہان کر دیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پانچ ملزمان کا نوجوان پر تشدد مار مار کر لہولہان کر دیا موضع ٹاہلی والا کے اکرام کی اراضی پر ملزمان اسلام قمر اور تین نامعلوم قبضہ کرنے کی غرض سے آگئے تو اس کے بھانجے نے ملزمان کو قبضہ کرنے سے روکا تو ملزمان نے اس کے بھانجے کو تشدد کر کے زخمی کر دیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

ڈسکہ: دو مسلح ڈاکوؤں نے جیکٹ' نقدی اور موبائل فون چھین لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو مسلح ڈاکوؤں نے جیکٹ نقدی اور موبائل فون چھین لیا ڈسکہ کا منیر سبزی خریدنے کیلئے سبزی منڈی جا رہا تھا کہ اس کو راستے میں دو مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور اس سے نقدی ستائیس ہزار روپے موبائل فون اور جیکٹ لیدر چھین کر فرار ہو گئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

تھانہ اے ڈویژن پولیس کی ایس ایچ او رب نواز کی سربراہی میں کارروائی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی /قوت) تھانہ اے ڈویژن پولیس کی ایس ایچ او رب نواز کی سربراہی میں کارروائی۔ ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث خطرناک ڈکیت گینگ کے 03 ارکان سرغنہ سمیت گرفتار۔ ملزمان کے قبضہ سے 14 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد جس میں 06 لاکھ روپے نقدی، LCD، لیپ ٹاپ، پرنٹر اور اسلحہ شامل۔ ملزمان نے دوران تفتیش اوکاڑہ شہر میں مختلف ڈکیتی اور راہزنی کی متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے مزید تفتیش جاری ہے۔ ڈی پی او اوکاڑہ نے اے ڈویژن پولیس کی کارکردگی کو سراہا۔

ڈی پی او محمد راشد ہدایت کی اردل روم میں 04 اہلکاروں کو نوکری سے برخاستگی، ایک اہلکار کی عہدے سے تنزلی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی /قوت) ڈی پی او اوکاڑہ کا سخت ایکشن پولیس ترجمان کے مطابق ڈی پی او محمد راشد ہدایت نے اردل روم میں 04 اہلکاروں کو نوکری سے برخاستگی، 01 اہلکار کی عہدے سے تنزلی، 43 اہلکاروں کو سروس ضبطگی جبکہ 20 اہلکاروں سزائیں۔ جب کہ 42 اہلکاروں کو بہتر کارکردگی پر تعریفی سرٹیفکیٹ اور انعامات بھی دئے گئے۔ ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے اپنے دفتر میں اردل روم کا انعقاد کیا اردل روم میں ضلع بھر سے 98 پولیس اہلکاروں نے شرکت کی لیڈی ٹریفک اسٹنٹ سمیت چار اہلکاروں کو کرپشن، اختیارات سے تجاوز اور مسلسل غیر حاضری پر نوکری سے برخاستگی کی سزائیں دیں ناقص کارکردگی پر تین ایس ایچ اوز کو 02، 02 سال سروس ضبطگی کی سزائیں دیں۔

حافظ آباد: ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر بھاری جرمانے

گاڑیوں کی چیکنگ کے دوران متعدد رکشوں اور گاڑیوں کو تھانہ سکھیکی میں بند کردیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی حافظ آباد اقصیٰ ریاض نے اپنی ٹیم سمیت تھانہ سکھیکی کے سامنے گاڑیوں کی چیک کرنے کے لئے ناکہ لگایا بھی رکشے، ٹرک اور دیگر گاڑیوں کو ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر بھاری جرمانے عائد کیے، مبینہ طور پر تھانہ سکھیکی کے سامنے گاڑیوں کی چیکنگ کے دوران متعدد رکشوں اور گاڑیوں کو تھانہ سکھیکی میں بند کر دیا، اقصیٰ ریاض نے بچوں کو سکول لے جانے والی گاڑیوں کی بھی پڑتال کی اور ایک نجی کالج کی ویگن کو تھانہ میں بند کر دیا جس کی وجہ سے ویگن میں سوار طالبات کو بھی ویگن سے اتار کر روڈ پر کھڑا کر دیا، طالبات کئی ایک گھنٹے تک وہاں کھڑی رہیں اور والدین اپنے بچیوں کے گھر بروقت نہ پہنچنے کی وجہ سے پریشانی کا شکار رہے، بعض کمسن بچوں کو بھی رکشوں سے اتار دیا گیا۔

80 مستحق خواتین کے کارڈ بنائے گئے، حاجی محمد رفیق

کارڈز کی تیاری سے خواتین کو حکومتی امداد تک آسان رسائی ممکن ہوگی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) رحمانی ویلفیئر ایسوسی ایشن چنیوٹ کے ضلعی صدر حاجی محمد رفیق ایڈووکیٹ کی خصوصی کاوشوں کی بدولت بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی ٹیم نے لاہوری گیٹ میں ایک شاندار اقدام اٹھایا، جس کے تحت تقریباً 80 مستحق خواتین کے کارڈ بنائے گئے۔ یہ کارڈز مالی امداد اور دیگر سہولیات حاصل کرنے کے لیے ضروری ہیں، اور ان کی تیاری سے خواتین کو حکومتی امداد تک آسان رسائی ممکن ہوگی۔ اس اہم موقع پر سرپرست حاجی محمد عبدالغفور، جنرل سیکرٹری حاجی محمد مشتاق گوگی، سینئر نائب صدر محمد عمران ضیاء، اور لاہوری گیٹ یونٹ کے صدر محمد ذوالفقار نے اپنی موجودگی سے تقریب کی اہمیت کو مزید بڑھایا۔ یہ پروگرام نہ صرف خواتین کے لیے ایک بڑی سہولت ہے بلکہ رحمانی ویلفیئر ایسوسی ایشن کی عوامی خدمت کے عزم کی واضح مثال بھی ہے۔ ضلعی صدر نے اس موقع پر اپنے خطاب میں کہا کہ ایسے اقدامات کا مقصد عوام کے لیے آسانیاں پیدا کرنا اور ضرورت مندوں کی مدد کرنا ہے۔ لاہوری گیٹ یونٹ کے عہدیداروں نے بھی یقین دہانی کرائی کہ وہ آئندہ بھی اس طرح کے عوامی فلاحی کاموں میں بھرپور تعاون کریں گے۔ حاجی محمد رفیق نے خصوصی طور پر عمران ضیاء کی تعریف کی جنہوں نے فیصل آباد سے آ کر ورک کیا اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کو اس سہولت سے مستفید کروایا اس موقع پر سیکرٹری انفارمیشن سجاد اقبال کامریڈ بھی ہمراہ موجود تھے

کھیلوں کے میدان آباد ہونے چاہییں، حسن وسیم

ٹیلنٹ کو اجاگر کرنے کے لیے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی پر توجہ دینا ہوگی

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) چیئرمین پنجاب کو آپریٹو یونین یوتین حسن وسیم نے کہا ہے کہ کھیلوں کے میدان آباد ہونے چاہیئں ہمارے نوجوانوں میں بہت زیادہ ٹیلنٹ ہے اور اس ٹیلنٹ کو اجاگر کرنے کے لیے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی پر توجہ دینا ہوگی ہمارے نوجوان صحت مند تندرست اور توانا ہوں گے تو معاشرہ ترقی کرے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے صدر محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی قیادت میں ہونے والے فٹبال ٹورنامنٹ کے فائنل کے موقع پر نوجوانوں کو خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر اسامہ وسیم، احمد، محمد داؤد بھی ہمراہ تھے حسن وسیم نے کہا کہ وقت کی ضرورت ہے کہ ہمارے نوجوان آگے بڑھیں اور ان کو سے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں تاکہ یہ اپنی کارکردگی کا لوہا منوا سکیں اس موقع پر انہوں نے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی جانب سے ماڈل ٹاؤن یونائیٹڈ فٹبال کلب کے لیے ڈیڑھ لاکھ روپے کی کیش اماؤنٹ محمد افضل چیمہ کے ہمراہ نوجوانوں کے حوالے کی ماڈل لائنز فٹبال کلب اور ماڈل ٹیلنٹ فٹ بال کے درمیان ٹورنامنٹ کا فائنل ہوا جس کو ماڈل ٹیلنٹ فٹبال کلب نے ونر کرلیا مہمان خصوصی حسن وسیم نے جیتنے والی ٹیموں کے درمیان شیلڈیں تقسیم کیں حسن وسیم نے مزید کہا کہ ہم نے ہر سطح پر کھیلوں کی آبادکاری کو اولین ترجیح دی ہے لہذا ہمارے نوجوان اپنی کارکردگی کو بہتر سے بہتر بناتے ہوئے کھیل کے میدان کو آباد کرنے پر توجہ دیں۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

تلاش گمشدہ



یہ بچہ ملا ہے جس کا ہے۔ رابطہ کریں ظفروال ناصر ہاسپٹل کے ساتھ فلانے جو ریسٹورنٹ ہے وہاں یہ بچہ موجود ہے رابطہ کریں ان کے پاس بچہ موجود ہے۔ 0301-6448248

بقیہ بقیہ جات 1

راولپنڈی کے کمشنرز کو شاباش دی- وزیر اعلی مریم نواز شریف نے اجلاس کے دوران تمام بڑے شہروں میں انڈر پاس کے اطراف اور اوور ہیڈ برج کے نیچے گرین بیلٹ بنانے کا حکم دیا اور لاہور، راولپنڈی سمیت تمام شہروں میں اوور ہیڈ برج اور انڈر پاس کی بیوٹیفکیشن کی ہدایت کی- تعلیمی اداروں کے سامنے سڑک پر زیبرا کراسنگ کے ساتھ کیٹ آئیز بھی لگانے کا حکم دیا- وزیر اعلی مریم نواز شریف نے زیر تکمیل ترقیاتی منصوبوں کی مانیٹرنگ بہتر بنانے کی ہدایت کی- وزیر اعلی مریم نواز شریف نے مین ہول پر پلاسٹک سے بنے ڈھکن لگانے کا حکم دیا اور صفائی اور اشیائے ضروریہ کے نرخ کی مسلسل مانیٹرنگ کی ہدایت کی- وزیر اعلی مریم نواز شریف نے تجاوزات کو مستقل بنیادوں پر ختم کرنے کا حکم دیا- وزیر اعلی مریم نواز شریف نے کہا کہ عوام کو گورننس میں بہتری کا واضح فرق نظر آنا چاہیے- عوامی امور میں ہر روز بہتری لائیں، شہری کی بیوٹیفکیشن پر خصوصی توجہ دی جائے- وزیر اعلی مریم نواز شریف نے کہا کہ بڑے شہروں میں ماڈل ریڑھی بازاروں کی تعداد بڑھائی جائے- گلی محلوں کے روڈز پر گڑھے نظر نہیں آنے چاہیے- وزیر اعلی مریم نواز شریف نے کہا کہ مری میں ڈرین کی صفائی کا عمل مسلسل جاری رکھا جائے- مری کے داخلی راستوں پر ویلکم ٹو مری کے سائن بورڈ لگائے جائیں- راولپنڈی شہر میں بیوٹیفکیشن کے لئے نمایاں اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 2

سے ہی غربت، ناانصافی اور معاشرتی ناہمواری کا خاتمہ ممکن ہے، حکومت پنجاب انسانی خدمت کے اصولوں پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کی تمام تر پالیسیاں اور منصوبے انسانیت کی خدمت اور کمزور طبقات کی فلاح کے لیے وقف ہیں، ہر طبقے کو ترقی میں شامل کر کے یکجہتی، بھائی چارے اور سماجی انصاف کے اصولوں کو فروغ دے رہے ہیں۔ وزیر اعلی پنجاب نے مزید کہا کہ ایسے معاشرے کی تشکیل کے لئے دن رات کوشاں ہیں، جہاں ہر شخص کو برابری کے مواقع میسر ہوں، رنگ، نسل، مذہب اور قوم سے بالاتر ہو کر انسانیت کی خدمت میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ بقیہ جات 3

پروگرام میں معاونت کے الزام میں چار پاکستانی اداروں پر مزید پابندیاں عائد کی ہیں۔ گزشتہ روز ترجمان امریکی محکمہ خارجہ میتھو ملر کا کہنا تھا کہ ہتھیاروں یا ان کی ترسیل کے ذرائع پر کارروائی کی جائے گی، پابندیاں لگائے گئے اداروں میں پاکستان کے بیلسٹک پروگرام کا ذمہ دار قومی ادارہ نیشنل ڈیولپمنٹ کمپلیکس سرفہرست ہے جبکہ افیلیٹس انٹرنیشنل، اختر اینڈ سنز پرائیویٹ لمیٹڈ اور راک سائیڈ انٹرپرائز شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 4

نے کہا کہ حکومت پنجاب اس مشکل وقت میں پارا چنار کے لوگوں کو ہر ممکن مدد فراہم کر رہی ہے۔ ائیر ایمبولینس سروس کے ذریعے زندگیاں بچانے والی ادویات پارا چنار پہنچا رہی ہے۔ پارا چنار سے ائیر ایمبولینس کے ذریعے بہتر علاج کیلئے مریضوں کو راولپنڈی بھی منتقل کریں گے۔ پارا چنار سے مریضوں کی دیگر سرکاری ہسپتالوں میں منتقلی کی مانیٹرنگ سیکرٹری محکمہ ایمرجنسی سروسز پنجاب ڈاکٹر رضوان نصیر خود کر رہے ہیں۔ صوبائی وزیر محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ پارا چنار کی دکھی انسانیت کیلئے خدمات حاضر ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 5

میں وزیر اعظم شہباز شریف کے ساتھ اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق، اسحاق ڈار، اعظم نذیر تارڑ اور عطا تارڑ، رانا ثناء اللہ، پیپلز پارٹی کے راجہ پرویز اشرف، قمر زمان کائرہ بھی شریک ہوئے اور اٹارنی جنرل منصور عثمان بھی موجود تھے۔ ملاقات میں مولانا فضل الرحمان اور وزیر اعظم کے درمیان مدارس رجسٹریشن کی تجاویز پر مثبت پیش رفت ہوئی، وزیر اعظم نے معاملات کو جلد حل کرنے کی ہدایت کردی اور کہا کہ وزارت قانون اس معاملے کو حل کرنے کے لیے آئین اور قانون کے مطابق اقدامات کرے۔

بقیہ بقیہ جات 6

ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان نے جب سے جوہری پروگرام کی کوشش کی امریکا نے پابندیاں لگائیں۔ ملیحہ لودھی نے کہا کہ امریکا نے بھارت پر بھی اس قسم کی پابندی نہیں لگائی، ان کا میزائل پروگرام تو بہت ایڈوانس ہے، یہ امریکا کا امتیازی رویہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان پابندیوں کا پاکستان پر اثر زیرو ہوگا، پاکستان امریکا کی ترجیحات میں شامل نہیں۔ سابق پاکستانی سفیر نے کہا کہ ٹرمپ کی خارجہ پالیسی میں چین اہم ہوگا، جب سے امریکا افغانستان سے نکلا ہے تب سے پاک امریکا تعلقات دوراہے پر کھڑے ہیں۔ ملیحہ لودھی نے مزید کہا کہ امریکا کے پاکستان سے امتیازی سلوک پر کوئی پاکستانی حمایت نہیں کرسکتا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پاکستان کے جوہری پروگرام پر نہ کوئی سیاسی پوائنٹ اسکورنگ ہو سکتی ہے نہ ہونی چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 7

میں کنگ میکر ہے، میڈیا جس کو چاہے بنا دے وہ اچھا جسے برا بنادے وہ برا، میڈیا کو لوگوں کو آگاہی دینے کی ذمہ داری نبھانی چاہیے۔ عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ ملک میں سوشل ایشوز کو اجاگر کیا جانا چاہیے، بہت سے اسلامی ممالک اپنے ملک میں فیملی پلاننگ کر رہے ہیں، کم سن بچیوں کی شادی پر پابندی سب سے پہلے پنجاب حکومت نے لگائی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ دیکھنا ہوگا کہ کیا ہم اپنے وسائل کے مطابق لوگوں کو کوالٹی لائف دے سکتے ہیں یا نہیں، کوئی بھی حکومت تنہا کچھ نہیں کرسکتی مل کر مسائل حل کرنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کیلئے ٹرانسپورٹ کی سہولت یقینی بنارہے ہیں، گالی بدتمیزی ماردو جلادو اس ملک کا مقدر نہیں ہے، ہمیں اس ملک کو آگے لے کر جانا ہے، پاکستان میں معاشی حالات بہتر ہورہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 8

ایڈووکیٹ نے موقف اپنایا کہ وقار حیدر سویلین ہے اور مریدکے میں چھوٹے اسکیل کا ملازم ہے، اس کی والدہ روبینہ کوثر کی پٹیشن پر پی اے ایف مریدکے نے ہائی کورٹ میں جواب جمع کرایا کہ اس کا سیکرٹ ایکٹ کے تحت ٹرائل کیا جارہا ہے۔ جج آئینی ترمیم کے تحت کسی بھی سویلین کا فوجی عدالت میں ٹرائل نہیں ہوسکتا، عدالت نے پٹیشن سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے سماعت موسم سرما کی چھٹیوں کے بعد تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 9

لئے کوشاں ہیں، بنکرز اور اسلحے کے خاتمے کے بغیر پائیدار امن ممکن نہیں ہے، کابینہ فیصلے کے مطابق اسلحہ اور بنکرز کا خاتمہ ضروری ہے۔ اسی سلسلے میں آج اپیکس کمیٹی کا اجلاس ہوگا۔ جس میں اب تک کی پیشرفت کے بارے میں آگاہ کیا جائے گا۔ اجلاس میں کرم میں پائیدار امن کے لئے حکمت عملی وضع کی جائے گی اور اہم فیصلوں کا امکان ہے۔ اجلاس میں میں اعلی سول و عسکری قیادت شرکت کرے گی، اور کرم معاملے پر اہم فیصلوں کا امکان ہے، بیرسٹر سیف کا کہنا ہے کہ اپیکس کمیٹی میں کرم میں پائیدار امن کے لئے حکمت عملی وضع کی جائے گی، اور بنکرز اور اسلحے کے خاتمے حوالے سے اہم پیشرفت کا امکان ہے۔ کرم میں امن وامان کی صورت حال سے متعلق صوبائی اپیکس کمیٹی کا اجلاس آج ہوگا جس کی صدارت وزیر اعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کریں گے۔ اجلاس میں ضلع کرم میں لوگوں کو اشیائے ضروریہ اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور امن کے قیام کے لئے اہم فیصلے کئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ اجلاس میں متعلقہ شراکت داروں کی مشاورت سے علاقے میں دیرپا امن کے قیام کے لیے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ اجلاس کو علاقے میں امن کے قیام کے لئے صوبائی حکومت کے تشکیل کردہ گرینڈ جرگے کی طرف سے اب تک کی پیشرفت سے آگاہ کیا جائے گا۔ اعلی سول اور عسکری قیادت، متعلقہ اراکین صوبائی کابینہ، متعلقہ ڈویژنل اور ضلعی انتظامیہ کے حکام اجلاس میں شریک ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 10

عدالت کے جج عبدالرحمن قاضی نے جے یو آئی کے رہنما ڈاکٹر خالد محمود سومرو قتل کیس کا 13 دسمبر کو محفوظ کیا گیا مختصر فیصلہ سنایا۔ عدالت نے تمام چھ ملزمان حنیف بھٹو، مشتاق مہر، الطاف جمالی، سارنگ، اور رویا خان جمالی کو جرم ثابت ہونے پر عمر قید اور بھاری جرمانے کی سزا سنائی۔ عدالت نے ملزمان کو قتل اور دہشت گردی کے الزام میں عمر قید، اسلحہ کے الزام میں 7، 7 سال قید کی سزا سنائی ہے۔ تمام ملزمان 2014 سے سینٹرل جیل میں قید ہیں۔ جے یو آئی کے مرکزی رہنما اور مقتول خالد محمود سومرو کے صاحبزادے راشد محمود سومرو نے عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عدالت کے فیصلے کو ادھورا انصاف قرار دیا اور اس کے خلاف سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کرنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ جب عدالت میں ملزمان پر جرم ثابت ہوگیا تو پھر انہیں عمر قید نہیں سزائے موت ملنی چاہیے تھی، ہم نے دس سال تک انصاف کے لیے عدالت کا دروازہ کھٹکھٹایا ہے اور اب بھی ہائی کورٹ جائیں گے، ہمیں عدالت سے انصاف کی امید ہے اور رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ جرم ثابت ہونے پر سزائے موت دینا شریعت کا تقاضا بھی ہے اور اسلام کا درس بھی ہے، اس لیے جب تک ملزمان کو سزائے موت نہیں مل جاتی ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے، ہم پر امن ہیں اور رہیں گے۔ واضح رہے کہ 29 نومبر 2014 کو جے یو آئی (ف) کے سندھ چیپٹر کے سیکریٹری جنرل ڈاکٹر خالد محمود سومرو کو سکھر کے علاقے سائٹ ایریا میں مدرسہ حقانیہ سے ملحقہ مسجد میں حملہ آوروں نے اس وقت فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا تھا جب وہ نماز فجر ادا کر رہے تھے۔ جے یو آئی کے مقتول رہنما کا تعلق سندھ کے شہر لاڑکانہ سے تھا۔ ڈاکٹر خالد محمود سومرو کا شمار جے یو آئی کے اہم رہنماؤں میں ہوتا تھا۔ وہ جے یو آئی (ف) کی جانب سے 2006 سے 2012 تک سینیٹ کے رکن بھی رہے۔

بقیہ بقیہ جات 11

کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے۔ انہوں نے کہا کہ 20 دسمبر شہداء ریسکیو کے دن کے طور پر اس لیے منایا جاتا ہے کہ آج کے دن 20 دسمبر 2008 کو پاکستان کی تاریخ میں آگ کا بہت بڑا سانحہ رونما ہوا جس میں 13 فائر فائٹرز نے اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کیا۔ ان فائر فائٹرز میں 4 کا تعلق پنجاب ایمرجنسی سروس راولپنڈی، 6 کا تعلق پاکستان آرڈیننس فیکٹری واہ کینٹ، 2 کا تعلق پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی اور ایک کا تعلق سٹی ڈسٹرکٹ فائر بریگیڈ راولپنڈی سے تھا۔ ڈاکٹر رضوان نصیر نے فائر فائٹرز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں ریسکیورز اور فائر فائٹرز کو قدر کی نگاہ سے اس لیے دیکھا جاتا ہے کہ یہ آگ، حادثے وسانحے کے بے یارو مددگار متاثرین کو بچانے کے لیے اپنی زندگیوں کو خطرے میں ڈالتے ہیں اور عوام الناس کی خدمت کرتے ہیں۔ سیکریٹری ایمرجنسی سروسز نے ریسکیو ہیڈ کوارٹرز اور اکیڈمی کے افسران اور ریسکیورز کے ساتھ مل کر ایمرجنسی سروسز ہیڈ کوارٹرز میں یادگار شہداء پر خصوصی دعائیہ تقریب میں شرکت کی اور یادگار شہداء پر پھول چڑھائے۔ علاوہ ازیں، انہوں نے تمام ضلعی ایمرجنسی افسران کے ساتھ آن لائن ویڈیو میٹنگ میں بھی شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ سیکرٹری ایمرجنسی سروسز نے کہا کہ شہید ریسکیورز ہمارے ہیرو ہیں جنہوں نے بہادری، خلوص اور اپنے پیشے سے لگن کی مثال قائم کی اور اپنے والدین، ساتھیوں اور پنجاب ایمرجنسی سروس کا سر فخر سے بلند کیا۔

بقیہ بقیہ جات 12

بھاری اسلحہ ختم کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ ضلع کرم کی صورتحال پر خیبر پختونخوا اپیکس کمیٹی کا اہم اجلاس وزیر اعلی کے پی علی امین گنڈاپور کی زیر صدارت ہوا جس میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سمیت کور کمانڈر پشاور، چیف سیکرٹری کے پی، آئی جی اور متعلقہ کابینہ اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں کرم میں قیام امن کے لیے صوبائی حکومت کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا، کرم کی صورتحال پر شرکا کو بریفنگ دی گئی اور گرینڈ جرگے کے حوالے سے ہونے والی پیشرفت سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اجلاس کے دوران وزیر داخلہ محسن نقوی نے وزیر اعلی خیبر پختونخوا کو قیام امن کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ کرم میں قیام امن اولین ترجیح ہے، صوبے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار بڑھانے میں سپورٹ کریں گے۔ اس موقع پر اپیکس کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ ضلع کرم میں تمام بنکرز کو ختم کیا جائے گا جبکہ علاقے میں لوگوں سے اسلحہ واپس لینے کے حوالے سے بھی بات چیت جاری ہے تاکہ مستقبل میں ناخوشگوار واقعات سے بچا جا سکے۔ قبل ازیں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے وزیر اعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور سے ملاقات کر کے صوبے میں قیام امن کے حوالے سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی تھی۔ وزیر اعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے ایوان وزیر اعلی آمد پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا خیر مقدم کیا، دونوں رہنماؤں کی ملاقات میں صوبے میں امن وامان کی صورتحال اور کرم میں قیام امن کے لیے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے وزیر اعلی علی امین گنڈاپور کو قیام امن کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار بڑھانے میں پورا تعاون کریں گے، کرم میں قیام امن اولین ترجیح ہے۔

بقیہ بقیہ جات 13

آہنگی کے فروغ کے حوالے سے مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا۔ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کہا کہ ملک میں بین المذاہب ہم آہنگی کا فروغ، سمندر پار پاکستانیوں کے مسائل کا حل ترجیحات میں شامل ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتوں کو تمام سیاسی، معاشی اور سماجی حقوق حاصل ہیں جن کی آئین نے ضمانت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں وزارت تعلیم کے ماتحت 18 ہزار سے زائد مدارس کو رجسٹر کیا گیا ہے، مدارس کے طلبا کو جدید تکنیکی تعلیم فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے آسٹریلین ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے کہا کہ آسٹریلیا مدارس کے طلباء کو جدید تکنیکی تعلیم دینے کیلئے پاکستان کی معاونت کیلئے تیار ہے، نفرت اور عدم برداشت وہ بنیادی عوامل ہیں جو تشدد اور انتہا پسندی کو فروغ دیتے ہیں، آسٹریلین ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے کہا کہ بین المذاہب ہم آہنگی کا فروغ معاشرے میں محبت، مساوات، رواداری اور برداشت جیسے جذبات کو فروغ دے کر ہی ممکن ہے۔ آسٹریلین ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے یونان کشتی حادثہ میں پاکستانیوں کی اموات پر افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ ہنر مند پاکستانیوں کو آسٹریلیا میں روزگار کے مزید مواقع فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہیں۔ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کہا کہ غیر قانونی انسانی سمگلنگ کی روک تھام کے لئے حکومت پاکستان مزید مؤثر اقدامات کر رہی ہے، پاکستان نے روزگار کیلئے بیرون ملک جانے والے افراد کو جدید ہنر سکھانے کیلئے پراجیکٹ کا آغاز کیا ہے۔ ملاقات میں انتہا پسندی و شدت پسندی کے خاتمے، بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کیلئے دونوں ممالک کے درمیان تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 14

پرویز الٰہی ودیگر کے خلاف ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن اور کک بیکس وصولی کے ریفرنس کی سماعت ہوئی، احتساب عدالت کے جج زبیر شہزاد کیانی نے کیس کی سماعت کی، چوہدری پرویز الٰہی پھر عدالت پیش نہ ہوئے۔ دوران سماعت عدالت نے استفسار کیا کہ پرویز الٰہی کیوں پیش نہیں ہوئے؟ جس پر ان کے وکیل نے بتایا کہ پرویز الٰہی کل شام باتھ روم میں پھسل کر گر گئے تھے، انکی کمر اور ٹخنے پر چوٹ آئی ہے۔ نیب پراسیکیوٹر نے کہا کہ یہ فرد جرم سے بچنے کے لئے ہر تاریخ پر میڈیکل پیش کر دیتے ہیں جس پر عدالت نے استفسار کیا کہ کیا جو ملزم موجود ہیں ان پر فرد جرم عائد کی جاسکتی ہے؟ پرویز الٰہی پر پھر کسی دن فرد جرم عائد کردیں گے۔ پراسیکیوٹر نے عدالت کو بتایا کہ ملزمان پر الگ الگ فرد جرم عائد ہوسکتی ہے جس پر شریک ملزم محمد خان بھٹی کے وکیل نے پراسیکیوشن کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ ملزمان پر الگ الگ فرد جرم عائد نہیں ہوسکتی۔ سابق وزیر اعلی کے وکیل نے کہا کہ پرویز الٰہی مرکزی ملزم ہیں انکی عدم موجودگی میں دیگر ملزمان پر فرد جرم عائد نہیں ہوسکتی، پرویز الٰہی کے علاوہ دیگر ملزمان پر فرد جرم عائد کرنا غیر قانونی ہے، پرویز الٰہی کا پلیڈر مقرر کردیں تو اس پر چارج فریم ہوسکتا ہے، مہلت دیں آج کارروائی ملتوی کریں۔

بقیہ بقیہ جات 15

سے نمٹنے کے لئے ایک انقلابی قدم ہے۔ جمعہ کو وزارت صحت سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایچ آئی وی سے نمٹنے کے لیے پانچ موبائل وینز اور پانچ ریفریجریٹڈ ٹرکوں کی تقسیم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ نے کہا کہ موبائل وینز اور ریفریجریٹڈ ٹرک پاکستان میں ایچ آئی وی سے نمٹنے کیلئے ایک انقلابی قدم ہے، گاڑیاں خاص طور پر دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں حفاظتی اقدامات، تشخیص اور علاج کی فراہمی کو یقینی بنائیں گی، ہر ضرورت مند تک رسائی حاصل کی جائے تاکہ ایچ آئی وی/ایڈز کے خلاف جنگ میں کوئی پیچھے نہ رہ جائے۔ ڈاکٹر مختار بھرتھ نے کہا کہ وزارت صحت ایچ آئی وی سے نمٹنے کے لیے مربوط اقدامات کو یقینی بنا رہی ہے، کمیونٹی کی صحت و بہبود کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر حکمت عملی تشکیل دی ہے۔ ڈاکٹر مختار بھرتھ نے کہا کہ عالمی فنڈ کے تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، جن کی مسلسل مالی امداد نے ہمیں پورے ملک میں ایچ آئی وی سے نمٹنے کے لئے کلیدی کردار ادا کیا ہے، ہمیں کمیونٹی پر مبنی روک تھام، ٹیسٹنگ اور علاج کے طریقوں کو مضبوط بنانا ہوگا، صحت کے کارکنوں اور کمیونٹی رہنماؤں کو تربیت اور وسائل فراہم کرنے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایچ آئی وی سے نمٹنے کیلئے صحت کے کارکنوں کو تربیت اور وسائل فراہم کرنا ہوں گے۔ پاکستان کو ایچ آئی وی سے پاک بنانے کے لیے تمام سٹیک ہولڈرز اپنا کلیدی کردار ادا کریں۔

بقیہ بقیہ جات 16

درمیان دوطرفہ تجارتی اور اقتصادی تعلقات مستقبل قریب میں مزید مضبوط ہوں گے۔ لاہور چیمبر میں ہونے والے اس اجلاس سے صدر میاں ابوذر شاد، ایگزیکٹو کمیٹی ممبران احسن شاہد، سلمان علی، منظور حسین جعفری اور آصف ملک نے بھی خطاب کیا۔ ایرانی قونصل جنرل نے کہا کہ قونصلیٹ نے ہمیشہ لاہور چیمبر کے ساتھ بہترین تعلقات قائم رکھے ہیں اور یہ تعاون مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی قونصلیٹ نے ویزا کے اجرا سمیت دیگر معاملات میں ہمیشہ تاجر برادری کو سہولیات مہیا کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب بالخصوص لاہور کے ساتھ تجارتی و معاشی تعلقات مضبوط کرنے کے لیے فعال کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے لاہور چیمبر کی قیادت کو ایران کے یوم آزادی کی تقریبات میں شرکت کی دعوت دی جو 11 فروری کو منعقد ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں حکومتیں مالیاتی نظام اور دیگر مسائل کے حل پر کام کر رہی ہیں۔ ایرانی قونصل جنرل نے لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان، نائب صدر شاہد نذیر چوہدری اور ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین کو ان کے انتخاب پر مبارکباد بھی پیش کی۔ لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد نے کہا کہ ایران ہمارا برادر ہمسایہ ہے اور ہم دونوں ممالک کے درمیان مضبوط تجارتی اور سفارتی تعلقات کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 17

اجلاس کی صدارت کی، اجلاس میں کور کمانڈر پشاور لیفٹیننٹ جنرل عمر بخاری اور آئی جی خیبر پختونخوا اختر حیات گنڈاپور نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں اپیکس کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ کرم میں بنکرز اور اسلحے کے خاتمے کے بغیر پائیدار امن ممکن نہیں ہے، کرم میں ادویہ اور دیگر اشیا بروقت فراہم کی جائیں گی۔ اجلاس میں امن امان کے لیے قائم گرینڈ جرگے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا اور کمیٹی کو صلح کے لیے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کی گئی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ امن و امان برقرار رکھنے کے لیے گرینڈ جرگہ سے ملاقاتیں جاری رہیں گی۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کے لیے وفاقی حکومت اقدامات اٹھائے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ ملک بھر میں امن امان برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہیں، ہر سطح پر امن یقینی بنانے کے لیے اقدامات اٹھائے جائیں گے، اجلاس میں چیف سیکریٹری، آئی جی پولیس خیبر پختونخوا اور عسکری حکام نے بریفنگ دی۔ قبل ازیں، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور سے ملاقات کر کے صوبے میں قیام امن کے حوالے سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی تھی۔ وزیر اعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے ایوان وزیر اعلی آمد پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا خیر مقدم کیا، دونوں رہنماؤں کی ملاقات میں صوبے میں امن وامان کی صورتحال اور کرم میں قیام امن کے لیے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے وزیر اعلی علی امین گنڈاپور کو قیام امن کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار بڑھانے میں پورا تعاون کریں گے، کرم میں قیام امن اولین ترجیح ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

نئی سہولت متعارف کروانے کا اعلان کیا ہے۔ ترجمان نادرا کے مطابق نادرا کی جانب سے ہیڈکوارٹرز میں بائیومیٹرک اور شناختی تصدیق نظام میں بہتری سے متعلق امور پر ایک مشاورتی کانفرنس کا اہتمام کیا گیا جہاں مختلف شعبوں کے ریگولیٹرز اور متعلقہ اداروں کے عہدیداروں نے شرکت کی۔ کانفرنس کے دوران شناخت کی تصدیق میں درپیش مشکلات اور نادرا کی جانب سے ریگولیٹرز اور شہریوں کو کسی رکاوٹ کے بغیر خدمات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے کیے گئے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ کانفرنس کے آغاز میں چیئرمین نادرا نے شناختی تصدیق کے نظام کے تحت مختلف شعبوں میں پیش آنے والی مشکلات اور انہیں دور کرنے اور نظام میں جدت لانے کے تقاضوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ بقیہ جات 19

خارجہ کے دنیا بھر کے دوروں کی تفصیلات پیش کرنے کا حکم دے دیا جبکہ عدالت نے وزارت خارجہ کو ڈاکٹر عافیہ سے متعلق معاملات سفارتی سطح پر دیکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے امریکی وکیل کے ڈیکلریشن پر تفصیلی رپورٹ طلب کرلی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی اور وطن واپسی سے متعلق ان کی بہن ڈاکٹر فوزیہ صدیقی کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے وکیل عمران شفیق اور سابق سینیٹر مشتاق اور درخواست گزار ڈاکٹر فوزیہ صدیقی ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت میں پیش ہوئیں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل اور وزارت خارجہ کے نمائندہ عدالت میں پیش ہوئے جبکہ ڈاکٹر عافیہ کے امریکی وکیل کلائیو اسمتھ کا ڈیکلریشن عدالت میں پیش کیا گیا۔ عدالت نے ڈاکٹر عافیہ کے امریکی وکیل کلائیو سمتھ کی ڈیکلریشن کی تعریف کی اور وزارت خارجہ کو معاملات کو سفارتی سطح پر دیکھنے کی ہدایت کی۔

بقیہ بقیہ جات 20

معطل کردیے، معطل ہونے والوں میں 18 گریڈ کے 7 ٹاؤن میونسپل کمشنرز بھی شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 21

واصل کردیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق 17 اور 18 دسمبر کی درمیانی شب سکیورٹی فورسز نے ضلع ٹانک میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، کامیاب آپریشن کے دوران انتہائی مطلوب خارجی سرغنہ علی رحمان عرف مولانا طحہ سواتی کو جہنم واصل کردیا گیا۔ کامیاب آپریشن کے دوران سکیورٹی فورسز نے 7 خوارج کو جہنم واصل کیا، خارجی علی رحمان عرف مولانا طحہ سواتی فتنہ الخوارج کے اہم سرغنہ مفتی فضل اللہ کا قریبی ساتھی تھا، علی رحمان عرف مولانا طحہ سواتی نے 2010 میں ٹی ٹی پی میں شمولیت اختیار کی۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک خارجی علی رحمان عرف مولانا طحہ سواتی خوارج کی شوریٰ کا اہم سرغنہ تھا، علی رحمان عرف مولانا طحہ سواتی فتنہ الخوارج کے اہم سرغنہ قاری امجد عرف مفتی مزاحم کا قریبی ساتھی تھا۔ آپریشن کے دوران ایک خارجی نے گھر میں داخل ہو کر کمرے میں 2 بچوں کو یرغمال بنایا، دہشت گرد نے فرار ہونے کے لیے خاتون کا لباس پہن لیا تھا، خارجی نے دونوں بچوں کو ڈھال کے طور پر استعمال کرنے کی مذموم کوشش کی۔ سکیورٹی فورسز کی کامیاب حکمت عملی کے باعث دونوں بچوں کی بحفاظت بازیابی کے ساتھ خارجی کو جہنم واصل کر دیا گیا، اہل علاقہ نے بچوں کی بحفاظت بازیابی پر پاک فوج کا شکریہ ادا کیا اور شاندار خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ بقیہ جات 22

سٹاک ایکسچینج میں 342 پوائنٹس کی تیزی سے کاروبار کا آغاز ہوا جس پر 100 انڈیکس بڑھ کر 106617 پوائنٹس کی سطح پر آگیا جبکہ کچھ دیر بعد مارکیٹ میں 1084 پوائنٹس کی تیزی دیکھی گئی۔ مسلسل تیزی کے باعث ہنڈریڈ انڈیکس بڑھ کر 107359 پوائنٹس کی سطح پر ٹریڈ کر رہا ہے۔ دوسری جانب، انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر کی قدر 07 پیسے کی کمی سے 278 روپے 28 پیسے کی سطح پر آگئی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز کیلنڈر سال اختتام پر کمپنیوں کی ایڈجسٹمنٹس، گھبراہٹ میں فروخت اور پرافٹ ٹیکنگ کے بڑھتے ہوئے رجحان کے باعث پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں تیسرے سیشن کے دوران بھی تاریخ ساز مندی رہی اور ایک روزہ کاروبار میں مندی کے تمام سابقہ ریکارڈز ٹوٹ گئے۔

بقیہ بقیہ جات 23

زلزلے کی شدت 4.1 ریکارڈ کی گئی، زلزلے کی گہرائی 199 میٹر تھی جبکہ مرکز افغانستان اور تاجکستان کا سرحدی علاقہ تھا۔ زلزلے کے خوف سے لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے تاہم زلزلے کے باعث کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 24

گیا ہے۔ موٹروے پولیس کے مطابق پنجاب میں مختلف مقامات پر شدید دھند کے باعث موٹروے ایم 2، ٹھوکر نیاز بیگ سے ہرن مینار تک بند کی گئی ہے۔ ترجمان کے مطابق دھند کے باعث بند موٹروے ایم 3 فیض پور سے جڑانوالہ اور موٹروے ایم 11 محمود بوٹی ٹول پلازہ سے کالا شاہ کاکو تک ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند ہے۔ موٹرویز پولیس کے ترجمان نے شہریوں اور ڈرائیورز کو غیر ضروری سفر سے گریز اور دوران ڈرائیونگ احتیاط کا مشورہ دیا۔

بقیہ بقیہ جات 25

کی۔ وفد کی قیادت مختلف کمپنیز کے ڈائریکٹر میاں طارق نثار کر رہے تھے۔ وفد نے پنجاب میں اپنے گروپ کی سرمایہ کاری بڑھانے اور قائد اعظم بزنس پارک شیخوپورہ میں نیا کارخانہ لگانے کا اعلان کیا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خوشی ہے کہ آپ کے گروپ نے نیا کارخانہ لگانے کیلئے پنجاب کا انتخاب کیا ہے۔ قائد اعظم بزنس پارک میں نیا کارخانہ لگانے کے لئے ہر ممکن سہولت دیں گے۔ نیا کارخانہ لگانے کیلئے زمین کی فراہمی کا عمل ایک ماہ میں مکمل کیا جائے گا۔ پنجاب میں سرمایہ کاری کا فروغ اور صنعتکاری کا عمل تیز کرنا میرا مشن ہے۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ دورہ چین کے حوصلہ افزا نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ چین میں منعقدہ پنجاب سرمایہ کاری کانفرنس میں 60 سے زائد کمپنیوں کے حکام نے شرکت کی۔ سرمایہ کاری کانفرنس میں شریک کمپنیوں نے پنجاب میں سرمایہ کاری میں دلچسپی ظاہر کی۔

بقیہ بقیہ جات 26

بخاری کی درخواست پر سماعت کی، علی بخاری اور دیگر وکلا عدالت میں پیش ہوئے۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ نے پی ٹی آئی امیدوار علی بخاری کی درخواست پر حکم امتناع جاری کرتے ہوئے الیکشن ٹریبونل کو این اے 48 کے حوالے سے انتخابی عذرداری پر کارروائی روکنے کی ہدایت کردی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے فریقین کو نوٹس جاری کر کے جواب طلب کرلیا، آئندہ سماعت رجسٹرار آفس مقرر کرے گا۔ واضح رہے کہ عدالت عالیہ الیکشن ٹریبونل کو این اے 47 سے متعلق کارروائی سے پہلے ہی روک چکی، جس کے بعد الیکشن ٹریبونل این اے 46 کی حد تک کارروائی جاری رکھ سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 27

ہونے کی ہدایت کردی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس راحیل کامران شیخ نے شہری اختر عباس کی درخواست کا 2 صفحات پر مشتمل تحریری آرڈر جاری کیا۔ عدالتی حکم میں کہا گیا کہ سرکاری وکیل کے مطابق پنجاب لیگل ایڈ ایکٹ 2018 میں مجوزہ ترامیم کے باعث مستحق لوگوں کو سرکاری خرچ پر وکلا فراہم کرنے کا معاملہ تاخیر کا شکار ہے، عدالت سرکاری رپورٹ سے مطمئن نہیں، پنجاب لیگل ایڈ ایجنسی کو اہمیت نہیں دی جا رہی، اس حوالے سے لاہور ہائیکورٹ کے فل بینچ کی جانب سے جاری کردہ ہدایت پر عملدرآمد نہیں کیا جا رہا۔ تحریری آرڈر میں کہا گیا کہ فل بینچ نے قرار دیا ہے کہ سرکاری خرچ پر وکیل کی سہولت بنیادی حقوق کے نفاذ کے لیے ضروری ہے، 15 فروری تک پنجاب لیگل ایڈ ایجنسی کو فعال بنانے کے لیے آخری موقع فراہم کیا جارہا ہے، عدالتی حکم پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں چیف سیکریٹری ذاتی حیثیت میں عدالت پیش ہوں۔ عدالتی حکم میں مزید کہا گیا کہ پبلک پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ سے پنجاب لیگل ایڈ ایجنسی کو فعال بنانے کے لیے معلومات حاصل کی گئیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ پنجاب لیگل ایڈ ایجنسی کو فعال بنانے میں تاخیر حکومت کی تبدیلی کے باعث ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 28

درخواست مسترد کرنے کا تحریری فیصلہ جاری کیا۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا ہے کہ عدالت نے 9 مئی جی ایچ کیو حملہ کیس میں بریت کی درخواست خارج کی، درخواست گزار نے ابتدائی اسٹیج پر بریت کی درخواست دائر کی، کیس میں ابھی گواہ آنا باقی ہیں ٹرائل ہونا باقی ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ گواہ اور شہادتوں کو دیکھنے کے بعد عدالت بریت سے متعلق فیصلہ کرتی ہے، عدالت اس اسٹیج پر بریت کی درخواست مسترد کرتی ہے، ٹرائل اسٹیج پر درخواست گزار کو بریت کی درخواست دائر کرنے میں آزادی ہوگی، نئی بریت کی درخواست پر عدالت قانون کے مطابق فیصلہ کرے گی۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں مزید کہا کہ درخواست گزار کے مطابق اس کے خلاف سیاسی بنیادوں پر مقدمہ درج کیا گیا، درخواست گزار کے مطابق اسے سزا کا امکان نہیں، پولیس کے مطابق شریک ملزمان کے بیانات کی روشنی میں درخواست گزار کو نامزد کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 29

ہمارے پاس کیوں آئی ہے؟ آئینی بینچ میں جانی چاہیے، درخواست میں کیا استدعا کی گئی ہے؟ درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ جوڈیشل کمیشن کا جاری کردہ نوٹیفکیشن غیر آئینی قرار دیا جائے۔ عدالت کا کہنا تھا کہ درخواست گزاروں کے 2 الگ وکیل کیوں ہیں؟ ہم ایک درخواست میں ایک ہی وکیل کو سنیں گے، پہلے عدالت کو مطمئن کریں یہ درخواست ریگولر بینچ میں کیوں ہے آئینی بینچ میں کیوں نہیں؟ بعد ازاں عدالت نے درخواست کی سماعت غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کردی۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ جوڈیشل کمیشن میں سیاسی جماعتوں کے ارکان کے پیش کردہ ناموں کو غیر آئینی قرار دیا جائے، جوڈیشل کمیشن میں سیاسی جماعتوں کے ارکان کی تعداد زیادہ ہے۔ درخواست کے مطابق سیاسی جماعتیں ججز کی تقرری میں عدلیہ پر اثرانداز ہوسکتی ہیں، ججز تقرری کے لیے صرف عدلیہ سے تعلق رکھنے والے ارکان کے پیش کردہ نام زیر غور لائے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 30

26 دسمبر کو چلائی جائے گی، نوٹیفکیشن کے مطابق خصوصی ٹرین 26 دسمبر کو دوپہر ایک بجے لاہور سے روانہ ہوگی اور 27 دسمبر کو علی الصبح ساڑھے 4 بجے شاہ نواز بھٹو سٹیشن پر پہنچے گی۔ پاکستان ریلوے کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق خصوصی ٹرین 27 دسمبر کو شام 7 بجے شاہ نواز بھٹو سٹیشن سے واپس روانہ ہوگی اور اگلے دن 9 بجکر 20 منٹ پر لاہور پہنچے گی۔

بقیہ بقیہ جات 31

صوبائی حکومت ایک پارا چنار روڈ نہیں کھول سکتی، باقی کیا کرے گی؟ گورنر نے صوبائی حکومت سے کرم کی صورتحال پر مستعفی ہونے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ان کے پاس رہائی کے سوا کوئی ایجنڈا نہیں۔ دوسری جانب پی ٹی آئی کے اتحادی مجلس وحدت المسلمین کے سربراہ علامہ ناصر عباس بھی خیبر پختونخوا حکومت پر برس پڑے۔ علامہ ناصر عباس کے مطابق انہوں نے بانی پی ٹی آئی سے کہا تھا کہ وزیر اعلیٰ سے ڈپٹی کمشنر کو تبدیل کرائیں، وزیر اعلیٰ کو بھی ڈپٹی کمشنر بدلنے کو کہا لیکن کسی نے نہیں سنا۔ ان کا کہنا تھا کہ کرم میں 150 لوگ مارے جاچکے ہیں، وہاں نہ وفاقی حکومت ہے، نہ صوبائی حکومت اور نہ ہی سکیورٹی ادارے نظر آتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 32

نے ملک کی تمام اکائیوں کی اسمبلیوں نے متفقہ مشترکہ اعلامیہ جاری کردیا گیا، 23 نکاتی فیصلوں کے ساتھ مشترکہ اعلامیہ میں پارلیمانی اقدار کو فروغ دینا، قانون سازی میں شفافیت یقینی بنانا، اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات، آئین کی بالادستی، پارلیمانی نظام میں شفافیت، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے قانون سازی، اور خواتین و بچوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے پارلیمانی اداروں کو مضبوط بنانے کا اعادہ کیا گیا۔ اسپیکرز کانفرنس نے دہشت گردی، جعلی خبروں، اور سوشل میڈیا پر منفی رجحانات کے خلاف مؤثر اقدامات، بھارتی زیر تسلط مقبوضہ کشمیر کے مسئلے کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنے اور خواتین و بچوں کے مسائل کے لیے مربوط پارلیمانی فورمز کے قیام پر اتفاق کیا۔ اعلامیہ میں پاکستان انسٹیٹیوٹ فار پارلیمنٹری سروسز کو آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کی معاونت کے لیے توسیع دینے اور اسپیکرز کانفرنس کے تسلسل کو یقینی بنانے کے لیے آئندہ اجلاس 2025 میں مظفرآباد میں منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ دو روزہ 18 ویں اسپیکرز کانفرنس اسلام آباد میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ، وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ، آزاد کشمیر اسمبلی کے اسپیکر چوہدری لطیف اکبر، بلوچستان اسمبلی کے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی، گلگت بلتستان اسمبلی کے اسپیکر نذیر احمد، اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی بابر خان سواتی، اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان، اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 33

نے بتایا کہ کارروائیوں میں ملزمان سے 1.1 کلو ویڈ، 79 کلو بھنگ کے بیج، 58 کلو پوست کے بیج جبکہ 232.554 کلو مشتبہ مواد برآمد ہوا۔ اینٹی نارکوٹکس فورس کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ کارروائیوں کے دوران 5 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جن کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرلیے گئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 34

قومی فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ پر دباؤ ہے کہ وہ زرعی برآمدات کے لیے ایک اہم ضرورت فائٹوسینٹری سرٹیفکیشن کے اجراء میں تاخیر کو دور کرے۔ حکام نے خبردار کیا ہے کہ بین الاقوامی فوڈ سیفٹی اور فائٹوسینٹری معیارات کو پورا کرنے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی کے نتیجے میں سخت تجارتی رکاوٹیں یا صریحاً پابندیاں عائد ہوسکتی ہیں، جس سے پاکستان کی معیشت کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔ چاول کی برآمدات پاکستان کے لیے زرمبادلہ کا ایک اہم ذریعہ ہے، خاص طور پر خوشبودار باسمتی قسم، جس کی یورپی یونین اور دیگر عالمی منڈیوں میں زبردست مانگ ہے۔ گزشتہ مالی سال 2023-24 میں چاول کی کل برآمدات 3.93 ارب ڈالر رہی جس میں باسمتی چاول کا حصہ 877 ملین ڈالر تھا، اب رخصت ہونے والے مالی سال کے پہلے پانچ مہینوں (جولائی-نومبر) میں چاول کی کل برآمدات 515.1 ارب ڈالرز (باسمتی کے ساتھ 386 ملین ڈالرز) ہیں۔ تاہم فوڈ سیفٹی کے ضوابط کے ساتھ متضاد تعمیل ملک کے تجارتی نقطہ نظر کے لیے ایک اہم خطرہ ہے۔ ایک تجارتی تجزیہ کار نے کہا کہ خطرات ناقابل یقین حد تک زیادہ ہیں۔ یہ صرف ایک شپمنٹ یا یہاں تک کہ ایک برآمدی شعبے کے بارے میں نہیں ہے۔ یہ عالمی مارکیٹ میں پاکستان کی حیثیت کو برقرار رکھنے کے بارے میں ہے۔ خاص طور پر یورپی یونین میں چاول کی شپمنٹ کی روک تھام کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 35

گئی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق اقبال شہید ٹول پلازہ واہ کے قریب ملزم کے قبضے سے 2 کلو چرس برآمد کی گئی جبکہ ملتان میں شیر شاہ ٹول پلازہ پر کار میں چھپائی گئی 1.1 کلو ویڈ اور 3.1 کلو آئس برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ بلوچستان میں بھرانچہ سے 367 کلو افیون اور 55 کلو چرس سمیت بھاری منشیات برآمد کی گئی، کارروائی کے دوران 554 کلو مشتبہ مواد برآمد کیا گیا۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق اختر آباد ہزار گنجی کوئٹہ سے 180 کلو ہیروئن برآمد کی گئی جبکہ کوئٹہ میں جبل نور سے 169 کلو چرس برآمد کر کے 2 ملزمان کو بھی گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرلیے گئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 36

وزیر داخلہ محسن نقوی کا خیر مقدم کیا۔ ملاقات کے دوران وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار بڑھانے میں پورا سپورٹ کریں گے۔ کرم میں قیام امن اولین ترجیح ہے۔ تمام سٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے کرم میں پائیدار امن کا قیام کے لئے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر اعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ شہداء ہمارے لئے سرمایہ افتخار ہیں۔ لازوال قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ وزیر اعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ مل کر دہشتگردی کے عفریت کا مقابلہ کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 37

کا سکون غارت کردیا ہے آئی ایم ایف کے قرضوں نے قوم کی کمر توڑ دی بیرونی قرضے عوام کے خون پسینے نچوڑ کر ادا کیے جا رہے ہیں جبکہ حکمرانوں نے اپنی نسلوں کیلئے تجوریاں بھر رکھی ہیں، سودی قرضوں نے ملک کی معیشت تباہ کر رکھی ہے ان مسائل کا واحد حل صرف اور صرف اسلامی نظام ہے۔

بقیہ بقیہ جات 38

نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز خواتین کی ترقی کیلئے مواقع فراہم کر رہی ہیں، بڑے عہدوں پر فائز خواتین طالبات کے لیے مشعل راہ ہیں۔ ڈاکٹر فلیحہ زہرا کاظمی نے کہا کہ انسانی تاریخ کے ہر اہم موڑ پر خواتین نے اہم سماجی خدمات سرانجام دیں۔ ایم پی اے سعدیہ تیمور نے کہا کہ ورکنگ ویمن صرف ملازم خواتین نہیں بلکہ ہماری مائیں بغیر معاوضہ کے بچوں کی پرورش کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز کا عزم ہے کہ ہر خاتون بااختیار بنے اور پنجاب حکومت خواتین کی فلاح کے لیے نئے منصوبوں متعارف کرا چکی ہے جس میں طالبات کے لیے سکوٹی سکیم، خواتین کی سیفٹی کے لیے پنک بٹن جیسے اقدامات انتہائی اہم ہیں۔ نیشنل ورکنگ ویمن ڈے پر ہوم اکنامکس یونیورسٹی کی طالبات نے خواتین کو درپیش چیلنجز پر کھیل بھی پیش کیا۔

بقیہ بقیہ جات 39

و بی آر، سوشل سکیورٹی سمیت متعدد اداروں کو فیس کرتا ہے، ایف بی آر کے نوٹسز کے جواب دینے کے لیے دفاتر کے بار بار چکر لگاتا ہے، کیا ٹیکس پیئر نے ٹیکس نیٹ میں آ کر گناہ کرلیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 60 روز میں آئرس سسٹم پر پاسورڈ تبدیلی کا فیصلہ غیر منطقی ہے، ایسے اقدامات سے پہلے اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کرنی چاہیے، مطالبہ ہے کہ پاسورڈ تبدیلی کی نئی پالیسی کو فوری ختم کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 40

بڑھیں۔ نومبر میں ٹیکسٹائل اور لیدر کی برآمدات ایک ارب 54 کروڑ 70 لاکھ ڈالرز رہیں، اسی مدت میں ایگرو اور فوڈ سیکٹر کی برآمدات 80 کروڑ ڈالر سے زائد رہیں۔ نومبر میں دیگر مینوفیکچرنگ مصنوعات کی برآمدات 20 کروڑ 13 لاکھ ڈالر رہیں، گزشتہ ماہ میٹلز اینڈ جیمز کی برآمدات کا حجم 11 کروڑ 51 لاکھ ڈالر رہیں۔

بقیہ بقیہ جات 41

اگر قابل ٹیکس آمدن رکھنے والے تمام لوگ اپنے حصے کا ٹیکس ادا کریں تو حکومت یقینی طور پر ٹیکسز کی شرح میں کمی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے نان فائلرز کے گرد شکنجہ کسنے کے لئے قومی اسمبلی میں جو ترمیمی بل پیش کیا گیا ہے ہم اس کی غیر مشروط حمایت کرتے ہیں اور حکومت سے مطالبہ ہے کہ اس کی جلد سے جلد منظوری کے بعد اسے ایکٹ کی صورت میں نافذ کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 42

ملاقات ہوئی، عمران خان کے اگلے لائحہ عمل کا اعلان جلد کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ نومئی کے حوالے سے جوڈیشل کمیشن بنایا جائے تو دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا، جعلی حکمران بوگس اور بے بنیاد مقدمات کی آڑ میں پی ٹی آئی اور اس کی قیادت کو دیوار کے ساتھ لگا کر رکھنا چاہتے ہیں لیکن یاد رکھیں وقت سدا ایک جیسا نہیں رہتا، پی ٹی آئی اپنے اوپر ہونے والے بدترین مظالم کو بھول کر ملک کی خاطر آگے بڑھنا چاہتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

کرچکے ہیں، حکومت کی جانب سے ان کی تعداد سینیٹ اور قومی اسمبلی میں بھی پیش کی جاچکی ہے لہٰذا اس صورتحال میں ہم امید رکھتے ہیں کہ حکومت پاکستان مدارس سے متعلق کسی بھی قسم کی قانون سازی کرتے وقت ان 18 ہزار 6 سو مدارس اور ان میں زیر تعلیم 22 لاکھ سے زائد طلباء کے مستقبل کا خیال رکھے گی اور کسی بھی صورت اپنی کسی سیاسی مصلحت کی خاطر ان لاکھوں طلباء اور ہزاروں مدارس کا مستقبل خراب نہیں کرے گی۔ حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ ہم یہ واضح کرنا چاہتے ہیں کہ اتحاد تنظیمات مدارس کی جانب سے اپنے مدارس کی رجسٹریشن کیلئے جس نظام کا مطالبہ کیا جارہا ہے، ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے اگرچہ ایک ملک کے اندر نظام تعلیم ایک ہی ہونا چاہیے تاہم جب باقی سکولوں اور کالجوں کیلئے مختلف نظام تعلیم موجود ہیں تو مدارس کیلئے دو نظام یا دو ادارے متعین ہو جائیں گے، اس سے غیر یقینی کی صورتحال ختم ہو جائے گی لہٰذا وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف سے مطالبہ ہے کہ وہ اس بات کا احساس اور ادراک رکھیں کہ ملک کے اندر اس وقت دینی مدارس مجموعی طور پر 15 بورڈز موجود ہیں، جہاں ان کیلئے 5 بورڈز کی بات سننا ضروری ہے وہاں باقی 10 بورڈز کی بات سننا بھی ضروری ہے، یہی عدل و انصاف اور قانون کا تقاضا ہے جسے کسی بھی صورت نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 44

گا، گریڈ 18 کے افسر کو ڈیڑھ کروڑ قرض ملے گا، گریڈ 19 اور 20 کے افسر کو 2 کروڑ روپے قرض ملے گا، گریڈ 21 اور 22 کے افسر کو ڈھائی کروڑ تک قرض ملے گا، یہ قرض صرف ڈی ایم جی اور پی ایم ایس افسران کو ملے گا، افسران آسان اقساط پر قرض کی ادائیگی کر سکیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 45

ادویات پہنچانے کی ادائیگی بھی نہیں کی، سپیشلائزڈ ہیلتھ کو 50 کروڑ کے فنڈز مل چکے ہیں لیکن میڈیسن ہوم ڈیلیوری کا بل ادا نہیں کیا گیا، محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کو بقایاجات ادا نہ کرنے سے رواں سال ادویات کی خریداری میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بقیہ بقیہ جات 46

ہدایت کی کہ سینٹرل ہائی وے اتھارٹی لاہور سیالکوٹ موٹروے کی طرز پر تمام شاہراہوں کو بیریئر فری کرے۔ انہوں نے کہا کہ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر عوامی آگاہی کے لئے مؤثر میڈیا مہم شروع کی جائے، موٹرویز اور ہائی ویز پر سفر کرنے والے تمام افراد کی جانیں ہمیں انتہائی عزیز ہیں، قومی شاہراہوں پر حادثات کا سبب بننے والی تمام گاڑیوں کے خلاف اقدامات کیے جائیں۔ وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ سفر کو مزید محفوظ بنائیں اور پٹرولنگ سے محروم علاقوں میں موٹروے پولیس فوری پٹرولنگ کا آغاز کرے۔

بقیہ بقیہ جات 47

26 ہزار روپے کے فنڈز کی منظوری دی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ بیرسٹر نبیل احمد اعوان نے کی۔ صوبائی ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں ترقیاتی بورڈ کی جانب سے جن سکیموں کی منظوری دی گئی ان میں بہاولنگر شہر میں واٹر سپلائی سسٹم کی بہتری کیلئے 67 کروڑ 54 لاکھ 80 ہزار روپے، بہاولنگر شہر میں سیوریج سسٹم کی بہتری کیلئے 1 ارب 60 کروڑ 28 لاکھ 30 ہزار روپے، میونسپل کمیٹی حافظ آباد میں سیوریج سسٹم کی بحالی کیلئے 1 ارب 74 کروڑ 43 لاکھ 96 ہزار روپے، کوٹ ادو شہر میں سیوریج سسٹم کی بحالی کیلئے 1 ارب 19 کروڑ 93 لاکھ 20 ہزار روپے اور وزیر آباد میں سیوریج سسٹم کی فراہمی اور ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کیلئے 1 ارب 94 کروڑ 62 لاکھ روپے شامل ہیں۔ اجلاس میں صوبائی سیکرٹری پی اینڈ ڈی بورڈ ڈاکٹر آصف طفیل سمیت متعلقہ سیکرٹریز، محکمہ جات کے اعلی افسران اور پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کے ممبران نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 48

سرگرمیاں متاثر ہورہی ہیں۔ ایک بیان میں سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ وماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ پاکستان کا معاشی حب کراچی سمیت پورا صوبہ سندھ گیس کی لوڈشیڈنگ کا متحمل نہیں ہوسکتا، گیس کی مسلسل فراہمی کی کمی نے عوام میں بڑے پیمانے پر بے چینی اور مایوسی پیدا کردی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے فوری اور ٹھوس اقدامات کرے، سردیوں کے مہینوں میں وفاقی حکومت گیس کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنائے۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ قدرتی وسائل کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنائے، وزیر اعظم اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اس معاملے کو ترجیح دیں۔

بقیہ بقیہ جات 49

پولیس ٹاسک فورس کے کوآرڈینیٹر سعود یعقوب ڈسٹرکٹ کیماڑی کا دورہ کیا۔ مچھر کالونی سمیت مختلف علاقوں کا دورہ کر کے انسداد پولیو مہم کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر کیماڑی نے کمشنر کو بریفنگ دی۔ اسسٹنٹ کمشنر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر اور ڈسٹرکٹ سپروائزر ویکسینیشن بھی موجود تھے کمشنر نے اس علاقہ کا بھی دورہ کیا جہاں یوسی 5 کیماڑی میں اسی ماہ پولیو کا ایک کیس سامنے آیا ہے بچے کا نام محمد نور اور اس کی عمر تین سال سے ہے۔ کمشنر نے ڈپٹی کمشنر کو ہدایت کی کہ مچھر کالونی یوسی 5 کو حساس علاقہ تصور کیا جائے اور یہاں انسداد پولیو کے لئے ترجیحی کوششیں کی جائیں کمشنر نے۔ والدین سے کہا ہے کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں تاکہ ان کی زندگی کو محفوظ کیا جاسکے شہر سے باہر جانے والے اور شہر کے اندر داخل ہونے والے ہر بچہ کی سخت مانیٹرنگ کی جائے گی یقینی بنایا جائے گا کہ ہر بچہ پولیو کے قطروں سے مستفید ہو۔

بقیہ بقیہ جات 50

پر سکھر میں مقدمہ 7 دسمبر کو درج کیا گیا ہے۔ سابق ایم این اے پر مقدمہ تھانہ بائی جی شریف میں درج کیا گیا تھا، جسے ختم کرانے کیلئے علی وزیر کے وکیل قادر خان نے سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کرلیا ہے۔ واضح رہے کہ علی وزیر مینٹیننس آف پبلک آرڈیننس (ایم پی او) کے تحت گڈانی جیل میں نظر بند ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 51

صادق پل کے قریب کھڑے ہوئے ٹرالر سے ٹکرا گئے، حادثے میں باپ اور 3 سالہ بچہ زخمی ہوا جبکہ خاتون محفوظ رہیں۔ زخمیوں کو جناح اسپتال منتقل کیا گیا جہاں پر باپ اور بچہ دوران علاج دم توڑ گئے جن کی شناخت رضوان 49 سالہ اور روحان 3 سالہ سے ہوئی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ٹرالر خراب ہوگیا تھا تو اس کا ڈرائیور روڈ پر ہی بند کر کے چلا گیا تھا، اندھیرا ہونے کی وجہ سے ٹرالر متوفی رضوان کو موٹر سائیکل چلاتے ہوئے نظر نہیں آیا اور وہ اس سے ٹکرا گیا۔ پولیس ٹرالر ڈرائیور کو تلاش کر رہی ہے، جبکہ جاں بحق باپ اور بیٹے کی لاشیں جناح اسپتال میں ضابطے کی کارروائی کی بعد ورثا کے حوالے کردی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 52

سحاق، پراسیکیوٹر جنرل سید فرہاد علی شاہ، اوورسیز کمیشن کا نمائندہ دوران سماعت پیش ہوئے۔ جسٹس فاروق حیدر نے ایڈووکیٹ جنرل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کے حوالے سے بہت سے معاملات ہیں، اس میں کچھ شک نہیں کہ اوورسیز پاکستانیوں کا معیشت میں بڑا کردار ہے، اس میں بھی کچھ شک نہیں ان کی جائیدادوں پر قبضہ بھی ہورہا ہے، کیا کوئی ایسا قانون موجود ہے جو اوورسیز پاکستانیوں کے حقوق کا تحفظ کرے۔ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب نے اوورسیز پاکستانیوں کے حقوق کے تحفظ کے متعلق اٹھائے گئے اقدامات بارے بتایا۔

بقیہ بقیہ جات 53

کے آئینی بینچ کے روبرو 34 سال سے پلاٹس کا قبضہ نہ دینے کیخلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ درخواستگزاروں کے وکیل عثمان فاروق ایڈووکیٹ نے موقف دیا کہ ہاؤسنگ سوسائٹی کے عہدیدار الاٹیز کو پلاٹس کا قبضہ فراہم کریں۔ بلڈرز کو انکروچمنٹ سے بھی روکا جائے۔ ہاؤسنگ سوسائٹی کے الیکشن کروانے کا حکم دیا جائے۔ حکومت سندھ، رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائٹی، کے آئی پی واپڈا ایمپلائز کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی، ڈپٹی کمشنر سینٹرل کو 22 جنوری کیلئے نوٹس جاری کردیے۔

بقیہ بقیہ جات 54

مسلح گروپوں اور ترکیہ نے بشار الاسد کے اقتدار کا تختہ الٹنے کے ایک دن بعد کردوں کے زیر قیادت سیرین ڈیموکریٹک فورسز کے منبج شہر پر قبضہ کی حمایت کی ہے۔ ایس ڈی ایف کے کمانڈر عبدی کی گفتگو اس امر کی تصدیق کرتی ہے کہ غیر شامی کرد جنگجو بشمول کردستان ورکرز پارٹی (پی کے کے) کے ارکان شام کے تنازعے کے دوران افواج کی حمایت و مدد کے لیے شام آئے ہیں۔ عبدی نے کہا شام میں ایک مختلف صورتحال ہے۔

بقیہ بقیہ جات 55

ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ ریپبلکنز عارضی بجٹ کو مسترد کریں، جبکہ ڈیموکریٹس ارکان کانگریس کا کہنا ہے کہ ٹرمپ کا بیان انتشار پھیلانے کے مترادف ہے۔ اس سے قبل امریکی میڈیا کی جانب سے یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ موجودہ امریکی صدر جو بائیڈن صدارت چھوڑنے سے پہلے یوکرین کیلئے ہتھیاروں میں اضافہ چاہتے ہیں۔ جو بائیڈن کی مدت صدارت جلد اختتام پذیر ہونے والی ہے جس کے بعد ڈونلڈ ٹرمپ دوسری باری امریکا کے اعلیٰ ترین عہدے پر براجمان ہوں گے، ٹرمپ کی صدارت سے قبل ہی جو بائیڈن چاہتے ہیں کہ روس کے خلاف برسر پیکار یوکرین کیلئے ہتھیاروں میں اضافہ کیا جائے۔ امریکی میڈیا کا کہنا تھا کہ موجودہ امریکی صدر بائیڈن یوکرین کیلئے ہتھیاروں میں اضافے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 56

ہے۔ رپورٹ میں اسرائیلی فوج کے جرائم میں اس امر کو بطور خاص شامل کیا گیا ہے کہ اس نے این جی او کے کارکنوں پر 41 بار بمباری کی، غزہ کی پٹی کے ہسپتالوں کو براہ راست نشانہ بنایا گیا اس کے علاوہ انسانی بنیاد پر امداد لے جانے والے قافلوں پر بھی سیدھی فائرنگ کی گئی۔ تنظیم نے اسرائیلی فوج کی جارحانہ پالیسی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ 17 مختلف مواقع پر زبردستی ہسپتالوں اور طبی مراکز کو خالی کرالیا گیا۔ ڈاکٹرز ود آؤٹ بارڈرز کے سیکرٹری جنرل کرسٹوفر لاکائز نے کہا ان سارے حقائق کی بنیاد پر ہم دیکھتے ہیں کہ فلسطینیوں کی نسل کشی اور انہیں جبری طور پر ٹھکر کر کے نقل مکانی پر مجبور کیا جا رہا ہے، انہیں ان علاقوں کی طرف دھکیلا جاتا ہے جو بمباری کی زد میں آنے والے ہوتے ہیں، یہ سارے شواہد نسل کشی کے مترادف ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اسرائیل جس نے اب تک غزہ کی پٹی پر اپنی ساڑھے 14 ماہ کی جنگ کے دوران 45100 سے زائد فلسطینیوں کو شہید کیا اور ان میں بڑی تعداد بچوں اور عورتوں کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 57

ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بے روزگاری کی وجہ سے غریب اور متوسط طبقہ بری طرح متاثر ہورہا ہے۔ الخدمت مائیکرو فنانس کے ذریعے ملک بھر میں موجود بے روزگار اور مستحق افراد کو چھوٹے قرضے فراہم کیے جاتے ہیں اور انہیں کاروبار کیلئے وسائل فراہم کیے جاتے ہیں تاکہ وہ اپنے خاندان کیلئے باعزت روزگار کما سکیں۔ نذیر احمد چنیور کا کہنا تھا کہ الخدمت فاؤنڈیشن معاشرے کے کمزور طبقے کیلئے جو خدمات انجام دے رہی ہے، وہ قابل تحسین ہیں۔ آج جن افراد کو روزگار فراہم کیا گیا ہے اگر یہ محنت اور لگن سے کام کریں گے تو یقیناً اس میں مزید برکت ہوگی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ مخیر حضرات کو چاہیے کہ اس مشن میں الخدمت کا ساتھ دیں تاکہ بے روزگاری پر قابو پایا جاسکے۔ سبزی اور فروٹ کے ٹھیلے حاصل کرنے والے افراد نے الخدمت کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ بقیہ جات 58

قابض میئر اور واٹر کارپوریشن کی بدترین کارکردگی و نااہلی اور شہر میں پانی کے بحران کے خلاف (آج) ہفتہ کو شہر بھر میں 15 مقامات پر احتجاجی مظاہرے کیے جائیں گے۔ مختلف کوآپریٹو سوسائٹیز میں من پسند اور غیر متعلقہ ایڈمنسٹریٹرز کو بٹھا کر رشوت و کرپشن کا بازار گرم اور زمینوں پر قابض مافیا کی سرپرستی کی جارہی ہے اس عمل میں لینڈ ریونیو ڈیپارٹمنٹ، ڈپٹی کمشنر ایسٹ، اسسٹنٹ کمشنر اسکیم 33، 45، اینٹی انکروچمنٹ سیل، رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز ملوث ہیں، سندھ میں زمینوں پر قبضے کا سسٹم اب بلوچستان تک پہنچ گیا ہے، یہ صورتحال سندھ میں کرپشن کے سسٹم کو اسلام آباد تک پہنچانے والوں کے لیے سوالیہ نشان ہے، کوآپریٹو سوسائٹیز کی اراضی اور کراچی کی زمینوں پر قبضے کو کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 59

اس علاقے کے سی سی ٹی وی کیمرے کی بھی جہاں سے نعش برآمد ہوئی تھی۔ ابتدائی تفتیش میں ملزمان نے جو بیان دیا وہ انتہائی حیران کن بلکہ ناقابل یقین تھا۔ ملزمہ اور اس کے شوہر نے بتایا کہ بچی کو کپڑوں میں پیشاب کرنے کی بیماری تھی جس کی وجہ سے وہ سخت پریشان رہتے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 60

ری پبلکن سمیت 235 ارکان نے بل کی مخالفت کی۔ اخراجات بل کی منظوری کے لیے دوتہائی اکثریت درکار تھی، بل میں جنوری 2027 تک امریکی قرضے کی حد معطل کرنے سمیت کئی تجاویز شامل تھیں۔ امریکی حکومت کے قرضے سے پریشان ری پبلکن ارکان نے بل کی مخالفت میں ووٹ دیا۔

بقیہ بقیہ جات 61

علی ضیا باجوہ نے شہری دانش افتخار کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید، ایس پی انویسٹی گیشن سٹی منزہ کرامت پنجاب حکومت کے وکیل کے ہمراہ پیش ہوئے۔ جسٹس علی ضیا باجوہ نے نکاح پڑھانے والے مبینہ وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا آپ کون ہیں؟ نکاح پڑھانے والے شخص نے جواب دیا میں نکاح خواں ہوں، عدالت نے استفسار کیا نکاح رجسٹرار ہو یا نہیں نکاح نکاح نامے کا پرت کہاں سے لیا؟ نکاح تو کوئی بھی پڑھا سکتا ہے، نکاح پڑھانے والے شخص نے جواب دیا نکاح نامہ کا پرت اردو بازار سے لیا تھا۔ جسٹس علی ضیا باجوہ نے ریمارکس دیئے اردو بازار سے لیا گیا نکاح نامہ کا پرت تو چل ہی نہیں سکتا، اردو بازار سے پرت لے کر لوگوں کی لڑکیوں کا ستیاناس کر رہے ہیں۔ فاضل جج نے نکاح پڑھانے والے شخص سے استفسار کیا کہ تم کرتے کیا ہو؟ نکاح پڑھانے والے نے جواب دیا میں وکیل ہوں، نکاح بھی پڑھا لیا کرتا ہوں، عدالت کے وکالت لائسنس کے متعلق سوالات پر نکاح خواں تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ جسٹس علی ضیا باجوہ نے ایس ایس پی انویسٹی گیشن سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا یہاں کوئی مرد یا خاتون پولیس افسر آئے، عدالت کو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا، ایس پی انویسٹی گیشن سٹی جب بھی عدالت آئیں تسلی بخش جواب نہیں دے سکیں تھیں، آئی جی نے بتایا نہیں کہ پولیس افسران کے عدالت میں پیش ہونے سے قبل تیاری بھی کرنی ہے یا نہیں، جس نے جعلی پرت پر جعلی نکاح پڑھایا، اس پر تو مقدمہ کا حکم دیں گے۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے جواب دیا انچارج انویسٹی گیشن سمیت متعلقہ سب کو بلایا ہے، اس کیس بارے تفصیل حاصل کی۔

بقیہ بقیہ جات 62

نے کہا کہ دیگر 2 صوبوں کی نسبت سندھ اور پنجاب میں پولیس کی تفتیش انتہائی ناقص ہے، جب تک ریاستی ادارے سیاسی انجینئرنگ میں مصروف ہوں گے تو ایسا ہی حال رہیگا۔ جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ آئین پر عمل ہوتا تو ایسے حالات نہ ہوتے۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس میں کہا کہ لوگوں کو اداروں پر یقین نہیں، لوگ چاہتے ہیں تمام کام سپریم کورٹ کرے۔ جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ یہ ادارہ (سپریم کورٹ) بھی اتنا ہی [illegible] ہے، جتنا ہمارا معاشرہ، 40 سال بعد منتخب ایک وزیر اعظم کے قتل کا اعتراف کیا گیا، وزیر اعظم کے قتل سے بڑا جرم کیا ہوسکتا ہے؟ کسی کو ذمہ دار قرار دے کر سزا دی جانی چاہیے تھی۔ جسٹس شہزاد ملک نے کہا کہ جس ملک میں وزیر اعظم کا ایسا حال ہو تو عام آدمی کا کیا حال ہوگا؟ وزیر اعظم ایک دن وزیر اعظم ہاؤس تو دوسرے دن جیل میں ہوتا ہے۔

اپوزیشن اور حکومت کو ایک ٹیبل پر لانا میرا کام ہے، منت کرنے کیلئے بھی تیار ہوں، ایاز صادق

کمیٹی بن کر مذاکرات شروع ہوگئے تو راستہ بننا شروع ہوجائے گا، دفتر میں بیٹھ کر سہولت فراہم کروں گا، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر ایاز صادق نے اپوزیشن اور حکومت کو مذاکرات کی میز پر لانا اپنی ذمہ داری قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اپوزیشن اور حکومت کو ایک ٹیبل پر لانا میرا کام ہے، منت کرنے کیلئے بھی تیار ہوں، لیکن لوگوں کو پکڑ پکڑ کر مذاکرات کے لیے نہیں لاسکتے، واضح کیا ایک فریق نے کمیٹی بنائی لیکن وہ ابھی تک ٹی وی پر بات کررہے ہیں، تشریف نہیں لائے، وہ بات کرنے آئے تو حکومت سے بھی کمیٹی بنوالوں گا۔ اٹھارویں اسپیکر کانفرنس کے شرکا کی مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے کہا کہ اسپیکر نے باور کرایا کہ اپوزیشن اور حکومت کو بٹھانا ان کا کام ہے، آیت الکرسی، درود شریف پڑھ کر پھونکیں گے کہ مثبت نتائج آئیں، ملک میں سیاسی تقسیم کے خاتمے کے لیے اسپیکرز کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ایک فریق نے کمیٹی بنائی ہے لیکن وہ ابھی تک ٹی وی پر بات کررہے ہیں، تشریف نہیں لائے، پی ٹی آئی بات کرنے آئی تو حکومت سے بھی کمیٹی بنوالوں گا، کمیٹی بن کر مذاکرات شروع ہوگئے تو راستہ بننا شروع ہوجائے گا، دفتر میں بیٹھ کر سہولت فراہم کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سیاسی تقسیم کے خاتمے کے لیے اسپیکرز کردار ادا کریں، ہمیں اپنی اپنی اسمبلیوں کو مزید فعال بنانا ہوگا، ہم نے حکومت اور اپوزیشن ارکان کو ساتھ لے کر چلنا ہے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ اسپیکرز کانفرنس میں پارلیمان کی بالادستی کا اعادہ کیا گیا، طے پایا ہے کہ تمام اسمبلیوں میں قواعد وضوابط یکساں ہوں، اسپیکر ایوان کے تقدس کا محافظ ہوتا ہے، تمام اراکان کو ساتھ لے کر چلنا اسپیکر کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی ایک نئی وبا ہے، اس پر توجہ مرکوز کرنا چاہتے ہیں۔

یو این ویمن کے نمائندے کی وزیر مملکت برائے آئی ٹی اور ٹیلی کمیونیکیشن سے ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

زیادہ سے زیادہ خواتین میرٹ پر اپنی جگہ بنا رہی ہیں، ڈیجیٹل دور میں ترقی کے لیے ضروری وسائل فراہم کرنا ناگزیر ہے، شزہ فاطمہ

اسلام آباد (این این آئی) یو این ویمن کے کنٹری ریپریزنٹیٹو، جناب جمشید ایم کاظمی، نے وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی کمیونیکیشن میں وزیر مملکت برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن، شزا فاطمہ خواجہ سے ملاقات کی۔ ملاقات کا مقصد ڈیجیٹل منصوبوں کے ذریعے صنفی مساوات کو فروغ دینا اور باہمی تعاون کو مزید مضبوط کرنا تھا۔ جمشید ایم کاظمی نے یو این ویمن کے صنفی مساوات کے منصوبوں کی تفصیلات شیئر کیں، جن میں پاکستان میں صنفی رکاوٹوں کو کم کرنے اور روابطے کو بڑھانے کی کوششوں پر زور دیا گیا۔ انہوں نے حکومتِ کوریا کی حمایت سے چلنے والے چار سالہ پروگرام کے بارے میں بات کی، جو 18 سے 35 سال کی خواتین کو، جو کم وسائل والے علاقوں سے تعلق رکھتی ہیں، ڈیجیٹل مہارتوں، رہنمائی اور وسائل فراہم کرنے پر مرکوز ہے تاکہ وہ ٹیکنالوجی کے شعبے میں کاروباری رہنما اور قائد بن سکیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ پروگرام اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ کوئی بھی لڑکی پیچھے نہ رہ جائے اور انہیں قیادت اور جدت کے مواقع فراہم کرے۔ وزیر شزا فاطمہ خواجہ کو موجودہ کابینہ کی واحد خاتون وزیر تسلیم کرتے ہوئے، جمشید ایم کاظمی نے ان کی قیادت اور پاکستان میں خواتین کے لیے رکاوٹوں کو ختم کرنے کے عزم کو سراہا۔ انہوں نے وزارت کے ساتھ قریبی تعاون پر اپنی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم آپ کی وزارت کے ساتھ مل کر ایک زیادہ جامع ڈیجیٹل مستقبل کی تشکیل کے لیے کام کرنے کے منتظر ہیں۔ وزیر شزا فاطمہ خواجہ نے اس بات پر زور دیا کہ وزارت کا فوکس نیشنل ڈیجیٹل پلان کے ذریعے ڈیجیٹل تقسیم کو کم کرنے پر ہے جس کا مقصد تمام افراد، خاص طور پر خواتین، کو انٹرنیٹ تک زیادہ رسائی فراہم کرنا ہے۔


لاہور، پی ایچ اے کا ملازم پارک میں گھاس کاٹ رہا ہے

اے این ایف کی کارروائیاں، 1565 کلو سے زائد منشیات برآمد، 5 ملزمان گرفتار

اینٹی نارکوٹکس فورس کی جانب سے کارروائیاں کوئٹہ، اسلام آباد، کیچ، اٹک اور ملتان میں کی گئیں

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے 7 مختلف کارروائیوں کے دوران 1565 کلو سے زائد منشیات برآمد کر کے 5 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان اے این ایف نے بتایا کہ اینٹی نارکوٹکس فورس کی جانب سے کارروائیاں کوئٹہ، اسلام آباد، کیچ، اٹک اور ملتان میں کی گئیں، کارروائیوں کے دوران ملزمان سے 391 کلو افیون، 274 کلو چرس، 180 کلو ہیروئن اور 26 کلو 800 گرام آئس برآمد ہوئی۔ ترجمان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

وطن عزیز میں دینی مدارس اسلام کے قلعے ہیں، حفاظت مشترکہ ذمہ داری ہے' جے یو آئی

قائد جمیعت مولانا فضل الرحمن ہی توانا آواز اور قوت ثابت ہوئے ہیں' رہنماؤں کا مشترکہ بیان

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر محمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور احسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ وطن عزیز میں دینی مدارس اسلام کے قلعے ہیں ان کی حفاظت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے ایک مرد آہین قائد جمیعت مولانا فضل الرحمن توانا آواز اور قوت ثابت ہوئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ علماء پاکستان کی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدات کی حفاظت کریں گے۔

فیصل آباد، کرسمس پر مسیحی فیملیز کیلئے فن لینڈ، فن دنیا اور سندباد میں ٹکٹوں پر 50 فیصد رعایت کا اعلان

مکوآنہ (این این آئی) کرسمس کی آمد کے حوالے سے مسیحی برادری کی سہولت کیلئے فیصل آباد میں لگائے جانیوالے 9 سستے کرسمس بازار 21 دسمبر بروز ہفتہ سے بھرپور طریقے سے رواں ہوجائیں گے جہاں سے کرسمس بازاروں میں رعایتی نرخوں پر اشیائے ضروریہ فراہم کی جائیں گی۔ فیصل آباد ضلعی انتظامیہ کے ترجمان نے بتایا کہ مذکورہ کرسمس بازار فیصل آباد میں سینٹ انتھونی سکول ماڈل ٹاؤن، پینٹو گراؤنڈ مریم آباد وارث پورہ، کھرڑیانوالہ چک جڑانوالہ روڈ، جڑانوالہ میں پرانا تانگہ سٹینڈ نزد فائر بریگیڈ آفس، چک جھمرہ میں وائرلیس روڈ، سمندری میں سہولت بازار گوجرہ روڈ اور تاندلیانوالہ میں کرسچن کالونی محلہ شمس آباد وغیرہ میں لگائے جارہے ہیں۔

فیصل آباد پولیس نے 3 ڈرگ ڈیلرز گرفتار کرکے لاکھوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کرلی

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد پولیس نے 3 ڈرگ ڈیلرز گرفتار کرکے لاکھوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق سی آئی اے اقبال ڈویژن پولیس کے نارکوٹکس انویسٹیگیشن یونٹ نے کارروائی کر کے منشیات سپلائی کرنیوالے ڈرگ ڈیلرز ملزمان قاسم علی، بابر علی اور محمد سلمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی 11 کلو 790 گرام چرس اور 1120 گرام ہیروئن برآمد کرلی۔ ملزمان مختلف علاقوں میں منشیات سپلائی کرتے تھے۔

یورپی یونین نے چاول کی شپمنٹس روک دیں، پاکستان کا فوری کارروائی کا وعدہ

یہ ایک ایسی پیشرفت ہے جس سے ملک کی ساکھ اور اہم بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی کو خطرہ ہے

اسلام آباد (این این آئی) یورپی یونین نے آلودہ چاول کی شپمنٹس روک دیں جبکہ پاکستان کی جانب سے فوری کارروائی کا وعدہ کیا گیا ہے۔ حکومت پاکستان نے یورپی یونین میں ا؟لودہ ترسیل کی روک تھام کے بعد چاول کے برا؟مدکنندگان کو درپیش بڑھتے ہوئے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے فوری کارروائی کا عزم ظاہر کیا ہے۔ یہ ایک ایسی پیشرفت ہے جس سے ملک کی ساکھ اور اہم بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی کو خطرہ ہے۔ وزارت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

اے این ایف کی کارروائیاں: 42 کروڑ کی منشیات برآمد، 5 ملزمان گرفتار

سری نگر ہائی وے اسلام آباد پر 24 کلو افیون اور 48 کلو چرس برآمد کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے مختلف علاقوں میں 7 کارروائیاں کر کے 5 ملزمان گرفتار کرلیے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق 1565 کلو گرام منشیات برآمد کی گئی ہے جس کی مالیت کا تخمینہ 42 کروڑ سے زائد کا لگایا گیا ہے۔ سری نگر ہائی وے اسلام آباد پر 24 کلو افیون اور 48 کلو چرس برآمد کی گئی جبکہ سیٹلائٹ ٹاؤن کیچ میں ہوٹل کے قریب سے 6 کلو آئس برآمد کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

رائے ونڈ، گیس فلنگ کے دوران ویگن میں لگی آگ کو بجھایا جارہا ہے

سینئر کیپٹن شاہین خالد بٹ نے بطور منیجنگ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال اپنی ذمہ داریاں سنبھال لیں

اسلام آباد (این این آئی) سینیئر کیپٹن شاہین خالد بٹ نے بطور منیجنگ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال اپنی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ انہوں نے ادارے کے افسران کے ساتھ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے موجودہ عوامی فلاحی منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔ ایم۔ڈی پاکستان بیت المال سینئر کیپٹن شاہین خالد بٹ نے ادارے کے غریب دوست اقدامات کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ آنے والے دنوں میں یہ ادارہ مزید موثر انداز سے ملک سے غربت کے خاتمے کے لیے اپنی ذمہ داریاں نبھائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے نامور اور بڑے عوامی فلاحی ادارے کا سربراہ بننا میرے لیے اعزاز کی بات بھی ہے۔

ہوم اکنامکس یونیورسٹی میں نیشنل ورکنگ ویمن ڈے پر تقریب کا انعقاد

لاہور (این این آئی) ہوم اکنامکس یونیورسٹی میں محکمہ ویمن ڈویلپمنٹ کے اشتراک سے نیشنل ورکنگ ویمن ڈے کی خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں وائس چانسلر ڈاکٹر فلیحہ زہرا کاظمی، ایم پی اے سعدیہ تیمور، صدر ویمن چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز فلاحت عمران، ڈی جی پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے، عائشہ لاری، آمنہ قادر، ڈاکٹر ارم رباب سمیت اساتذہ اور طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروڈکشن ڈاکٹر فلیحہ زہرا کاظمی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

لاہور، ایک سرکاری سکول کے طلبہ موسم سرما کی چھٹیاں ہونے پر خوشی کا اظہار کررہے ہیں

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور سے ملاقات

شہداء کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ مل کر دہشتگردی کے عفریت کا مقابلہ کریں گے، وزیر اعلیٰ کے پی کے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور سے ملاقات کی جس میں امن وامان کی صورتحال اور کرم میں قیام امن کیلئے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو قیام امن کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ جمعہ کو وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پشاور وزیر اعلیٰ آفس کا دورہ کیا جہاں پر وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے وفاقی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

سودی قرضے عوام کا خون نچوڑ کر ادا کیے جارہے ہیں' سنی علماء کونسل

غریب ٹیکس ادا کرتا ہے جس سے حکمران طبقہ اور بیوروکریٹ عیاشی کررہے ہیں' مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور و صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ سودی قرضے عوام کا خون نچوڑ کر ادا کیے جارہے ہیں، ارکان پارلیمنٹ کی مراعات میں اضافے کیے جارہے ہیں، غریب دو وقت کی روٹی کیلئے بھی پریشان ہے، غریب ٹیکس ادا کرتا ہے جس سے حکمران طبقہ اور بیوروکریٹ عیاشی کررہے ہیں۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک میں مہنگائی، غربت اور بے روزگاری نے سکون

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

ملک کو بحران سے نکالنے کیلئے عمران خان کی مذاکرات کی بات کو کمزوری سمجھا گیا' مسرت چیمہ

عمران خان سے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ کی ملاقات ہوئی ہے، جلد اگلے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا' سینئر رہنما

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ جیل ٹرائل کے موقع پر بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ایک بار پھر ملاقات ہوئی اور ہمیشہ کی طرح ان کے حوصلے بلند ہیں، عمران خان نے ملک کے وسیع تر مفادات کی خاطر ملک کو بحران سے نکالنے کے لئے مذاکرات کی بات کی جس پر حکومت کو سنجیدگی سے سوچنا چاہیے تھا لیکن انہوں نے اسکو عمران خان کی کمزوری سمجھا۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ عمران خان سے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور کی بھی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

نان فائلرز کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے مجوزہ ترمیمی بل کی حمایت کرتے ہیں' اشرف بھٹی

قابل ٹیکس آمدن والے اپنے حصے کا ٹیکس ادا کریں تو ٹیکسز کی شرح میں کمی ہوگی' صدر آل پاکستان انجمن تاجران

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے نان فائلرز کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے قومی اسمبلی میں پیش کئے گئے مجوزہ ترمیمی بل کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم گزشتہ کئی سالوں سے کہہ رہے ہیں کہ نان فائلرز کو جرمانے کئے جائیں، پاکستان نے ہمیں بہت کچھ دیا ہے اس لئے ہمیں ایمانداری سے ٹیکسز کی ادائیگی کرکے اس کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بہت سے ایسے تاجر ہیں جو کروڑوں روپے کا کاروبار کر رہے ہیں لیکن اپنے ذمے ٹیکس کی ادائیگی نہیں کرتے۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

تمام اہم شعبوں کی برآمدات میں نومبر کے دوران سالانہ بنیادوں پر اضافہ ریکارڈ

ٹیکسٹائل، لیدر کی برآمدات 10 فیصد، ایگرو اور فوڈ سیکٹر کی برآمدات 4 فیصد بڑھیں' رپورٹ

لاہور (این این آئی) پاکستان کے تمام اہم شعبوں کی برآمدات میں نومبر کے دوران سالانہ بنیادوں پر اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ گزشتہ ماہ ٹیکسٹائل اور لیدر کی برآمدات 10 فیصد جبکہ ایگرو اور فوڈ سیکٹر کی برآمدات 4 فیصد بڑھیں، گزشتہ ماہ دیگر مینوفیکچرنگ مصنوعات کی برآمدات میں 3 فیصد اضافہ ہوا، نومبر میں سالانہ بنیادوں پر معدنیات اور جیمز کی برآمدات 19 فیصد بڑھیں۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ ماہ منرلز اور پیٹرولیم کی برآمدات میں 10 فیصد کا اضافہ ہوا، نومبر میں کیمیکل، فرٹیلائزر اور فارماسیوٹیکل کی برآمدات 13 فیصد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

ایف بی آر آئرس سسٹم پر 60 روز میں پاسورڈ تبدیلی کا فیصلہ واپس لے' جمیل اختر بیگ

ایسے اقدامات سے پہلے اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کرلینی چاہیے' سابق صدر لاہور ٹیکس بار

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر جمیل اختر بیگ نے کہا ہے کہ ایف بی آر کی آئرس سسٹم پر 60 روز میں پاسورڈ تبدیل کرنے کی نئی پالیسی 72 لاکھ ٹیکس دہندگان کے ساتھ مذاق کے مترادف ہے۔ ایف بی آر ٹیکس نیٹ میں اضافے کی بجائے ٹیکس دہندگان کے لیے مشکلات کھڑی کر رہا ہے۔ اپنے دفتر میں ملاقات کیلئے آنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایک ٹیکس پیئر انکم ٹیکس ریٹرن، سیلز ٹیکس ریٹرن، ودہولڈنگ سٹیٹمنٹ، ایس ای سی پی، ای ا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

کوئٹہ، پی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر طاہر رشید اور ایچ آر ڈی کے راشد رزاق معاہدے پر دستخط کررہے ہیں

ڈائریکٹوریٹ جنرل برائے مذہبی تعلیم کے ساتھ اب تک 18 ہزار چھ سو مدارس اپنے آپ کو منسلک کرچکے ہیں، حافظ طاہر اشرفی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل وصدر وفاق المدارس وجامعات دینیہ پاکستان حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ ڈائریکٹوریٹ جنرل برائے مذہبی تعلیم کے ساتھ اب تک 18 ہزار چھ سو مدارس اپنے آپ کو منسلک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

پنجاب حکومت نے سرکاری افسران کیلئے صرف 2 فیصد مارک اپ پر قرضہ اسکیم شروع کردی

گریڈ 17 کے ڈی ایم جی، پی ایم ایس افسر کو 50، گریڈ 18 کے افسر کو ڈیڑھ کروڑ قرض ملے گا

گریڈ 19 اور 20 کے افسر کو 2 کروڑ، گریڈ 21، 22 کے افسر کو ڈھائی کروڑ تک قرض ملے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے سرکاری افسران کیلئے صرف دو فیصد مارک اپ پر قرضہ اسکیم شروع کردی۔ تفصیلات کے مطابق چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے افسران کی لئے دو فیصد منافع قرضہ سکیم شروع کی، ڈی ایم جی اور پی ایم ایس افسران کو 2 فیصد مارک اپ پر قرضہ ملے گا۔ اس سلسلہ میں سیکرٹری خزانہ مجاہد شیر دل کی سربراہی میں کمیٹی قائم کردی گئی۔ گریڈ 17 کے ڈی ایم جی اور پی ایم ایس افسر کو 50 لاکھ تک قرض ملے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کے ذمے ادویات خریداری، سٹوریج اور ٹرانسپورٹیشن کی مد میں سوا ارب واجب الادا

لاہور (این این آئی) محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کے ذمے ادویات خریداری، سٹوریج اور ٹرانسپورٹیشن کی مد میں سوا ارب واجب الادا ہیں۔ سپیشلائزڈ ہیلتھ نے ڈی جی ہیلتھ آفس کے ذریعے خریدی گئی ادویات کا بل ادا نہیں کیا، محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ نے گھر کی دہلیز پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

لاہور، سیکرٹری داخلہ نورالامین مینگل سے اقوام متحدہ کے چیف آف مشن کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کی این ایچ اے کو تمام موٹرویز اور جی ٹی روڈ کیلئے سیفٹی اینڈ سکیورٹی پلان کی تیاری کی ہدایت

حادثات میں ریسکیو کے لئے چاروں صوبوں میں ہیلی کاپٹر سروس اور فوری ریلیف ملنا چاہیے، شہریوں کی جانیں بچانا اولین ترجیح ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے این ایچ اے کو تمام موٹرویز اور جی ٹی روڈز کیلئے سیفٹی اینڈ سکیورٹی پلان کی تیاری کی ہدایت کی ہے۔ جمعہ کو جاری بیان کے مطابق یہ ہدایات انہوں نے اپنی زیر صدارت منعقدہ اجلاس کے دوران جاری کیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حادثات میں ریسکیو کے لئے چاروں صوبوں میں ہیلی کاپٹر سروس اور فوری ریلیف ملنا چاہیے، شہریوں کی جانیں بچانا اولین ترجیح ہے، 1122 کی طرز پر فوری ایمبولینس فراہم کریں۔ وفاقی وزیر مواصلات نے ہدایت کی کہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کراچی سے پشاور تک اور بلوچستان کے لئے ایمرجنسی سروس سینٹرز کی نشاندہی کرے اور آئندہ ایک ہفتے کے دوران اس سلسلے میں ہنگامی پلان تیار کرے۔ اجلاس میں تمام شاہراہوں پر ایکسل لوڈ کی پابندی یقینی بنانے اور جرمانوں میں ایک ہزار فیصد اضافے کا فیصلہ کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے ہدایت کی کہ مروجہ وزن سے زیادہ لوڈ کے لئے زیرو ٹالرنس اختیار کریں، کوئی نرمی نہ برتی جائے۔ وفاقی وزیر مواصلات نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

لاہور، اورنج لائن میٹرو ٹرین اپنی منزل کی جانب گامزن ہے

ریاست حکومت گرانے اور لانے میں مصروف، ادارے سیاسی مخالفین کے پیچھے پڑے ہیں، جسٹس اطہر من اللہ

وزیراعظم کے قتل سے بڑا جرم کیا ہوسکتا ہے؟ کسی کو ذمہ دار قرار دے کر سزا دی جانی چاہیے تھی، سپریم کورٹ کے جج کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے جسٹس اطہر من اللہ نے ایک کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیے ہیں کہ ریاست حکومت گرانے اور لانے میں مصروف ہے، تمام ادارے سیاسی مخالفین کے پیچھے پڑے ہیں۔ سپریم کورٹ کے جسٹس جمال خان مندوخیل کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے قتل کیس کے ملزم اسحٰق کی درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ قتل کیس میں ملزم اسحٰق کی درخواست ضمانت کی سماعت کے دوران ایک موقع پر جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ سپریم کورٹ کا ادارہ بھی اتنا ہی سچ بولتا ہے جتنا ہمارا معاشرہ، 40 سال بعد منتخب وزیر اعظم کے قتل کا اعتراف کیا گیا، وزیر اعظم کے قتل سے بڑا جرم کیا ہوسکتا ہے؟ کسی کو ذمہ دار قرار دے کر سزا دی جانی چاہیے تھی۔ جسٹس اطہر من اللہ نے دوران سماعت ریمارکس دیے کہ 2017 سے کیس سپریم کورٹ میں زیر التوا ہے، ریاست حکومت گرانے اور لانے میں مصروف ہے، تمام ادارے سیاسی مخالفین کے پیچھے پڑے ہیں۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا کہ ریاست کی کیا بات کریں؟ 3 وزرائے اعظم مارے گئے، تینوں وزرائے اعظم کے کیسز کا کیا بنا؟ بلوچستان میں ایک سینئر ترین جج بھی مارے گئے، کچھ معلوم نہیں ہوا، اصل بات کچھ کرنے کی خواہش نہ ہونا ہے، انہوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

لوکل گورنمنٹ سیکٹر کی ترقیاتی سکیموں کیلئے 7 ارب روپے سے زائد فنڈز کی منظوری

فنڈز بہاولنگر، حافظ آباد، کوٹ ادو اور وزیر آباد کے سیوریج اور واٹر سپلائی سسٹم کی بہتری پر خرچ ہوں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 25-2024 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے 53 ویں اجلاس میں لوکل گورنمنٹ سیکٹر کی 5 ترقیاتی سکیموں کے لیے مجموعی طور پر 7 ارب 16 کروڑ 82 لاکھ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

سندھ میں گیس کی لوڈشیڈنگ کا مسلسل مسئلہ تشویشناک حد تک پہنچ گیا ہے، شرجیل انعام میمن

گیس کی لوڈشیڈنگ کی وجہ سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، روزمرہ کی زندگی اور صنعتی سرگرمیاں متاثر ہورہی ہیں

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ سندھ میں گیس کی لوڈشیڈنگ کا مسلسل مسئلہ تشویشناک حد تک پہنچ گیا ہے۔ گیس کی لوڈشیڈنگ کی وجہ سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ روزمرہ کی زندگی اور صنعتی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

جیل میں نظر بند، سابق ایم این اے علی وزیر پر سکھر میں مقدمہ درج

کراچی (این این آئی) سابق رکن قومی اسمبلی (ایم این اے) علی وزیر کے خلاف سکھر میں مقدمہ درج کرلیا گیا۔ علی وزیر گڈانی جیل میں نظر بند ہیں، ان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

کمشنر کراچی کا ڈسٹرکٹ کیماڑی کا دورہ، مچھر کالونی سمیت مختلف علاقوں کا دورہ کرکے انسداد پولیو مہم کا جائزہ

کراچی (این این آئی) کراچی میں 7 روزہ انسداد پولیو مہم جاری ہے مہم 22 دسمبر تک جاری رہے گی کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے جمعہ کو کمشنر کراچی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

کراچی، موٹرسائیکل سوار باپ اور 3 سالہ بیٹا ٹریلر سے ٹکرا کر جاں بحق

موٹر سائیکل پر میاں بیوی اور ان کا 3 سالہ بچہ کورنگی اللہ والا ٹاؤن سے اپنے گھر واپس آرہے تھے

کراچی (این این آئی) کراچی میں جام صادق پل پر کھڑے ہوئے ٹرالر سے موٹر سائیکل ٹکرانے سے باپ اور 3 سالہ بچہ جاں بحق ہوگئے جبکہ خاتون محفوظ رہیں۔ پولیس کے مطابق موٹر سائیکل پر میاں بیوی اور ان کا 3 سالہ بچہ کورنگی اللہ والا ٹاؤن سے پنجاب چورنگی کے قریب دہلی کالونی میں واقع اپنے گھر واپس آرہے تھے۔ اس دوران جام

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

لاہور ہائیکورٹ نے حکومت کو اوورسیز کمیشن کے رولز بنانے کیلئے مہلت دیدی

اوورسیز کمیشن کو انکوائری کا اختیار کس قانون کے تحت دیا گیا، انکوائری کرنے کا معاملہ کافی سنجیدہ ہے' جسٹس فاروق حیدر

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے اوورسیز پاکستانیوں کی جائیدادوں کے تحفظ اور کمیشن کے دائرہ اختیار کے متعلق کیس کی سماعت کرتے ہوئے پنجاب حکومت کو اوورسیز کمیشن کے رولز بنانے کے لئے مہلت دے دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر نے شہری سیموئل امانت مسیح کی درخواست پر سماعت کی۔ ایڈووکیٹ جنرل خالد ا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

ترک جنگجو شام کے سرحدی علاقے سے نکل جائیں گے، کمانڈر ایس ڈی ایف

اب وقت آگیا ہے کرد جنگجو جنہوں نے جنگ میں ہماری مدد کی تھی وہ اپنے علاقوں میں واپس چلے جائیں، گفتگو

دمشق (این این آئی) شامی کرد فورسز کے کمانڈر نے بتایا ہے کہ شامی کرد فورسز کی مدد کے لیے آنے والے کرد جنگجو اس صورت میں شام سے چلے جائیں گے اگر شمالی شام میں ترکیہ کے ساتھ معاہدہ ہوجاتا ہے۔ ترکیہ کے بڑے مطالبات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ کرد جنگجوؤں کا شام سے انخلا یقینی بنایا جائے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق شامی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

بائیڈن انتظامیہ کے آخری دن، امریکا میں شٹ ڈاؤن کا خطرہ

صدر بائیڈن یوکرین کیلئے ہتھیاروں میں اضافے کی منصوبہ بندی کررہے ہیں، امریکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں بائیڈن انتظامیہ کے آخری دنوں میں بھی شٹ ڈاؤن کا خطرہ بڑھ گیا۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق کل تک عارضی بجٹ پیکج منظور نہ ہوا تو وفاقی اداروں میں جزوی کام رک جائے گا۔ ریپبلکنز اور ڈیمو کریٹس کی مارچ تک فنڈز کیلئے قانون سازی کھٹائی میں پڑ گئی ہے۔ نومنتخب صدر ٹرمپ کی جانب سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

اسرائیل غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی کا ذمہ دار ہے، ڈاکٹرز ود آؤٹ بارڈرز

فلسطینیوں کی نسل کشی اور انہیں جبری طور پر بےگھر کرکے نقل مکانی پر مجبور کیا جارہا ہے، رپورٹ

جنیوا (این این آئی) ڈاکٹروں کی عالمی فلاحی تنظیم ایم ایس ایف (ڈاکٹرز ود آؤٹ بارڈرز) نے اسرائیل کو غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی کا ذمہ دار قرار دیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق ڈاکٹرز ود آؤٹ بارڈرز نے نسل کشی کے بارے میں اسرائیلی جرائم کا تفصیلی ذکر اپنی اس رپورٹ میں کیا ہے جو 14 ماہ سے جاری جنگ پر محیط

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

الخدمت کے تحت بیروزگاروں میں سبزی اور فروٹ کے ٹھیلے تقسیم

کراچی (این این آئی) الخدمت فاؤنڈیشن سندھ کی جانب سے ضلع میرپورخاص کے 10 بیروزگار افراد کو 5 لاکھ روپے مالیت کی سبزیوں اور فروٹ کے ٹھیلے فراہم کئے گئے۔ اس موقع پر میرپورخاص الخدمت کے صدر عرفان الحق، صدر پریس کلب نذیر احمد پنہور، شکیل احمد فہیم اور سلمان خالد سمیت مختلف سماجی شخصیات موجود تھیں۔ شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے عرفان الحق نے کہا کہ اس وقت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
منیجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

ہائیکورٹ کا طالبہ کے اغوا کے کیس میں ایس پی انویسٹیگیشن سٹی کی کارکردگی پر اظہار ناراضگی

شادی کرنے والی کم عمر بچی کو پیر تک دارالامان بھجوانے کا حکم، تفتیش کسی سینئر افسر سے کروانے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے نویں کلاس کی طالبہ کے اغوا کے کیس میں ایس پی انویسٹیگیشن سٹی کی کارکردگی پر اظہار ناراضگی کرتے ہوئے شادی کرنے والی کم عمر بچی کو پیر تک دارالامان بھجوانے کا حکم دے دیا جبکہ فاضل عدالت نے مقدمہ کی تفتیش کسی سینئر افسر سے کروانے اور ایس ایس پی انویسٹیگیشن کو تفتیش کی سپرویژن کرنے کر کے 23 دسمبر کو رپورٹ پیش کرنے کا حکم بھی دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

سندھ ہائی کورٹ نے پولیس کو شہری کی گمشدگی کا مقدمہ درج کرنے کا حکم دیدیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے پولیس کو شہری کی گمشدگی کا مقدمہ درج کرنے کا حکم دیدیا۔ سندھ ہائیکورٹ میں لاپتہ افراد کی بازیابی کی درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ درخواستگزار کے وکیل نے موقف دیا کہ محمد عدیم لیاقت آباد سے 2015 میں لاپتہ ہوا تھا۔ 9 سال سے عدالتوں اور پولیس اسٹیشن کے چکر کاٹ رہے ہیں۔ پولیس نے رپورٹ جمع کرادی۔

لاہور، ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمرا توقیر حیدر کاظمی سے افتخار ٹھاکر ملاقات کررہے ہیں

34 سال سے پلاٹس کا قبضہ نہ دینے کیخلاف درخواست پر حکومت سندھ اور دیگر کو نوٹس جاری

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ نے 34 سال سے پلاٹس کا قبضہ نہ دینے کیخلاف درخواست پر حکومت سندھ، رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائٹی، کے آئی پی واپڈا ایمپلائز کوآپریٹیو ہاسنگ سوسائٹی، ڈپٹی کمشنر سینٹرل کو 22 جنوری کیلئے نوٹس جاری کردیے۔ سندھ ہائیکورٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

امریکہ، حکومتی شٹ ڈاؤن سے بچنے کیلئے بل ایوان نمائندگان میں مسترد

امریکی حکومت کے قرضے سے پریشان ری پبلکن ارکان نے بل کی مخالفت میں ووٹ دیدیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں حکومتی شٹ ڈاؤن سے بچنے کے لئے بل ایوان نمائندگان میں مسترد ہوگیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اخراجات بل مسترد ہونے پر امریکا میں ہفتے کو شٹ ڈاؤن ہوجائے گا، 174 ارکان کی حمایت، 8

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

چیف سیکریٹری سندھ کا کورنگی میں پولیو ورکر پر حملے کا سخت نوٹس، تمام ملزمان کی گرفتاری کا حکم

کراچی (این این آئی) چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے کورنگی میں پولیو ورکر پر ہونے والے حملے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے ایڈیشنل آئی جی کراچی کو تمام ملزمان کی فوری گرفتاری کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پولیو ورکرز پر تشدد کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور اس سنگین واقعے میں ملوث افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔

مصر، سگی ماں نے بیٹی کو قتل کر کے نعش کچرے میں پھینک دی

اہل محلہ کو کچرے کے ڈرم میں کم عمر بچی کی نعش ملی جس کا سارا جسم خون میں ڈوبا ہوا تھا

قاہرہ (این این آئی) مصر میں سگی ماں نے کم عمر بیٹی کو قتل کر کے نعش کچرے کے ڈرم میں پھینک دی۔ عرب ٹی وی کے مطابق ہولناک واقعہ مصر کے علاقے العتوش میں پیش آیا جب اہل محلہ کو کچرے کے ڈرم میں کم عمر بچی کی نعش ملی جس کا سارا جسم خون میں ڈوبا ہوا تھا۔ اہل محلہ نے فوری طور پر پولیس کو مطلع کیا۔ پولیس نے نعش تحویل میں لے کر واقعے کی تحقیقات شروع کردیں۔ قتل کا معمہ سلجھاتے ہوئے تحقیقاتی آفیسر اس ویڈیو تک پہنچ گیا جو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

وزیراعلیٰ وقابض میئر کی نااہلی، پانی کا بحران، جماعت اسلامی (آج) 15 مقامات پر احتجاجی مظاہرے کریگی

وزیراعلیٰ سندھ کا 50 فیصد شہر کو پانی کی قلت کا اعتراف اپنی نااہلی اور پیپلز پارٹی کی 16 سالہ بدترین حکمرانی کا اعتراف ہے، منعم ظفر خان کی پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے کہا ہے کہ نصف کراچی آج بھی پانی سے محروم ہے، وزیر اعلیٰ سندھ کا 50 فیصد شہر کو پانی کی قلت کا اعتراف اپنی نااہلی اور پیپلز پارٹی کی 16 سالہ بدترین حکمرانی کا اعتراف ہے، وزیر اعلیٰ،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

لاہور، وائس چانسلر ڈاکٹر محمد علی کو صدر پنجاب یونیورسٹی اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن ڈاکٹر امجد مگسی کی سربراہی میں وفد کی طرف سے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا جارہا ہے



25 دسمبر یوم قائد کے عظیم الشان موقع پر
روزنامہ "قوت" خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے۔ تمام
نمائندگان اپنے اشتہارات، انٹرویوز 22 دسمبر 2024 تک
ادارہ ہذا کو میل کردیں تاکہ اچھی کوریج دی جاسکے
انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان
Dailyquwat786@gmail.com
PH:0302-1228000/0322-4181870